شیعہ سنی مناظرہ
مولانا عبدالشکور صاحب
(کاکوروی)
75/-

وما النصر الا من عند الله العزیز الحکیم

حسب فرمائش جناب مولوی محمد عبد الشکور صاحب عرف رسالہ ہذا کتاب

النصرة الغیبیہ

علی

الفرقة الشیعیہ

باہتمام اضعف الانام محمد عبداللہ صدیقی تاجر کتب لکھنؤ چوک مالک مطبع مجتبائی

در مطبع مجتبائی لکھنؤ مطبوع شد

فہرست کتب مختصر موجودہ دُکان محمد عبد اللہ تاجر کتب لکھنؤ چوک و مالک مطبع مجتبائی لکھنؤ

واضح ہو کہ راقم کی دُکان مین تمام علوم و فنون کی کتب کا ذخیرہ فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست ۲ کا ٹکٹ بھیجنے پر
پیڈہ والا ہیرنگ حسب لطلب شائقین روانہ کیجاتی ہی تاجرون کو بہ نرخ تاجرانہ ہر طور کا مال ملسکتا ہی جنکے معاملات خط و کتابت
جوابی سے طی ہونگے اسلیے علاوہ اشیا ساخت لکھنؤ مثل چکن و فرد زرائی و لحاف و عطریات و روغن خوشبودار و ادویہ مرکبہ مفردہ ہر مرض و عناب
ہر قسم بذریعہ ویلیو پی ایبل پارسل روانہ کیجاتی ہین جو صاحب کتاب یا نقشہ حسب زنانہ مین چھپوانا چاہین عمدہ طور سے اوسکا معاملہ طی ہوسکتا ہے

نام کتاب

- قرآن شریف ہر قسم مترجم و سادہ
- حمائل شریف
- تفسیر سورہ البقر فارسی مولفہ شاہ عبد العزیز صاحب
- ایضاً پارہ تبارک الذی
- ایضاً پارہ عم
- تفسیر ترجمان القرآن
- جواہر التفاسیر
- خلاصۃ التفاسیر از اول تا پنجم
- تفسیر سورہ یوسف
- تفسیر سورہ فاتحہ
- بلوغ المرام
- گریۂ بتول
- رحلت بتول
- مولود شریف شہید
- مولود شریف جدید
- مولود شریف حبیبی
- مولود سعید حصہ اول
- ایضاً حصہ دوم
- رحمت الرحیم لکھنؤ
- ایضاً دہلی
- بہار جنت
- سیر الاولیا
- مجموعہ ملفوظات

نام کتاب

- خواجگان بزرگ
- جسمین انیس الارواح و دلیل العارفین
- فوائد السالکین
- راحۃ القلوب
- جملہ چار رسالے شامل ہین
- مرآۃ الناصحین
- طوالع الفراسخ بزرگون کے حالات مین عمدہ کتاب ہے
- پارہ بخاری شریف
- اردو بازار اول تا نہایت
- ذم فی پارہ
- غیاث اللغات
- کریم اللغات
- منتخب اللغات
- بہار ہند اردو کا لغت شعرا کے لیے بہت مفید ہر محاورہ پیز ایک مثالیہ شعرا ساتذہ
- کاتم بر قابل دید ہی
- شرح قطعہ اردو کامل
- مجربات اکبری
- الترياق الکبیر

نام کتاب

- علاج الغربا
- قصہ ممتاز
- داستان امیر حمزہ کامل ہسات جلد و نگین خاص لکھنؤ کی زبان مین چھپا ہے
- الف لیلہ اردو
- طلسم ہوشربا اول
- ایضاً جلد دوم
- ایضاً جلد سوم
- ایضاً جلد چہارم
- پنجم حصہ اول
- پنجم حصہ دوم
- ایضاً حصہ ششم
- ایضاً حصہ ہفتم
- نوشیروان نامہ
- ایضاً جلد دوم
- کوچک باختر
- بالا باختر
- ایرج نامہ
- ایضاً جلد دوم
- سیر کہسار کامل
- اردوے معلے غالب
- جادو کا کھیل

نام کتاب

- مداری کا تماشہ
- قانون راگ
- نغمہ سرود ہر دو حصہ
- نغمہ آرا ہر سہ حصہ فی حصہ
- جادوے فرنگ یہ رسالہ طرز جدید عمدہ طور سے لکھا گیا ہی
- نغمۂ جانفزا معروف
- یاقوت روح
- نغمہ عشاق کامل
- نغمۂ بلبل چہک
- نغمۂ دلدوز
- لطائف اکبر دو حصہ
- نکات بیربل
- مرقع لطائف ہر چہار حصہ فی حصہ
- گلشن جانفزا
- فسانۂ گلشن
- فسانۂ شیرین
- قصۂ ٹھگ حصہ اول
- ایضاً حصۂ دوم
- طلسم الفت
- ایضاً باتصویر
- قصۂ حاتم طائی

نام کتاب

- باغ بہار
- فسانہ عجائب
- گلشن وقار
- دیوان داغ
- ایضاً جلد دوم
- دیوان عاشق
- دیوان قلق دہلوی
- کلیات قمر تسیر
- کلیات امام بخش صہبائی
- ضابطۂ دیوانی
- ایضاً نولکشوری
- ضابطۂ فوجداری
- تعزیرات ہند
- ایضاً مع شرح
- فسانہ آزاد کامل
- قانون معاہدہ
- قانون شہادت
- ہشت اشرا عیسوی
- انتخاب آئین شیام لال
- جسمین کل قوانین و سرکلرات و احکام ضروری
- گورنمنٹ گزٹ حرف بحرف ہر چہار پاہی گورنٹ مندرج ہین
- آرائش رسالت پناہی

نام کتاب

- مقناطیس القلوب
- طلسمات منازل قمر
- الواح الجواہر
- رسالہ اصول شطرنج مع نقشجات جس سے قواعد بآسانی تمام معلوم ہو سکتے ہین
- ہدیۃ الاحبا
- کشاف النجوم
- نیر اعظم نجوم مین نہایت ہی نادر رسالہ قابل ہے
- احکام النجوم
- شمس الرمل
- محبوب الرمل
- میدان الرمل
- تسہیل الرمل فن رمل کے اصول کی کتاب ہی جسکے قواعد و ضوابط یاد کرنے سے اس فن مین انسان استخراج احکام پر قادر ہو جاتا
- ملفوظ زراقی مع مناقب زراقی

وما النصر الا من عند اللہ العزیز الحکیم

للہ الحمد والمنہ کہ از تالیفات مولوی محمد عبد الشکور صاحب سلمہ رسالہ

النصرۃ الغیبیہ علی الفرقۃ الشیعیہ

باہتمام اضعف الانام محمد عبد اللہ صدیقی تاجر کتب لکھنؤ چوک و مالک مطبع مجتبائی

در مطبع مجتبائی لکھنؤ مطبوع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لاہلہ والصلوۃ علی اہلہا

امابعد اول خلیقہ بندہ سرتاپا گناہ امیدوار رحمت رب کریم وشفاعت حضرت خاتم النبیین علیہ وعلی آلہ وصحبہ افضل صلوۃ وتسلیم خادم الطلبہ **محمد عبد الشکور** کاکوروی ابن مولوی شیخ محمد ناظر علی ابن طبیب شیخ محمد فضل علی عفا اللہ عنہم وتجاوز عن سیاٰتہم بجاہ رسولہ الروف الرحیم بعد اہدای سلام سنت سینہ سلام خدمت مین ارباب فضل وکمال ناظرین باتمکین وسامعین سراپا دانش ودین کے عرضہ پرداز ہی کہ یہ فاقد الاستعداد قلیل البضاعت عدیم الفرصت ناآشنای منزل علم ودانائی آوارہ دشت جہل ونادانی اپنے کو ہرگز ہرگز کسی طرح اس قابل نہین سمجہتا تہا کہ اس میدان عظیم الہیبۃ والشان مین جو مخیم علمای اعلام ہی اپنے ناتوان قدم کو رکہے اور اس جلسہ باعظمت وجلال کے معزز حاضرین کی مقدس فہرست مین یہ احقر الانام بہی داخل ہو اور اس مجلس رفیع المکان کی باعزت مسندونکو اپنی ذات ننگ کائنات سے آلودہ کرے اور اس بزم منور کا ایک بدنما دہبہ معلوم ہو ورنہ اب سمجہتا ہون اور واقع مین بہی ایسا ہی ہی لیکن میرے ایک مکرم دوست نے اس مناظرہ کا ذکر جمیل انعقاد سے کئی روز پیشتر کچہہ بطور اجمال اس عنوان سے مجہکو سنایا تہا کہ جسکے معنون کے خارج مین پائے جانے اور اوس حکایت کے محکی عنہ کو اپنی آرزومند نظرون سے دیکہنے کا از حد مشتاق ہو کر اون سے کہنے لگا کہ جس روز یہ جلسہ منعقد ہو براہ عنایت ومہربانی مجہکو بہی اپنے ساتہہ

ے لیجییگا جسکے جواب مین میرے محب ایمانی نے یہ فرمایا کہ اگر تمسے کسی نوع کے مدد کی
توقع ہو توخیر ورنہ وہان جانے سے کیا نتیجہ کچہہ کثرت تعداد اشخاص تو دکہلانا منظور ہی
نہین مین نے پوچہا کہ یہ مناظرہ کس باب مین ہی اونہون نے فرمایا کہ حضرات اہل تشیع
آیات قرآنی سے حضرت مرتضیٰ علی کرم اللہ وجہہ کو خلیفہ بلا فصل ثابت کرین گے
اور ہمارے مناظر مولوی محمد عبدالحکیم صاحب اوسکو رد کرینگے اسکے جواب مین احقر نے
عرض کیا کہ واقعی مجہسے اِس معاملہ خاص مین کسی نوع کے مدد ملنے کی توقع نہین کیجا سکتی
اسلیے کہ مجھے علم تفسیر مین کما ینبغی فی ہذا الباب بلکہ کسی قسم کی مہارت کیا بلکہ مداخلت
بھی نہین ہی چہ جائیکہ کسی آیت سے استدلال کرنا یا استدلالات حضرات اہلِ تشیع
کو حسب قاعدہ رد کرنا اور اسمین ملاک الامر مطالعہ کتب کلامیہ فریقین ہی کہ جس سے
معلوم ہو کہ علمای حضرات اہلِ تشیع بمقابلہ علماے اہلِ سنت کس نہج سے استدلال
کرتے ہین اور علماے اعلام اعلٰہم اللہ دار السلام اونکا جواب باصواب کس ڈہنگ سے
دیتے ہین اسلیے کہ یہی موجب بصیرت ہی اور بندہ ناکارہ ابتک اِن سب امور سے محروم ہی
خصوصاً کتب کلامیہ فریقین و کتب اصول و قواعد حضرات اہلِ تشیع سے تو بالکل
نابلد ہی حتی کہ علم کلام اہلِ سنت کی اسقدر مشہور و معروف کتاب یعنی تحفہ اثنا عشری
تصنیف منیف حضرت علامۂ دہلوی صانہا اللہ من مطالعۃ کل غبی و غوی کے دیکھنے
کا بھی اتفاق بنظر تدقیق و تحقیق نہین ہوا اور یون سرسری نظر سے اگر کبھی دو تین سطرین
دیکھہ بھی لی ہون تو اوس سے کیا نفع ہو سکتا ہی اور مین نہین بلکہ جسقدر طالب علم

درسیات کے ہین ادن ہین سے کسی کو اسطرف توجہ نہین ہوتی اسلیے کہ اُن بیچارون کو اپنے
درسیات سے اسقدر فرصت کہان ملتی ہی جو وہ کسی کام کی طرف توجہ کرین۔
فضلاً عن هٰذِهِ الامرِ الَّذِي يَطْلُبُ جُزءاً عظيماً مِنَ الزَّمانِ وَالفِعْلِ المُهتمِّ بِالشَّانِ
مگر حمیت دینی وحمایت ایمانی نے میرے ان سب خیالات کو پس پشت ڈالدیا اور ہر چند
کہ مین بباعث اپنی عدم قابلیت ونقدان لیاقت کے کہ جسکو بمقتضای من آنم کہ من دانم
مین ہی خوب جانتا ہون عذر کرتا رہا لیکن ایک عذر بھی سماع قبول مین نہ آیا اور فرمایا کہ
درہدایت سرائے قرآن آسے ادب آموز از کلام خدا سے
یعنی نصرت وظفر منجانب اللہ ہی کچھ قابلیت ولیاقت پر موقوف نہین ہی چنانچہ فرماتا ہی
وَمَا النَّصرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ العَزِيزِ الحَكِيمِ اور علاوہ اسکے بارہا بطفیل اپنے رحمت خاصہ کے
اوسنے تم لوگونکی فتح وظفر کا وعدہ فرمایا ہی پس ایسے ہی صادق الوعد قدیر کی رحمت
کاملہ سے ناامید ہونا موجب خسران دنیا وآخرت ہی اس کلام ہدایت انضمام کے
سننے سے عزم جزم شرکت جلسہ کا پیدا ہوا اور دوسرے جلسہ سے بندہ بالالتزام شریک
ہونے لگا اور جو کام کہ مولوی محمد عبد الحکیم صاحب بندہ کے لائق سمجھتے تھے اس اول
خلیفہ کے متعلق فرمانے لگے اور بواعث معرفت فیما بین بندہ وجناب مولوی محمد عبد الحکیم صاحب
ونیز سید محمد ہادی صاحب سے کہ جو بانی مناظرہ ہین یہی جلسہ ہی یہ تھا سبب شرکت
کمترین کا اس جلسہ مین لیکن سبب انعقاد جلسہ پس جو مجھسے سید محمد ہادی صاحب نے
بیان کیا ہی لکھتا ہون اور چونکہ بعض بعض امور کہ جو مولوی محمد عبد الحکیم صاحب کے متعلق ہین

اونکی تصدیق مولویصاحب موصوف بہی کرتے ہین اور خارج سے بھی بعض بعض واقعات
کی تصدیق بندہ کو پہونچی ہی چنانچہ آیندہ بیان کرونگا اس باعث سے مجھے امید واثق ہی کہ
سید محمد ہادیصاحب اس معاملۂ خاص مین صادق المقال ہین اور یہی باعث ترجیح
اس سبب مناظرہ کا اوس سبب مناظرہ پر ہی کہ جو حضرات اہلِ تشیع بیان فرماتے ہین
فلمذ کرہٗ سید محمد ہادی صاحب بیانؐ کرتے ہین کہ ایک روز سید احمد رضا صاحب
مجھسے بر سبیل تذکرہ فرمانے لگے کہ جو مسائل کہ فیما بین اہلِ تشیع و اہلِ تسنن مختلف
فیہا ہین اون سب کی بنا مسئلہ خلافت پر ہی اہلِ تشیع فرماتے ہین کہ جناب امیر علیہ السلام
خلیفہ رسول اللہ بلا فصل ہین اور آپ لوگ اونکو چوتھے درجہ پر خلیفہ مانتے ہین افسوس
آپ لوگ بالکل غور نہین فرماتے اور اپنے مطلب کے موافق نصوص صریحہ کی تاویلات
رکیکہ کرتے ہین اور عترت طاہرہ نبوی کو چھوڑ کر دوسرون سے تمسک فرماتے ہین
حالانکہ حضرت رسالت مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبل از وفات وصیت فرمائی تہی

۱ لیکن ہین ایسا کہ اسکی نسبت مجھے نہین کہہ سکتا کہ جو الفاظ بروقت اس معاملہ کے واقع ہوے تھے بعینہ وہی الفاظ سید محمد ہادی صاحب نے بعینہ اعادہ کیے [illegible] واقع ہوگیا ہے [illegible] کہ جملہ الفاظ وہ ہونگے

۲ اور علی ہذا مین بہی اسکا دعوے نہین کرتا کہ جو الفاظ سید محمد ہادیصاحب نے بیان کیے ہین بعینہ انہین کا اعادہ کر رہا ہون ہان حفظ مضمون و عدم تغیر معنے کا البتہ ذمہ وار ہون ۱۲ منہ عفا اللہ عنہ

۳ سید احمد رضا صاحب اور سید محمد ہادی صاحب سے [illegible] باعث ہوئی کہ اس ملاقات کا باعث [illegible] حضرات شیعہ [illegible] محمد ہادی صاحب کی [illegible] بیان [illegible] باعث سے اون کی [illegible]

۳ اکثر اون لوگون سے بیان جاری رکھتے اور سید احمد رضا صاحب اون کے ماموں زاد بھائی سید محمد حسین صاحب کے دوست ہین اس باعث اون سے ملاقات بھی [illegible]

مولوی سید محمد صاحب یہ باتین جناب امیر کے عہد خلافت مین ہوئی ہین مین نے کہا جناب امیرؑ کی عہد خلافت مین نہ تمکین دین ہوئی اور نہ اہل اسلام کو ایمنی جیسا کہ تواریخ فریقین سے بلکہ تواریخ غیر اہل اسلام سے بھی واضح ہی علاوہ برین آپکی تفسیر خلاصۃ المنہج مین ملا فتح اللہ کاشانی نے اس آیت کی تفسیر مین لکھا ہی کہ در اندک زمانہ حق تعالیٰ بوعدۂ مومنان وفا نمودہ کہ جزائر عرب و دیار کسرے و بلاد روم بدیشان ارزانی فرمودہ یہ کن حضرات کے عہد خلافت مین ہوا۔

مولوی سید محمد صاحب ملا کاشانی نے جھک مارا ہی اوسکو کیا تمیز ہی اس سے تو فتح خیبر و مکہ مراد ہی۔

مین نے کہا کہ جناب اسقدر غصہ نہ فرماوین کمترین نے تو بطریق استفادہ پوچھا تھا۔

مولوی سید محمد صاحب مین آپ کے ساتھ گفتگو کر کے تضیع اوقات کرنا نہین چاہتا آپ علمائے فرنگی محل مین سے کسی کو لے آئیے تو مین اون سے گفتگو کرون اور وہ میرے کلام کو سمجھین گے بھی۔

مین نے کہا کہ علمائے فرنگی محل کی کیا ضرورت ہی اگر آپ ارشاد فرماوین اور مناظرہ مقرر کرین تو مین کسی اور کو لے آؤن۔

مولوی سید محمد صاحب اچھا بہتر ہی مگر خواہ آپ خواہ وہ اصول مین بحث کرین اگر مین اونکے اصول کو باطل کردون تو آپ لوگ مذہب اہل تشیع کا اختیار کر لین اور اگر آپ میرے اصول کو باطل کر دین تو مجھکو بھی کوئی عذر نہین ہی۔

ہین سے ...کیا ظاہر ہو بعد اسکے ہین مولوی محمد عبدالحکیم صاحب کو لیکر گیا مولوی

سید محمد صاحب مولوی مولوی صاحب موصوف کو دیکھتے ہی فرمانے لگے کہ آپ تو میرے

جناب مولانا مولوی محمد عین القضاۃ صاحب قبلہ کے یہان ہم سبق تھے

مولوی محمد عبدالحکیم صاحب نے کہا بیشک۔

مولوی سید محمد صاحب مین چونکہ عدیم الفرصت رہتا ہون آپ عبقات الانوار

کو ملاحظہ فرماوین اوسمین جواب دیدیے گئے ہین یا جناب مولوی ناصر حسین صاحب کے

پاس تشریف لیجائیے وہ آپ کی تسکین فرمادینگے۔

مولوی محمد عبدالحکیم صاحب مین نے عبقات الانوار دیکھی میرے نزدیک وہ احادیث

ضعیفہ و موضوعہ و ماولہ بتاویلات رکیکہ محض بے اصل سے پر ہی چنانچہ ایک

حدیث مجھے یاد ہی جو صاحب عبقات نے خلافت بلافصل کی سند مین پیش کی وہ یہ ہی

مَنْ كُنْتُ وَلِيُّهُ فَعَلِيٌّ وَلِيُّهُ وَمَنْ كُنْتُ إِمَامُهُ فَعَلِيٌّ إِمَامُهُ اگر اس

حدیث کی صحت کو ہم تسلیم بھی کرلین تب بھی کچھہ اون کے مفید نہین ہی اسلیے کہ ولی

بمعنی محب اور امام بمعنی ہادی اکثر استعمال پاتا ہی چنانچہ ملاحظہ کلام عرب سے واضح ہی

و نیز کلام مجید مین کئی جگہہ ولی بمعنی محب اور امام بمعنی ہادی آیا ہی پس ان معانی کے

ارادہ کرنے کا کون مانع ہی اور اوس معنے کے ارادہ کرنیکو کون مقتضی ہی اور مین کئی

مرتبہ جناب مولوی ناصر حسین صاحب کی خدمت مین گیا کہ کچھہ استفادہ کرون لیکن

جناب ممدوح سے ملاقات نہ ہوئی اور ... دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ اونکو

بہت کم فرصت ہوتی ہی اور عبقات کی مجلدات جو مولوی حامد حسین صاحب ناتمام چھوڑ گئے ہین اونکو پورا کرتے ہین۔

مولوی سید محمد صاحب چار بجے آپ تشریف لائے ہین دن مقرر کردون کہ اوسی وز مباحثہ ہوا کرے۔

مین نے عرض کیا کہ مولوی محمد عبد الحکیم صاحب تو نہ تشریف لاسکین گے لیکن مین حاضر ہونگا آپ دن مقرر فرمادیجئیگا بعد اُسکے وقت معینہ پر مین خدمت مین جناب موصوف کے گیا وہ وعظ فرمارہے تھے بعد فراغ کے حاضرین مجلس وعظ نے پوچھا کہ جناب آج صبح کو کیا واقعہ ہوا تھا اور کون آیا تھا جناب مولوی صاحب نے میری طرف اشارہ فرماکر کہا کہ یہی آئے تھے اوسوقت بھی مین نے کہا تہا کہ عدیم الفرصت ہون اور اب بھی کہتا ہون کہ بسبب درس وتدریس کے مجھکو فرصت بہت کم ملتی ہی۔

مین نے عرض کیا جناب والا نے پھر کیون اسوقت کمترین کو طلب کیا تہا اور تعیین یوم کا کیون وعدہ فرمایا تہا۔

مولوی سید محمد صاحب آپ میرزا رضا علی صاحب کے پاس مفتی گنج مین جائیے وہ آپ کی تسکین کردینگے اور مین تو بالکل نحیف الجثہ ہون اور ضعف دماغ کی بھی شکایت رکھتا ہون۔

مین نے عرض کیا کہ جناب قبلہ یہان جثہ کا کیا کام ہی قطع نظر اس سے مولوی محمد عبد الحکیم صاحب سے تو کچھ قوی الجثہ نہین ہین رہگئی شکایت

۴ ان الفاظ کی نسبت بھی جو سید محمد ہادی صاحب نے عین ان بعینہ مولوی سید محمد صاحب کے فرمودہ ہین ۱۲ منہ عفا اللہ عنہم

تو آپ نے پیشتر کیون اس شد و مد سے دعوی فرمایا تھا اور علمائے

فرنگی محل کی کیون خواہش کی تھی حاضرین جلسہ وعظ مین سے شیخ کلیم صاحب فرمانے

لگے کہ آپ مطمئن رہین جمعہ کو تشریف لائیگا برابر مناظرہ ہوگا۔

مین نے کہا کہ بہت خوب۔ چنانچہ مین حسب وعدہ قبل جمعہ کے شیخ کلیم صاحب کے

پاس گیا وہ مجھکو مولوی نادرحسین صاحب عرف منے آغا صاحب کی خدمت مین

لے گئے اور یہ فرمایا کہ یہ اپنا رفع شک کرنا چاہتے ہین۔

منے آغا صاحب بہت بہتر جو کچھ شک ہو وہ فرمائیے۔

مین نے عرض کیا کہ دن مقرر ہوگیا ہی اور ہماری جانب سے مولوی محمد عبدالحکیم صاحب

مناظر قرار پائے ہین اب آپ اس جانب سے جن صاحب کو چاہیے معین فرمادیجیے

وہ دونون صاحب جس بات کو طی کردین گے اوسکو مین قبول کرونگا۔

منے آغا صاحب ابھی مین کچھ نہین کہتا ہون جمعہ کو آپ تشریف لائیگا آپ کا

رفع شک کردیا جائیگا۔ اسکے بعد مین واپس آیا اور حسب وعدہ یوم جمعہ

وقت دو بجے دن کو مع مولوی محمد عبدالحکیم صاحب کے شیخ علی عباس صاحب وکیل

درجۂ اول کے مکان پر جہان مولوی نادرحسین صاحب عرف منے آغا صاحب

تشریف رکھتے ہین گیا لیکن مولوی سید محمد صاحب تشریف نہین لائے تب مین نے

منے آغا صاحب سے پوچھا کہ جناب مولوی سید محمد صاحب کیون تشریف نہین لائے

سید مہدی حسن صاحب قبلہ خویش جناب قبلہ وکعبہ مولوی حامد حسین صاحب
مرحوم قرار پائے ہین اسکے بعد بہت دیر تک جناب مولوی صاحب ممدوح کا انتظار
کیا گیا معلوم نہین کہ جناب ممدوح کس ضرورت شدیدہ کے باعث تشریف نہ لا سکے تب
مولوی شیخ فدا حسین صاحب اثنا عشری سے کہ اوسوقت وہان تشریف رکھتے
تھے مناظرہ شروع ہوا دو یوم قبل از شروع مناظرہ مولوی محمد عبد الحکیم
صاحب نے یہ شرائط پیش فرمائے تھے کہ اگر آپ خلافت بلافصل جناب امیر کی
آیات قرآنیہ سے ثابت فرماوینگے تو ہم شیعہ ہو جاوینگے اور اگر آپ ثابت
نہ کر سکین گے تو آپ کو اقرار کرنا ہوگا کہ خلافت بلافصل آیات قرآنیہ سے
ثابت نہین ہو سکتے اوسوقت ہم کسی آیہ قرآنیہ سے حقیت خلافت حضرت
صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کو ثابت کرینگے اگر ہمنے ثابت کر دیا تو آپ کو بھی
مذہب اہل تسنن کا اختیار کرنا پڑیگا اسکے بعد ایک جلسہ تاریخ ہفتم ذیقعدہ
سنہ ۱۳۱۲ ہجری یوم جمعہ کو مکان شیخ علی عباس صاحب وکیل درجۂ اول مین ہوا
اور دوسرا جلسہ چار دہم ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۲ ہجری یوم جمعہ کو مکان مسجد آغائی صاحب
واقع محلہ چاہ کنکر مین ہوا اور مولوی محمد عبد الحکیم صاحب نے استدعا کی کہ
نواب مولوی سید مہدی حسن صاحب کہ جو اصل مناظر تھے آیندہ سے وہی
بحث فرماوین یہ بات منظور کی گئی اور تیسرا جلسہ بست و یکم ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۲ ہجری بمقام
بارہ دری آغا حسنو صاحب واقع محلہ چاہ کنکر مین ہوا اور اوس مین مناظرہ

پندرہ پیپران اسی جلسہ ۱۷ اپریل مناظرہ ہوا ۱۲ منہ عفا اللہ عنہ

جناب مولوی مہدی حسن صاحب رہے لیکن اِن تین جلسون مین کچھہ باتین
خلاف ضابطہ کہ جو بالکل ما نحن فیہ سے خارج تھین ہونے لگین تب باتفاق
فریقین یہ سب بحثین ترک کرکے جمعہ آیندہ سے ازسر نو مناظرہ
شروع کرنے کی راے ہوئی اور اِس جلسہ کی برخاستگی کے بعد مولوی
مہدی حسن صاحب نے یہ سوالات فرمائے تھے۔

کس قسم کے علما کے اقوال و روایات کو آپ معتبر مانینگے جبس حدیث کے
رواۃ کے جارحین بکثرت اور معدلین بقلت ہون یا امر بالعکس ہو یا تساوی
ہو یا معدّلین زیادہ وجارحین کم لیکن معدلین وثاقت وعلم وجلالت قدر مین
بڑھے ہوئے ہون یا امر بالعکس یا کوئی حدیث ایسی کہ اوسکے بعض علماے
اہلِ سنت قائل ہین اور اکثرین اوسکے خلاف پر لیکن علماے اہلِ تشیع نے
اوس بعض کی معاضدت کی ہی تو ان احادیث مین سے کس قسم کی حدیث
آپ پر حجت ہوسکتی ہی جسکے جواب مین اِس طرف سے چند قواعد کلیہ بطور
شرائط کے لکھے گئے حضرات اہلِ تشیع اون علما کے اقوال و روایات سے
اہلِ سنت پر حجت لاسکتے ہین کہ جنکا اہلِ سنت ہونا بالقطع ثابت ہوگیا ہی
بشرطیکہ اونکا قول کسی حدیث قوی یا اکثر اہلِ فن کے مخالف نہو اور اسی
طرح حضرات اہل سنت اہل تشیع کے اون علما کے اقوال و روایات سے حجت
لاسکتے ہین کہ جنکا اہل تشیع ہونا بالقطع ثابت ہوگیا ہو بشرطیکہ اونکا قول

وروایت کسی حدیث قوی یا اکثر اہل فن کے مخالف نہو اور کتب مین اون
کتب کی عبارت سے استدلال ہو سکتا ہی کہ وہ کتب جن مصنفین کی طرف
منسوب ہین اونکا اون مصنفین کی تصانیف سے ہونا بالقطع ثابت ہوگیا ہو بشرطیکہ
اونکی عبارت کسی حدیث قوی یا اکثر اہلِ فن کے مخالف نہو مناظرہ اس ترتیب
سے ہوگا کہ اولاً حضرات اہلِ تشیع ایک آیت (اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہ الخ)
سے خلافت بلافصل جناب امیر کی ثابت فرماوین اگر نوبت اول مین خلافت
بلافصل ثابت ہوجاویگی تو فیصلہ ہوجائیگا یعنی اہلِ سُنت بلاتاخیر مان لین گے
اور پہر اہلِ تشیع سے کوئی دلیل طلب نکرینگے اور مناظرہ ختم ہوجائیگا اور اگر نوبت
اول مین خلافت بلافصل جناب امیر کی ثابت نہوئی تو نوبت ثانیہ مین
اہلِ سنت اثبات حقیت خلافت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ وارضاہ مین
کوئی آیت پیش کرینگے اگر اوس سے مدعای اہلِ سُنت ثابت ہوگیا تو حضرات
اہلِ تشیع بلاتاخیر مان لینگے اور کوئی دوسری دلیل اہلِ سنت سے طلب نکرینگے
اور مناظرہ ختم ہوجائیگا اور حدیث مین اہلِ سُنت کے نزدیک جرح مفسر تعدیل
پر مقدم ہوتی ہی اور جرح مبہم غیر مقبول اور جارح اور معدل مین جو شرائط ہین
جب تک وہ نپائے جائینگے اوسوقت تک اونکی جرح یا تعدیل ہرگز مقبول نہوگی
اور اگر کوئی ثقاۃ محدثین مین سے کسی حدیث کو بغیر ذکر سند کے صحیح لکھدی
وہ معتبر ہے اور اگر کسی امر تاریخی کی ضرورت پیش آوے اور تواریخ معتبرہ سے

پیش کیا جاوے وہ واجب القبول ہی لیکن چونکہ اس عرصہ مین مولوی مہدی حسن صاحب کسی ضرورت سے لکھنؤ سے باہر کہین تشریف لے گئے تھے اور بجاے اونکے تاوقت تشریف آوری جناب موصوف مولوی فدا حسین صاحب مناظر قبول کئے گئے تھے لہذا اذل خلیفہ مع مولوی عبد الباری صاحب و سید محمد ہادی صاحب مولوی فدا حسین صاحب کی خدمت مین واسطے طی کرنے اُن شرائط کے گیا اون شرائط کو جناب ممدوح نے ملاحظہ کرکے فرمایا کہ اِن شرائط کے سبب سے میدان مناظرہ بہت تنگ ہو جائیگا عرض کیا گیا کہ اگر آپ ایسا خیال فرماتے ہین تو نوبت اوّل ہم لوگون کو عنایت ہو دیکھیے کہ ہم کس حسن و خوبی کے ساتھہ بعنایت ایزدی حقیت خلافت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بپابندی انہین شرائط کے ثابت کئے دیتے ہین یا یہ ثابت فرما دیجیے کہ یہ شرائط خلاف اصول ہین یا یہ اعتراف فرمائیے کہ بہ پابندی اِن شرائط کے خلافت بلا فصل ہمسے ثابت نہوسکیگی مگر افسوس کہ مولوی صاحب موصوف نے کسی بات کو منظور نفرمایا اوسیوقت ہملوگونکو پورا یقین ہوگیا تھا کہ یہ حضرات چاہتے ہین کہ اقوال غیر معتبرہ و روایات غیر صحیحہ سے ہملوگونکو ملزم کرین لیکن اِن شرائط کی منظوری پر اصرار کرنیمین چونکہ شکستگی جلسہ متصور تھی اسلیے زیادہ جد و کد نہین کی گئی اور یہ خیال کرکے کہ جسوقت یہ حضرات اِس قسم کی روایات و اقوال سے احتجاج کرینگے اوسیوقت انہین قواعد کے ذریعہ سے اونکی نامقبولی و غیر معتبری ثابت کردیجائیگی ہملوگ واپس آئے اور حسب دستور جمعہ کو مناظرہ قرار پایا ادہر ہم سب لوگ یوم معین پر مکان معین مین گئے اور مولوی شیخ فدا حسین صاحب نے اِس طور پر تقریر شروع فرمائی عہ

عہ صفحہ ایک سے کہ جو اس صفحہ کے ہندسہ کے حساب سے ۱۶ اصفحہ ہی ملاحظہ فرمادین ۱۲ منہ عفی عنہ

تقریر مناظرہ واقع بارہ دری آغا حسنو صاحب یوم جمعہ تاریخ بست و ہشتم ۲۸ ماہ ذیقعدہ ۱۳۱۲ ہجری یوم جمعہ وقت آٹھ بجے صبح

جناب مولوی شیخ فدا حسین صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم ولہ الحمد کما ینبغی لجلال وجہہ الکریم والصلوٰۃ علی نبیہ النبیہ محمد والہ السادۃ الاہامیم القادۃ موالیہم الی دار النعیم ومبغضیہم الی نار الجحیم صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہ وعلیہم ماھب نسیم وجری تسنیم وتاخر حادث عن قدیم حاضرین جلسہ اثبات خلافت بلا فصل حضرت امیر المؤمنین یعسوب الدین وقاتل المشرکین و قاید الغر المحجلین واکبر آیات الرسالۃ سید المرسلین ومظہر جلال اللہ وقدرتہ بین الخلائق اجمعین الغالب علی کل غالب مطلوب کل طالب اسد اللہ الغالب لیس الغی ابن غالب علی بن ابی طالب صلواۃ اللہ وسلامہ علیہ ماطلع نجم غارب فی المشارق والمغارب کے لئے جو آیۂ کریمہ انما ولیکم اللہ ورسولہ الآیہ کمترین نے پیش کی تھی اوسکی تقریر کے دو جزو قرار دیے گئے ہین جزو اول اس امر کے اثبات مین کہ اس آیت کا شان نزول علی الاصح حضرت امیر المؤمنین صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہ الی یوم الدین

یافته شد اکثرے موافق روایات اہلِ سنت کہ حضرت امیر
با ایشان موافق ومناصح بود حین الحیوة ومشورہ نیک میداد
چنانچہ در قصہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ از نہج البلاغہ
منقول شدہ ونیز بعد موت برایشان ثنا فرمود واعمال ایشان
را پسندید وشہادت بخیریت ونجات داد چنانچہ للہ بلاد ابی بکر
الی آخر الخطبہ نیز از نہج البلاغہ منقول شدہ واکثر روایات شیعہ
مخالف این نیز یافتہ شد پس اہلِ سنت متفق علیہ را اخذ
نمودند ومختلف فیہ را کہ محض شیعہ باوصف معلوم بودن حال
رواۃ ایشان روایت میکنند طرح کردند لان العاقل یاخذ
بالمتفق علیہ ویترک المختلف فیہ اس عبارت سراپا بشارت
سے یہ امر بخوبی ثابت ہوتا ہی کہ متفق علیہ کا اخذ کرنا کار اہل
عقل ودانشمندان ہی اور وجہ ثانی یہ ہی کہ اکثر علماے
اہل سنت نے اس واقعۂ خاص کا اور اس آیۂ مخصوصہ کا
درباب حضرت امیر المومنین علیہ السلام ہونا قبول فرمایا ہی جیسا کہ
بیان کیا جاوے گا اور ایسی حالت مین معلوم ہوتا ہی کہ ان
حضرات نے بہت کچھ غور وفکر کے بعد اس قول کو اختیار فرمایا ہی
اور جب اون کی راے وتحقیق معاضد وموافق راے وتحقیق

حضراتِ علماے شیعہ ہوے تو ضرور دعویٰ اہلِ تشیع کا عقلا

اس بارہ مین بحکم اقرار العقلاء علی انفسہم مقبول احری

بالتمذہب والقبول ہوگا یہ دو وجہین جو ابھی عرض کی گئی

ہین درحقیقت اسقدر واضح و آشکار کالشمس فی کبد النہار

اور موافقت حضرات علماے اہلِ سنت کی اہل تشیع کے

ساتھہ اس امر مین اسدرجہ پر اظہر من الشمس وابین من الامس

ہی کہ غالبًا کوئی سنی یا شیعہ جو کتب فریقین پر وقوف تام

باطلاع عام رکھتا ہو اوسکے سامنے اسکے ثبوت پیش

کرنے کی کوئی ضرورت نہو گی مگر تفضلاً مشتی نمونہ از خروارے

بصورت شواہد عرض کیے جاتے ہین

اسکے بعد جناب مولوی صاحب ممدوح نے شواہد وجہ اول پیش

فرمانا شروع کیے تینتیس ۳۳ شواہد پیش فرمانے کے بعد جلسہ برخاست

ہوا پنجم ماہ ذیحجہ ۱۳۱۲ھ ہجری یوم پنجشنبہ وقت تین بجے دن کو

جناب نواب مولوی مہدی حسن صاحب

تشریف واپس لائے اور بقیہ شواہد کا لکھوانا شروع فرمایا سینتالیسوین
شاہد پر پہونچکر جلسہ ختم کیا گیا ششم ماہ ذیحجہ ۱۳۱۲ ہجری یوم
جمعہ وقت آٹھ بجے دن کو جناب نواب مولوی مہدی حسن صاحب
نے شواہد وجہ دوم پیش فرمانا شروع کیے دس شاہد اوسکے بھی
پیش فرماکر جناب مولوی محمد عبد الحکیم صاحب سے جواب طلب فرمایا
جناب مولوی صاحب نے فرمایا کہ اِس مبحث کے متعلق جسقدر شواہد
وغیرہ آپ کو پیش کرنا ہون وہ سب پیش کر دیجیے جناب نواب مولوی مہدیحسن
صاحب نے فرمایا کہ جو امور سردست پیش کیے گئے ہین وہ ضرورت سے
زیادہ کافی سمجھے جاتے ہین لہذا آپ جواب اسکا تحریر فرمائے
اگر ہم مصلحت یا ضرورت دیکھین گے تو آیندہ جو مناسب ہوگا
پیش کرینگے جناب مولوی محمد عبد الحکیم صاحب نے فرمایا کہ اسکا جواب جمعہ
آیندہ پر رکھا جاوے (نماز جمعہ کا وقت آگیا تھا) اسپر جلسہ ختم ہوا
چونکہ ہر ہر شاہد لفظ بلفظ نقل کر کے جواب دیا گیا ہی اسلیے شواہد پیش فرمودہ
صاحبین موصوفین کا یہان بھی ذکر کرنا تکرار لاطائل سمجھا گیا
اور وہان اس مصلحت سے نقل کی گئی کہ اگر کسی ناظر کے ہاتھ مین
صرف جواب کا پرچہ آجاوے تو اوسکو شاہد کے معلوم کرنے مین وقت نہو
اور بآسانی سمجھ مین آجاوے

جلسۂ مناظرہ بتاریخ سیزدہم ذی الحجہ سنہ ۱۳۱۲ھ روز جمعہ واقع بارہ دری آغا حسنو صاحب

جناب مولوی عبد الحکیم صاحب نے یون تقریر ذیل شروع کی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمد اللہ العلی العظیم و نصلی علی رسولہ الکریم و علی الہ البررۃ العظام و علی اصحابہ الخیرۃ الکرام

اما بعد قبل اسکے کہ ہم جواب مین ایک مقدمہ استفسار کرتے ہین وہ یہ ہی کہ آپ نے جو ارشاد فرمایا ہی کہ اِس آیت کا شان نزول علی الاصح جناب امیر المومنین علیہ السلام کے حق مین ہی پس لفظ شان نزول سے آپ کی کیا مراد ہی اور کتاب کنز العمال جس سے آپنے شاہد اول کو نقل کیا ہی وہ کتاب کس فن کی ہی۔

جناب مولوی نواب مہدی حسن صاحب شان نزول سے مراد وہی ہی جو علما مفسرین اہل سنت لیتے ہین۔ اور کتاب کنز العمال کتب احادیث سے ہی۔

جناب مولوی عبد الحکیم صاحب۔ علماے اہلِ سنت جو لفظ شان نزول سے مراد لیتے ہین اوسکی تصریح فرما دیجیے۔

جناب مولوی نواب مہدی حسن صاحب۔ اگر آپ یہ ارشاد فرمائیے کہ ہمکو علماے اہلِ سنت کی تعریف شان نزول نہین معلوم تو اسکا جواب دیا جا سکتا ہی۔

جناب مولوی عبد الحکیم صاحب۔ ہمکو تعریف علماے اہلِ سنت بابت شان نزول کے معلوم ہو یا نہو اس سے کچھ واسطہ نہین ہمنے بطور استفسار مقدمہ کے پوچھا ہی آپ اسکا جواب دیجیے۔

انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلوۃ و یؤتون الزکوۃ وھم راکعون

جناب مولوی نواب مہدی حسن صاحب - آپ کی کتب مین جو کچھ تعریفات بابت
شان نزول کے مرقوم ہین اوسے ملاحظہ فرماکر ارشاد فرمائیے بعد اوسکے ہم تعین کرینگے

جناب مولوی عبدالحکیم صاحب - آپ کے اِس ارشاد مین جو لفظ تعریفات ہی وہ
دلالت کرتی ہی اِس امر پر کہ تعریف شان نزول مین علما کا اختلاف ہی لہذا جو
معنی کہ شان نزول کے آپ کے نزدیک صحیح ہین اور آپ نے اِس مقام پر مراد
لئی ہین وہ آپ ارشاد فرمادیجیے اور تعریفات متخالفہ کو کتب متکاثرہ سے اوقات
کثیرہ ضائع کر کے نکال کر آپ کی خدمت مین پیش کرنا حسب قواعد مناظرہ
ہمارے ذمہ واجب نہین ہی - اور نہ آپ کو یہ استدعا پہونچتا ہی کیونکہ قواعد
مناظرہ سے یہ ہی کہ ایسی باتین درمیان مین نہ لائی جائین جس سے فضول
اوقات ضائع ہو یہ امر خوب ظاہر ہی کہ اِس مقام مین لفظ شان نزول سے
جو معنی آپ نے مراد لیے ہین اوسکے ارشاد مین ایسے طول عمل نکالنا جو باعث
تضیع اوقات کثیرہ کا ہو ہرگز مقتضاے احقاق حق اور شان مناظرہ سے
نہین ہی - شان مناظرہ سے یہ ہی کہ جب کسی امر سے سوال کیا جائے فوراً
جیساکہ اپنی دانست مین صحیح ہو ویسا ہی ظاہر کردیا جائے لہذا جبکہ مین نے
آپ سے استفسار کیا کہ لفظ شان نزول سے آپ کیا مراد لیتے ہین فوراً جو معنی آپ کے
نزدیک صحیح اور مراد ہین وہ ارشاد کردینا بحیثیت مناظرہ آپ کو لازم تھا -

جناب مولوی نواب مہدی حسن صاحب - آپ نے جو یہ استفسار فرمایا کہ شان نزول سے

۵ جیساکہ مناظرہ رشیدیہ مین ہے

آپ کی کیا مراد ہی اسکے جواب مین کہا گیا تھا کہ جو علما و مفسرین اہل سُنت
مراد لیتے ہین وہی مراد ہی اسکے جواب مین آپنے استفسار کیا کہ علمائے اہل سنت
شان نزول سے کیا مراد لیتے ہین اسکے جواب مین کہا گیا کہ اگر آپ اپنی لاعلمی کا
اظہار کرین تو ہم جواب دین یہ سوال اسلیے تھا کہ آپکا منشا معلوم ہو جائے
کہ آپ اوقات ضائع کرنا چاہتے ہین یا منصفانہ جواب دیتے ہین آپ نے
جواب مین اپنے علم اور عدم علم کی نسبت کچھ نہین بیان کیا حالانکہ اگر ہمپر آپکے
سوال کا جواب دینا لازم تھا تو آپ پر بھی لازم ہونا چاہیے لیکن جسوقت
مین آپ نے صاف جواب دینے سے پہلوتہی کی تو معلوم ہو گیا کہ آپ محض
لفظی مباحث مین اوقات ضائع کرانا چاہتے ہین اور اصل مبحث کا جواب
دینا شاید منظور نہین ہی بہر حال تعریفات کی لفظ اسلیے کہی گئی تھی کہ آپکے
سوال سے یہ مترشح ہوتا تھا کہ آپ کے نزدیک شان نزول کی تعریفات
متعدد ہین جب ہی تو آپ نے تعیین مراد چاہی۔ بنا بران آپ سے
اون تعریفات کا استفسار کیا گیا اور ہم اسکے منکر ہین کہ ایسا استفسار
خلاف قواعد مناظرہ ہی اور اسکے بھی منکر ہین کہ کسی ضروری سوال کے جواب
مین اوقات کثیرہ صرف کر کے کتب متضافرہ کی طرف رجوع کرنا تضیع اوقات ہی
یا حسب قواعد مناظرہ آپ کے ذمہ نہین ہی اور ہم اسکے بھی منکر ہین کہ یہ استدعا
ہمکو نہین پہونچتی اور ہم اسکے بھی منکر ہین کہ یہ سوال ہمارا بعد آپ کی گذشتہ

باتون کے ہماری طرف تضیع اوقات کا الزام عائد کرنے والا ہی اِن سب سے اگر قطع نظر کیا جائے تب ہم یہ کہین گے کہ آپ نے مباحث گذشتہ مین جو لفظ شان نزول کا استعمال فرمایا ہی اوس سے آپ کی کیا مراد ہی۔

جناب مولوی عبدالحکیم صاحب۔ ہمنے جسوقت استفسار کیا کہ آپ نے لفظ شان نزول سے کیا مراد لی ہی اوسوقت آپ کے نزدیک جو معنی شان نزول کے صحیح اور مراد تھے اوس معنی کو ارشاد فرمانے سے پہلو تہی کر کے یہ ارشاد فرمانا آپکا کہ جو معنی علما و مفسرین اہلِ سنت مراد لیتے ہین وہی مراد ہی۔ اس سے یہ مترشح ہوتا ہی کہ جو معنی آپ کے مراد ہین اونکا اظہار آپ کو مقصود نہین اور بغیر اظہار اوس معنی کے مجیب آپ کے شواہد کا جواب کیونکر دیسکتا ہی اور کیا یہ بات قواعد مناظرہ سے نہین ہی کہ جو آپ کے نزدیک صحیح اور مراد ہی عند الاستفسار اظہار فرمائے اور اگر یہ قواعد مناظرہ سے ہی تو آپکا عند الاستفسار معنی مراد کا اظہار نہ فرمانا اور علما و مفسرین پر حوالہ کر دینا کس غرض پر محمول ہوگا۔ اور کیا قواعد مناظرہ سے یہ نہین ہی کہ مبحث متعین کے متعلق جو بات آپ کے نزدیک صحیح اور حق ہی اوسکو عند الاستفسار فوراً ظاہر فرماوین اور اگر یہ قواعد مناظرہ سے نہین ہی تو جو بات آپ کے نزدیک حق ہی آپ اوسکا اخفا کرین اور جو آپ کا مقابل ہو وہ بھی اسیطرح اخفا کرے تو مناظرہ کیا ہوگا اور اگر یہ قواعد مناظرہ سے ہی تو جسوقت ہمنے استفسار کیا تھا اوسیوقت جو آپ کے نزدیک صحیح اور مراد ہی فوراً

آپ کو اظہار کر دینا تھا اور کسی کا حوالہ دینا یا ہمسے کسی امر کا پوچھنا کس قاعدۂ مناظرہ سے ہی اور ہمنے جو استفسار کیا تھا وہ اسوجہ سے تھا کہ جو معنی مراد آپکے ہین وہ ہمکو معلوم ہو جائین تا کہ ہم اسی بنا پر آپ کے شواہد کا جواب دین آپنے جواب مین صاف صاف اظہار مراد کرنے سے پہلو تہی فرمائی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اپنی معنی مراد پر حتی الوسع اپنے مقابل کو آپ مطلع کرنا نہین چاہتے ہین ایسا کلام جو موہم خروج از دائرہ مناظرہ ہو کس قاعدہ مناظرہ سے ہی اور یہ جو آپ نے ارشاد فرمایا ہی۔ کہ یہ سوال اسلیے تھا کہ آپ کا منشا معلوم ہو جائے کہ آپ اوقات ضائع کرانا چاہتے ہین یا منصفانہ جواب دیتے ہین۔ جواب اسکا یہ ہی کہ اگر آپ کا منشا یہ تھا تو اسیقدر ارشاد فرما دیتے کہ اس استفسار سے آپ کا کیا منشا ہی علما و مفسرین پر حوالہ کر دینا کیا ضروری تھا کیا یہ قواعد مناظرہ سے نہین ہی کہ جو اپنا مطلب ہو اوسکو اپنے موقع پر بغیر حجاب کے ظاہر کر دیا جائے اگر یہ قواعد مناظرہ سے ہی تو آپ نے خلاف قاعدہ مناظرہ اسقدر طول کیون دیا۔ اور آپ نے جو یہ ارشاد فرمایا ہی۔ کہ آپ نے جواب مین اپنے علم اور عدم علم کی نسبت کچھ نہ بیان کیا۔ حالانکہ اگر ہمپر آپکے سوال کا جواب دینا لازم تھا تو آپ پر بھی لازم ہونا چاہیے۔ جواب اسکا یہ ہی کہ ہمارے علم اور عدم علم سے استفسار کرنا اپنے اظہار مافی الضمیر کو شی دیگر پر متوقف کرنا ہی اور اسیطرح سے اظہار مافی الضمیر کو شی دیگر پر موقوف کرنا قاعدہ مناظرہ سے

ہونا ممنوع ہی لہذا ہمارے علم اور عدم علم کا اظہار بقاعدۂ مناظرہ ضروری
ہونا بھی ممنوع ہی اور سُوال احد المتخاصمین کا قابل جواب ہونے سے
سوال متخاصم آخر کا بھی لائق جواب ہونا کیون ضروری ہی ہمارا سوال تو
اسوجہ سے تھا کہ موافق مراد آپکے ہم جواب آپ کے شواہد کا دین بنا بر اسکے
حسب قواعد مناظرہ کیا ہمارا سوال لائق جواب نہ تھا جو آپنے صاف صاف
جواب نہ دیا اور اپنے اظہار ما فی الضمیر کو شی دیگر پر متوقف کیا اور آپنے یہ جو
ارشاد فرمایا۔ لیکن جسوقت مین آپ نے صاف جواب سے پہلوتہی کی تو
معلوم ہوگیا کہ آپ محض لفظی مباحث مین اوقات ضائع کرانا چاہتے ہین
جواب اسکا یہ ہی کہ ہمارے استفسار کا صاف صاف جواب ندینا اور اپنے اظہار
ما فی الضمیر کو شی دیگر پر متوقف رکھنا شاید اِس غرض سے ہی کہ غیر ضروری
مباحث میں اوقات ٹلجائے اور اصلی بحث کی نوبت نہ آئے اور یہ جو آپنے
ارشاد فرمایا۔ کہ تعریفات کی لفظ اسلیے کہی گئی تھی کہ آپ کے سوال سے مترشح
ہوتا تھا کہ آپ کے نزدیک شان نزول کی تعریف متعدد ہی جب ہی تو آپنے
تعیین مراد چاہی بنا بر آن آپ سے اون تعریفات کا استفسار کیا گیا۔
جواب اسکا یہ ہی کہ ہمارے قول سے یہ کیونکر مترشح ہوسکتا ہی کہ ہمارے نزدیک
تعریف شان نزول کی متعدد ہی ہمارے استفسار سے تو صاف ظاہر ہی
کہ موافق مذہب آپ کے شان نزول سے آپ کی کیا مراد ہے۔

کیا اسکا صاف صاف جواب دینا آپ کے ذمہ حسب قواعد مناظرہ لازم نہین تھا
جو آپ نے صاف طور سے جواب نہین دیا - بالفرض والتسلیم اگر ہمارے کلام
سے یہ امر مترشح بھی ہوتا تھا کہ ہمارے نزدیک شان نزول کی تعریف متعدد ہی
تو اس صورت مین جب آپ کے خیال شریف مین یہ امر آگیا تھا کہ بنابر کلام
سائل کے تعریفات شان نزول سائل کے نزدیک متعدد ہین تو اس
صورت مین جو معنی شان نزول سے آپ کی مراد ہی اوسکو صاف صاف ظاہر
کردینا اور جو آپ کی مراد نہین ہی اوسے اعراض کردینا کیا قواعد مناظرہ سے
نہین ہی اگر قواعد مناظرہ سے ہی تو آپ نے صاف صاف جو اپنی مراد ہی وہ
کیون نہ فرمادی - اپنے اظہار مافی الضمیر کو کیون شی دیگر پر متوقف کیا اور جو آپ کی
مراد ہی اوسے اخفا کرکے متخیلات سے استفسار کرنا کس قاعدہ مناظرہ سے
تھا اور اِس قسم کے استفسار کا باقاعدہ مناظرہ ہونا ممنوع ہی اور آپ نے جو
یہ ارشاد فرمایا ہی - کہ ہم اسکے بھی منکر ہین کہ کسی ضروری سوال کے جواب مین
اوقات کثیرہ صرف کرکے کتب متناظرہ کے طرف رجوع کرنا تضیع اوقات ہے
یا حسب قواعد مناظرہ آپ کے ذمہ نہین ہی - جواب اسکا یہ ہی کہ ضروری
امر مین کتب متناظرہ کی طرف رجوع کرنا ہر مناظر پر واجب ہی ہم اوس سے
کیون مستثنیٰ ہونگے - لیکن اظہار مافی الضمیر کو شی دیگر پر موقوف کرنا مناظرہ
مین ضروری ہونا ممنوع ہی - اور آپ نے جو یہ ارشاد فرمایا ہے -

کہ ہم اسکے بھی منکر ہین کہ یہ استدعا ہمین نہین پہونچتی ہی - جواب اسکا یہ ہی کہ
محض اظہار مافی الضمیر کو شئی دیگر پر موقوف کرنے کے واسطے کسی امر کا مستدعی
ہونا کون قاعدۂ مناظرہ ہی ارشاد فرمائیے اور کتب قواعد مناظرہ سے
دکھا دیجیے - اور اگر کوئی قاعدہ نہین ہی تو یہ استدعا آپ کو کیون پہونچیگی -
اور یہ جو آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہم اسکے بھی منکر ہین کہ یہ سوال ہمارا بعد آپکے
گذشتہ باتون کے ہماری طرف تضییع اوقات کا الزام عائد کرنے والا ہی -
جواب اسکا یہ ہی کہ ہمارے استفسار کے جواب مین اگر آپ صاف طور سے
فرما دیتے تو ہم تقریر جواب شواہد شروع کرتے اور اسقدر صرف اوقات نہوتا
آپکے صاف جواب نہ دینے سے اور اپنے اظہار مافی الضمیر کو شئی دیگر پر متوقف کرنے
سے اسقدر صرف اوقات ہوا یہ تضییع اوقات نہین ہی تو اور کیا ہی اور یہ جو
آپنے ارشاد فرمایا ہی - کہ آپنے مباحث گذشتہ مین جو لفظ شان نزول کا
استعمال فرمایا ہی اوس سے آپ کی کیا مراد ہی - جواب اسکا یہ ہی کہ مباحث
گذشتہ جو خلاف ضابطہ مناظرہ ٹہرا کر ترک کردیے گئے ہین اونکی باتین تو خلاف قاعدۂ
مناظرہ کے تھین پھر اون باتو نکا یہان کیا ذکر - اور جو دوبارہ مباحثہ شروع
کیا گیا اوسمین لفظ شان نزول کے استعمال کا ہمارے لیے کوئی موقع نہین تھا
پھر آپکا یہ استفسار فرمانا کسی نہج سے باقاعدہ نہین معلوم ہوتا ہی معہذا ہم
لاکھ مرتبہ لفظ شان نزول استعمال کرین اوس سے آپ کا مواخذہ کرنا کس قاعدۂ

مناظرہ سے ہی - کتب قواعد مناظرہ سے یہ قاعدہ دکھا دیجیے اور باوجود اسقدر
تطویل سوال وجواب کے آپ جو اپنا ما فی الضمیر ارشاد نہین فرماتے ہین یہ کس
قاعدہ کا اقتضا ہی کتب قواعد مناظرہ سے دکھا دیجیے - اور اگر اسکا کوئی قاعدہ
نہین ہی تو صاف طور سے شان نزول سے جو مراد آپکی ہی ارشاد فرما دیجیے -
اور اگر مباحث گذشتہ متروکہ بے ضابطہ کا لحاظ حسب قاعدۂ مناظرہ اسوقت
ضروری ہی تو وہ قاعدہ ارشاد فرمایئے اور کس موقع پر ہمنے استعمال کیا ہی وہ موقع مع ہدایت
وہدایت ارشاد فرمائے ورنہ شان نزول سے جو آپکی مراد ہی وہ براہ مہربانی صاف فرما دیجیے ہم جواب
شواہد شروع کرین اور شان نزول سے جو آپکی مراد ہی اوسکو بیان فرمانے سے آپکو اگر انکار ہی تو اس
صورت مین شان نزول سے جو ہماری مراد ہی وہ ہم بیان کرین بشرطیکہ منظور خاطر والا ہو
نواب مولوی مہدی حسن صاحب - لفظی مباحث سے قطع نظر کرکے یہ عرض
کیا جاتا ہی کہ آپنے جن امور کا ادعا فرمایا ہی اور اوسکا ہمنے انکار کیا ہی اوس
اپنے ادعا پر اقامت دلیل فرمانا چاہیے تھا اور انکار کو باطل کرنا حالانکہ آپکی
تقریر مین جو استفسارات بہت سے کیے گئے ہین جنکی نسبت یہ دریافت طلب ہی
کہ یہ استفسارات کس قسم کے ہین اور کن قواعد مناظرہ کی روسے کئے جاتے ہین
نسبت مراد از شان نزول پہلے ہی جواب مین یہ کہدیا تھا کہ شان نزول سے
وہ ہی مراد ہی کہ جو علماء مفسرین اہل سنت مراد لیتے ہین جو ایک بالکل صاف
اور صریح جواب تھا جب آپ نے اسکی تفصیل پوچھی ان الفاظ سے کہ جو علماے

اہلِ سنت شانِ نزول سے مراد لیتے ہین اوسکی تصریح فرما دیجیے۔ تو آپ سے
دریافت کیا گیا کہ آپ جس امر کا سوال کرتے ہین وہ آپ کو معلوم ہی کہ نہین
یہ سوال اسلیے تھا کہ اگر آپ اپنے علم کا اظہار فرمائینگے تو معلوم ہو گا کہ یہ استفسار
از قبیلۂ مکابرات ہی جیسا کہ کتب اصول مناظرہ سے ثابت ہی اور اگر آپ اپنی
عدم واقفیت ظاہر فرمائینگے تو اُسوقت کوئی جواب دیا جائیگا۔ اور اب پھر یہ
اعادہ کیا جاتا ہی کہ ہمنے شانِ نزول کے وہی معنی لئے ہین جو علما و مفسرین اہلِ سنت
نے اگر آپکو اپنے علما کے اقوال یا مراد معلوم ہی تو اوسکا استفسار از قبیل
مکابرہ ہی اور اگر معلوم نہین ہین تو اعتراف فرمائے۔ جن امور کے نسبت آپنے ان
کلمات سے استفسار فرمایا ہی کہ کیا حسب قواعد مناظرہ کے ایسا نہین ہے
وامثال ہذہ اونکی نسبت آپ اگر اسکے مدعی ہونگے کہ حسب قواعد مناظرہ
ایسا ہی ہی جیسا کہ آپ فرماتے ہین تب ہم اوسکے جواب کی طرف توجہ کرینگے
آپ مدعی بنیے یا منکر تب ان امور کا جواب دیا جائے۔ اور جس استفسار کی
نسبت آپنے فرمایا ہی کہ باقاعدہ مناظرہ ہونا ممنوع ہی اگر یہ ادعا ہی تو اوسکی دلیل
چاہیے۔ اور اگر محض منع ہی تو منکر کے مقابل ہین محض منع کافی نہین ہی۔
مباحث گذشتہ کی نسبت جو کچھ فرمایا اوسکی نسبت عرض ہی کہ وہ مباحث صرف
آپکی استدعا کے بموجب ترک کیئے گئے تھے ہماری طرف سے اون مباحث کی
نسبت یہ ہرگز نہین ظاہر کیا گیا ہی کہ جو مباحث ہماری طرف سے پیش کیے گئے

وہ حسب قواعد مناظرہ صحیح نہ تھے - اگر آپ یہ تسلیم کر لین کہ سابق کے مباحث
جو آپ کی طرف سے پیش ہوئے وہ خلاف قواعد مناظرہ تھے تو البتہ وہ قابل
حجت نہ رہینگے اور لفظ شان نزول سے اسلیے مواخذہ کیا گیا کہ چونکہ یہ لفظ پیشتر سے
طرفین سے استعمال ہوتی آئی ہی اور اسوقت آپنے اوسکی نسبت استفسار فرمایا
اسکی کیا وجہ ہی اگر ہمارے جواب کا توقف اس استفسار پر ہوتا تو پیشتر ہی سے
آپ کو اسے طی کرنا چاہیے تھا چونکہ مباحث گذشتہ مین آپنے اسکی نسبت کچھ استفسار
نہین کیا اور بحث شروع فرمادی تھی اسلیے اس جدید سوال کے پیش کرنے کی
کیا وجہ ہی چونکہ ہمین لفظی مباحث مین اوقات ضایع کرنا منظور نہین ہی جیساکہ
ہر منصف شخص ہمارے گذشتہ و موجودہ مباحث سے نتیجہ اخذ کر سکتا ہی لہذا
ہم پھر بنابر مزید تنبیہ عرض کرتے ہین کہ ہمنے اپنی مراد پہلے ہی عرض کر دی اور
آپ نے اس خیال سے کہ آپ کی واقفیت یا عدم واقفیت نسبت اقوال
علماے اہل سنت کا حال ظاہر ہوگا اسقدر طول دیا اور صاف
صاف آپنے یہ نہ فرمایا کہ ہم واقف ہین یا نہین کہ جو آپ کو حسب قواعد مناظرہ
ضرور فرمانا چاہیے تھا - یہان تک تقریر جناب مولوی مہدی حسین صاحب نے
فرمائی اسکے بعد چونکہ وقت نماز جمعہ آگیا تھا جناب مولوی عبدالحکیم صاحب نے
جمعہ آیندہ کو جواب ارشاد فرمانا تعین فرمایا فقط وقت ختم جلسہ دس بجے دنکو

العبد عبدالحکیم بقلم خود العبد سید محمد مہدی حسن بقلم خود

محمد مہدی حسن بقلم خود چونکہ یہ تقریر خارج از اصل بحث تھی لہذا داخل کتاب نہیں کی گئی اگر حسب اطلاع ناظرین حاجت ہوئی منسلک کر دی جائیگی ۱۲

کارروائی جلسہ مناظرہ بستم ذی الحجہ ۱۳۱۲ھ یوم جمعہ وقت صبح آٹھ بجے واقع بارہ دری آغا حسنو صاحب ۔ جناب مولوی عبد الحکیم صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جمعہ گذشتہ مین آپ سے دو امر استفسار کیے گئے تھے امر اول یہ کہ لفظ شان نزول سے آپکی کیا مراد ہی امر دوم یہ کہ کنز العمال کس فن کی کتاب ہی آپ نے امر اول کے جواب مین ارشاد فرمایا کہ شان نزول سے مراد وہی ہی کہ جو علما و مفسرین اہلِ سنت لیتے ہین اور امر دوم کے جواب مین ارشاد ہوا ہی کہ کنز العمال کتب احادیث سے ہی اگر آپ امر دوم کے جواب مین بھی یون ارشاد فرماتے کہ کتاب کنز العمال کو علماے اہلِ سنت جس فن کی شمار کرتے ہین اوس فن کی کتاب ہی تو دونون امرونکا جواب ایک ہی نہج کا ہوتا اور زیادہ تضییع اوقات کا باعث ہوتا مگر کمترین کے خیال ناقص مین ابھی تک نہین آیا ہی کہ امر دوم کے جواب صاف دینے اور امر اول کے جواب صاف سے عدول کرنے کی کیا وجہ ہی اور جو جواب امر اول کا آپنے ارشاد فرمایا ہی وہ ہرگز صاف وصریح نہین ہی کیونکہ علما و مفسرین اہل سنت جو معنی مراد لیتے ہین اوس معنی کو آپ نے کتب اہل سنت کی عبارت سے اخذ کیا ہوگا اور ممکن ہی کہ عبارت کتب سے ایسا مطلب اخذ کیا جاوے کہ جو مراد مصنفین کا نہو یس معلوم نہین ہوسکتا ہی

کہ جو معنی شان نزول کے کتب اہلِ سُنت سے آپ نے اخذ کیے ہین
علما و مفسرین اہلِ سنت کی بھی یہی مراد ہی لہذا جو معنی کتب اہلِ سنت سے
آپ نے اخذ کیے ہین اوسکا بیان آپ پر ضروری و واجب تھا اسیوجہ سے
دوبارہ التماس کیا گیا کہ آپ تصریح فرمادیجیے مگر جب بھی آپ نے صاف
بیان نفرمایا اور کمترین کو مکابر خیال کیا حالانکہ درصورتیکہ کسی عبارت سے
ایسا مطلب اخذ کرنا کہ صاحب عبارت کا مراد نہو ممکن بھی ہی اور واقع
بھی ہی آپ سے دربارۂ تصریح سوال کرنا از قبیل مکابرہ نہین ہوسکتا ہی
بلکہ اِس صورت مین صاف معنی بیان فرمانے سے پہلوتہی کرنا بے شبہہ
آپ کی جانب سے مکابرہ ہی اور کمترین کے استفہامات کی نسبت جو آپنے
فرمایا ہی کہ یہ کس قسم کے استفسارات ہین سو اس تقریر سے معلوم ہوگیا کہ یہ کس قسم
کے ہین اور لفظ ممنوع مین ادعا و منع کی تشقیق کرنا ہرگز صحیح نہین ہوسکتا ہی
کیونکہ لفظ ممنوع مین احتمال ادعا کا مفقود و نابود ہی اور کمترین نے کسی انکار پر
منع نہین وارد کیا ہی اگر آپ کمترین کی منع انکار پر ثابت کردینگے تو بے شبہہ
کمترین اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَانِ عرض کریگا اور اس مناظرہ
مین آپ مدعی ہین لہذا جو امر غیر بدیہی آپ بیان فرماوینگے اوسپر آپ سے
دلیل طلب کیجاویگی اور آپ کے بیان پر منع و انکار سب وارد ہونگے اور
کمترین اِس مناظرہ مین مدعی نہین ہی بلکہ سائل ہی لہذا خاطر شریف مین

جاگزین رہے کہ کمترین کا جو بیان ہوگا وہ بطریق اخبار و استفسار ہوگا
نہ بطریق ادعا پس کمترین کے بیان پر نہ منع وارد ہو سکتی ہی نہ انکار ہان
کمترین کے بیان کو بدلیل باطل کرنا البتہ آپ کا منصب ہی منع یا انکار
کرنا ہرگز آپ کا منصب نہین ہی لہذا جو انکار آپ سے وقوع مین آئے ہین وہ
ہرگز اپنے محل پر نہین ہین اور آپ جو لاعلمی کے اقرار کے مستدعی ہوئے ہین بیشک
کمترین آپ کے اخذ کردہ معانی سے لاعلم ہی اور یہ استدعا آپ کی محض اس
غرض سے ہی کہ آپ کے پیش فرمودہ شواہد آفات تردید سے محفوظ رہین
سو یہ بجیر ہی اور مباحثہ گذشتہ کے ترک کی یہ صورت تھی کہ جناب مولوی ظہور الحسن صاحب
وغیرہ نے فرمایا کہ یہ بحث بے اصول ہو رہی ہے اور کمترین نے بھی کہا کہ بیشک مدعی
کی جانب سے بے ضابطگی بحث مین ہو رہی ہی اسپر جناب مولوی ظہور الحسن صاحب
وغیرہ نے کمترین سے کہا کہ آپ یہ کہدیجیے کہ یہ بحث بے اصول ہو رہی ہی
لہذا ترک کر کے از سر نو شروع کیجاوے اور بات یہ تھی کہ مباحث گذشتہ مین
کمترین نے آپ سے استفسار کیا تھا کہ صاحب تحفہ کی ادعا سے جو آپ انکار
کرتے ہین اس انکار سے کمترین کو کیا ضرر ہی جو اسکی طرف توجہ کرے اوسوقت
آپ نے اثبات ضرر کے درپے ہو کر ایک تقریر طولانی فرمائی جس کے اندر کوئی امر
ایسا نہ تھا جو آپ کے اوس انکار سے کمترین کو ضرر پہونچنے پر دلالت کرے
محض اسیوجہ سے جناب مولوی ظہور الحسن صاحب وغیرہ نے کمترین سے کئی مرتبہ

کہا کہ آپ کہدیجیے کہ یہ بحث بے اصول ہو رہی ہی لہذا ترک کرکے از سر نو شروع کیجاوے تب کمترین نے کہا کہ یہ بحث بے اصول ہو رہی ہی لہذا ترک کرکے از سر نو شروع کیجاوے اوسکو آپ نے بھی منظور کیا اور آپ کے منظور کرنے سے یہ امر خوب ظاہر ہی کہ آپ نے مباحث گذشتہ کے بے اصول ہونیکو تسلیم کر لیا ہی بعد اس تسلیم کے اوس سے تمسک کرنا بناء فاسد علی الفاسد ہی یا نہین۔

آب یہ تمہید بلحوظ خاطر عاطر رہے کہ اہلِ سُنت کتب مناقب مین موجود ہونے کی بنا پر عقاید یا اعمال مین ہرگز ہرگز کسی حدیث یا روایت کو قابل تمسک و حجت نہین جانتے ہین کیونکہ کتب مناقب مین احادیث ضعیفہ و مجہولہ کا بلا امتیاز ذکر کرنا شائع و ذائع ہی چنانچہ حضرت عزیز المحدثین قدس سرہ العزیز عجالہ نافعہ مین افادہ فرماتے ہین۔ بیشتر مساہلہ و وضع احادیث در باب مناقب و مثالب و در تفسیر و بیان اسباب نزول واقع شدہ الی آخر العبارۃ اور زمانہ حال کے بعض کتب کلامیہ اسی انداز کے ہین کہ شواہد کتب مناقب و ملفوظات صوفیہ سے پُر ہین اسیوجہ سے علماے اہلِ سنت اونکو ناقابل التفات سمجھتے ہین خدا جانے یہ طریقہ کیون اختیار کیا گیا ہی یہ امر تو پر ظاہر ہی کہ اہلِ سنت عقاید مین جن کتب کو مثل لاشے محض کے سمجھتے ہین اون مین موجود ہونے کی بناپر کوئی حدیث یا روایت اونپر کیونکر حجت ہو سکتی ہی والا کلیلہ دمنہ و داستان امیر حمزہ کے قصہ مین بھی تو فقرات کثیرہ برنگ احادیث موجود ہین چاہیے کہ وہ فقرات بھی مقام تحقیق عقائد مین قابل حجت

اور جناب صاحب تحفہ قدس سرہ العزیز کی عبارت جس غرض سے پیش کی گئی تھی
وہ غرض حاصل نہین ہو سکتی اوّلاً اسلیے کہ صاحب تحفہ قدس سرہ العزیز نے
یہ جواب الزامی دیا ہی یعنی آپ کے مسلمات سے آپ کو الزام دیا ہی اونکے نزدیک
یہ قاعدہ مسلم نہین ہی جیسا کہ باب دوم کے کید سے ۳۹ ونہم کے دیکھنے سے بخوبی ظاہر ہی
ثانیاً اسلیے کہ بر تقدیر تسلیم اس قاعدہ کے جناب صاحب تحفہ قدس سرہ العزیز نے
یہ قید بھی لگادی ہی کہ باوصف معلوم بودن حال رواۃ ایشان یہ نہین فرمایا ہی
کہ ہر حالت مین متفق علیہ کا اخذ و مختلف فیہ کا ترک ضروری ہی خواہ متفق علیہ کے
رواۃ ضعیف وکذاب ہون و مختلف فیہ کے رواۃ قوی ثالثاً اسوجہ سے کہ عبارت
صاحب تحفہ قدس سرہ العزیز کی قضیہ کلیہ ہی یا جزئیہ اگر جزئیہ ہی تو ہیانپر جاری
ہونا ممنوع ہی اور اگر کلیہ ہی تو ادیان سابقہ منسوخہ مین بھی جاری ہو گا مثلاً یہود
یا نصاری کہین کہ حضرت موسی یا حضرت عیسی علی نبینا وعلیہما الصلوۃ والسلام
کے فضائل ورسالت متفق علیہا ہین اوسکو لینا چاہیے اور جناب سرورکائنات کے
فضائل ورسالت مختلف فیہا ہین اوسکو ترک کرنا چاہیے رابعًا اسوجہ سے کہ اتفاق
سے یہان اتفاق بعض فریقین مراد ہی یا کل فریقین اگر اتفاق کل فریقین مقصود ہی
تو وہ یہان مفقود ہی اسلیے کہ آپ کی تفسیر مجمع البیان ومنہج الصادقین وغیرہ
مین بھی اقوال مختلفہ منقول ہین اور اگر اتفاق بعض فریقین مراد ہی تو بعض دیگر
کے ترک کی کیا وجہ اگر کوئی وجہ نہین ہی تو ترجیح بلا مرجح لازم آجاویگی اور اگر

ہوئی وجہ ہی تو وہ وجہ مرجح باعث اخذ و ترک کی ہو گی نہ کہ اتفاق خاص اسوجہ سے
کہ اتفاق سے اتفاق فی الروایۃ مراد ہی یا اتفاق فی التمذہب اگر اتفاق فی التمذہب
مراد ہی تو وہ یہان ثابت نہین ہوا کیونکہ روایت کر دینا مستلزم تمذہب کو نہین
والا ایک شخص کا متمذہب بمذاہب مختلفہ متضادہ ہونا لازم آجائیگا اور وہ محال ہی
اور اگر اتفاق فی الروایۃ مراد ہی تو وہ حجت نہین ورنہ آپ پر بھی روایت عبداللہ
بن سلام کے بارہ مین شان نزول کی حجت ہو سکیگی کیونکہ اس روایت کو صاحب
مجمع البیان و منہج الصادقین وغیرہما نے بسند مرفوع متصل بیان کیا ہی۔
اور روایات جو بطور شواہد کے آپ نے پیش کیے اون مین سے بعض غیر مذکور الاسانید
ہین اور پھر ایسی کتابون سے منقول کہ جنکا حال تمہید مین مذکور ہو چکا سو اس قسم کے
روایات بغیر ذکر اسناد ہرگز مقبول نہین جیسا کہ قاعدہ مقررہ اصول حدیث ہی۔
قال ابن المبارک الاسناد من الدین ولولا الاسناد لقال من شاء
ما شاء وفی شرح شرح النخبۃ لعلی القاری اصل الاسناد خصیصۃ
فاضلۃ من خصائص هذه الامۃ وسنۃ بالغۃ من السنن
مؤکدۃ بل من فروض الکفایۃ وقال سفیان الثوری الاسناد
سلاح المؤمن فاذا لم یکن معہ سلاح فبای شیء یقاتل
وقال الشافعی مثل الذی یطلب الحدیث بلا اسناد کمثل حاطب
لیل کذا فی شرح المواهب اللدنیۃ لمحمد بن عبد الباقی الزرقانی

پس ان روایات کو مع اسانید کے اگر پیش فرمائیگا تو قابل لحاظ و لائق جواب
سمجھی جاوینگی اور بعض روایات مجروح ہین اون ہین سے بعض بوجہ رواۃ کے
اور بعض بوجہ منقول ہونے کے کتب مناقب سے پس قسم اول تو مردود ہی اور قسم
ثانی ہین اگر آپ کو صحیح یا حسن ہونیکا دعویٰ ہی تو اثبات کیجیے اور بعض
مجہول الحال اونکی توثیق فرمائی۔

شاہد اول یہ ہی کہ اس روایت کو فاضل نحریر اور مقدام اہل سنت کبیر
حضرت ملا علی متقی نے کتاب کنز العمال جسمین اونھون نے جمع الجوامع علامہ سیوطی
کی تبویب فرمائی ہی حضرت ابن عباس سے اس روایت کو بعبارت ذیل
روایت فرمایا ہی۔ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ تَصَدَّقَ عَلِيٌّ بِخَاتَمِهِ وَهُوَ
رَاكِعٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلسَّائِلِ مَنْ أَعْطَاكَ
هٰذَا الْخَاتَمَ قَالَ ذَاكَ الرَّاكِعُ فَأَنْزَلَ فِيهِ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ
وَرَسُولُهُ وَكَانَ فِي خَاتَمِهِ مَكْتُوبًا سُبْحَانَ مَنْ فَخْرِي
بِأَنِّي لَهُ عَبْدٌ ثُمَّ كَتَبَ فِي خَاتَمِهِ بَعْدُ لِلّٰهِ الْمُلْكُ

جواب اسکا اولاً یہ کہ یہ حدیث غیر مذکور السند اور کسی ثقہ محدث نے
صحیح نہین کہا ہی لہذا قابل احتجاج نہین ہو سکتے ثانیاً یہ کہ سالم عن المعارض
نہین ہی کیونکہ حسب اصول اہل سنت مدلول اس روایت کے خلاف پر
شواہد موجود ہین چنانچہ آیندہ مذکور ہونگے۔

شاہد دوم یہ ہی کہ اس روایت کو حسب تصریح علامہ جلال الدین سیوطی
در منثور خطیب بغدادی نے کتاب المتفق والمفترق مین حضرت
ابن عباس سے روایت فرمائی ہی تَصَدَّقَ عَلِيٌّ بِخَاتَمِہٖ وَھُوَ رَاکِعٌ
فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعْطَاکَ ھٰذَا الْخَاتَمَ قَالَ ذَاکَ
الرَّاکِعُ فَاَنْزَلَ اللہُ فِیْہِ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللہُ وَرَسُوْلُہٗ الآیہ۔

جواب اسکا اولاً یہ کہ یہ روایت غیر مذکور السند خالی از حکم صحت ہی اور
منقول ہی درمنثور سے اور درمنثور کی روایت بلا حکم صحت کا حال تمہید مین
مذکور ہو چکا ہی کہ بالکل مطرود و مردود ہی ثانیاً یہ کہ صاحب درمنثور کی تحقیق

مین غیر صحیح ہی چنانچہ یہ بھی تمہید مین مذکور ہو چکا ہی - ثالثاً یہ کہ سالم عن المعارض نہین ہی کیونکہ اسکے معارض شواہد موجود ہین چنانچہ معلوم ہونگے -

شاہد سوم یہ ہی کہ حسب تصریح علامۂ جلال الدین سیوطی در منثور امام عبد الرزاق ابن ہمام صنعانی نے جو رجال صحاح ستہ مین معدود ہین حضرت ابن عباس سے آیۂ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ کے بارہ مین روایت فرمائی ہی کہ اونھون نے ارشاد فرمایا اُنْزِلَتْ فِیْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ -

اسکا جواب اولاً یہ کہ یہ روایت غیر مذکور السند بلا حکم صحت در منثور سے منقول ہی ثانیاً یہ کہ اس حدیث کے راوی عبد الرزاق ہین اور وہ مائل الی التشیع تھے اور فضائل حضرت امیر علیہ السلام مین احادیث ضعیف

اونھون نے بھی کہا کہ قسم ہی اوس اللہ کی کہ نہین ہی کوئی معبود اوسکے عبد الرزاق اس بارہ مین عبید اللہ سے سو گنا زیادہ غالی ہی بیتحقیق مین نے عبد الرزاق سے دو چند اون ... کلمات ... عبید اللہ ... اور ایک قول ... عباس بن عبد العظیم ... نقل کیا ہی ... قسم ہی ... عبد الرزاق ... [illegible]

ـــــــــ

لہ چنانچہ ذہبی نے میزان الاعتدال مین جہان اقوال اس شخص کے نقل کیے ہین اور انکا مائل الی التشیع ہونا بیان کیا ہی اور ان ... [illegible] نقل کیا ہی ... [illegible]

وقال احمد بن ابی خیثمة سمعت ابن معین وقیل له ان احمد یقول ان عبید الله بن موسی یرد حدیثه للتشیع فقال کان والله الذی لا اله الا هو عبد الرزاق اغلی فی ذلک منه مائة ضعف ولقد سمعت من عبد الرزاق اضعاف ما سمعت من عبید الله ... حسن الہدی فاخذت ... الضبعی فانا ... بن سلیمان ...
یعنی جعفر بن ابی عثمان طیالسی کہتے ہین کہ مین نے ابن معین سے سنا وہ کہتے تھے کہ مین نے ایک روز عبد الرزاق سے ایک بات سنی

... [illegible] ... عبد الرزاق ... [illegible]

حَتّٰی نَزَلَ جِبْرَئِیْلُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اِقْرَءْ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ الْاٰیَۃ

(٤) ہمراہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک روز نماز ظہر کی پس سوال کیا ایک سائل نے مسجد میں پس نہیں عطا کیا اوسکو کسی نے کچھ پس اوٹھایا سائل نے ہاتھ اپنا آسمان کی طرف اور کہا اے اللہ تو شاہد رہیو بتحقیق میں نے سوال کیا مسجد رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں اور نہیں دیا

کسی نے کوئی شے اور علی رضی اللہ عنہ رکوع میں تھے پس اشارہ کیا آپ نے اوسکی طرف داہنی انگلی کا اور تھی اوسمین انگشتری پس آیا سائل یہانتک کہ لیلیا انگشتری کو پس دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس کہا اے اللہ میرے بتحقیق بھائی میرے موسیٰ نے سوال کیا تجھسے پس کہا رب اشرح لی صدری

تا قولہ واشرکہ فی امری کے پس نازل کیا تو نے قرآن ناطق عنقریب قوی کرینگے ہم بازو تیرا ساتھ بھائی تیرے کے اور دینگے تمکو غلبہ اے اللہ اور میں محمد ہوں نبی تیرا اور برگزیدہ تیرا پس کھولدے سینہ میرا اور آسان کر میرے لیے کام میرا اور کر میرے واسطے وزیر اہل میرے سے علی رضی اللہ عنہ کو مضبوط کر اوسکے ساتھ

جواب - اسکا یہ ہی کہ جو عبارت تفسیر نیشاپوری سے نقل کی گئی ہی
اوسمین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی شان مین نازل ہونے کی بھی
روایت ہی اور جناب امیر کی شان مین نازل ہونے کی روایت بھی ہی
مگر علامۂ نیشاپوری نے نہ کسی روایت کو صحیح کہا ہی نہ کسی روایت کو
ضعیف اور نہ کسی روایت کو کسی روایت پر ترجیح دی لیکن حضرت
ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شان مین نازل ہونے کی روایت کو وضعاً
مقدم کیا ہی اس سے اگر رتبۃً مقدم کہا جاوے تو فی الجملہ گنجایش بھی ہی اسی
بنا پر علامۂ نیشاپوری بطریق راجح حضرت صدیق اکبر کی شان مین
نازل ہونے کے ناقل ہین اور بطریق مرجوح حضرت امیر کی شان
مین اور جو نقل کسی اپنے منافی نقل کے ہم رتبہ ہوتی ہی وہ تو اہل سنت
کے یہان لاشی محض ہوتی ہی پس جو نقل کہ اپنے منافی نقل سے
کم رتبہ ہوگی وہ لاشی محض سے بھی بدتر ہوگی پس اس سے معلوم ہوگیا کہ
علامۂ موصوف کے نزدیک حضرت امیر کی شان مین نازل ہونے کی
روایت لاشی محض بلکہ اوس سے بھی بدتر ہی اگر یہ کہا جائے کہ علامۂ
موصوف نے حضرت صدیق اکبر کی شان مین نازل ہونے کی ایک
روایت نقل کی ہی اور حضرت امیر کی شان مین دو روایتین پس اسکو
بسبب تعدد کے ترجیح ہوگی جواب اسکا یہ ہی کہ تعدد روایات بلا لحاظ صحت

اہل سنت کے یہان کوئی شے نہین ہی بس تفسیر مذکور کی عبارت نقل کرنے سے نفع تو در کنار یہان ضرر البتہ کالشمس فی نصف النہار ہی۔

شاہد سی و ششم ۔ عبارت تفسیر بیضاوی تفسیر آیہ کریمہ انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین آمنوا الآیۃ نہی عن موالاۃ الکفرۃ ذکر عقیبہ من ہو حقیق بہا وانما قال ولیکم ولم یقل اولیاؤکم للتنبیہ علی ان الولایۃ للہ علی الاصالۃ ولرسولہ وللمؤمنین علی التبع الذین یقیمون الصلوۃ ویؤتون الزکوۃ صفۃ للذین آمنوا فانہ جری مجری الاسم او بدل منہ ویجوز نصبہ ورفعہ علی المدح وہم راکعون متخشعون فی صلوتہم وزکوتہم وقیل ہو حال مخصوصۃ بیؤتون الزکوۃ ای یؤتون الزکوۃ فی حال رکوعہم فی الصلوۃ حرصا علی الاحسان ومسارعۃ الیہ وانہا نزلت فی علی رضی اللہ عنہ حین سأل سائل فی صلوتہ فطرح لہ خاتمہ یہان پر یہ امر قابل لحاظ ہی کہ مولوے

ترجمہ جب کہ منع فرمایا اللہ نے دوستی کافرون سے ذکر کیا بعد اسکے اسکو جو لائق دوستی کے ہی اور بجز اسکے نہین ہے کہ کہا ولیکم اور نہ کہا اولیاکم واسطے تنبیہ کے اسپر کہ ولایت اللہ کے واسطے ہی اصالۃ اور رسول اللہ اور مومنین کے واسطے ہی تبعا الذین یقیمون الصلوۃ ویؤتون الزکوۃ صفت ہے الذین آمنوا کی کیونکہ وہ قائم مقام اسم کے ہے یا بدل ہی اوسکا اور جائز ہی نصب اوسکا

اور رفع اوسکا بنابر مدح کے اور وہ لوگ راکعون ہین یعنی خشوع کرنے والے ہین نماز اور زکوۃ مین اور کہا گیا کہ وہم راکعون حال ہے مخصوص ساتھ یؤتون الزکوۃ کے یعنی دیتے ہین زکوۃ درحالیکہ رکوع کرنے والے ہین نمازین بوجہ حرص کے احسان پر اور عجلت کی طرف احسان کے اور بتحقیق نازل ہوئی یہ آیت شان مین حضرت علی رضی اللہ عنہ

رشید الدین خان صاحب نے بجواب جناب سبحان علیخان صاحب مرحوم
اپنی کتاب ایضاح لطافۃ المقال مین بہ نسبت عبارت بیضاوی یہ تحریر فرمایا ہی
در تفسیر کریمہ مفسرین اہل سنت را اقوال عدیدہ است واکثری ازان در تفسیر
کبیر ودیگر تفاسیر مبسوطہ مجتمعہ ونزول کریمہ در شان امیر المومنین نیز قوی است
کہ اکثر ثقات بطرف آن رفتہ وبیضاوی ہم آنرا ذکر نمودہ حیث قال
وَقِیلَ هُوَ حَالٌ مَخْصُوصَةٌ بِیُوتُونَ اَیْ یُوتُونَ الزَّکٰوةَ فِی حَالِ رُکُوعِهِمْ
فِی الصَّلٰوةِ حِرْصًا عَلَی الْاِحْسَانِ وَمُسَارَعَةً اِلَیْهِ وَاِنَّهَا نَزَلَتْ فِی عَلِیٍّ
رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ حِینَ سَاَلَهُ سَائِلٌ وَهُوَ رَاکِعٌ فِی صَلٰوتِهٖ فَطَرَحَ لَهٗ خَاتَمَهٗ انتهی
ولیکن قول عموم مورد آنرا نظرا الی حصول شدۃ ربطها بالآیۃ المتقدمۃ علیها
وقت ارادۃ العموم اولا ذکر کردہ حیث قال فی تفسیر قولہ تعالی وَهُمْ
رَاکِعُونَ اَیْ مُتَخَشِّعُونَ فِی صَلٰوتِهِمْ وَزَکٰوتِهِمْ انتهی واین ارادہ عموم را
بجواب استدلال شیعہ باین آیہ بر امامت جناب ولایت مآب

حصول شدۃ ربطہا الی الآیۃ یعنی ساتھ آیت پہلے کے وقت ارادہ عموم کے اولا ذکر کیا جیسا کہ کہا تفسیر مین قول اللہ تعالیٰ وہم راکعون کے [illegible] یعنی خشوع کرنے والے ہین نماز اور زکوۃ مین انتہی اور ارادہ عموم کو بجواب استدلال شیعہ کے بیچ اس آیت کے امامت جناب ولایت مآب

۴۶ تفسیر آیۂ کریمہ مین مفسرین اہل سنت کے اقوال متعددہ ہین اور اکثر اقوال تفسیر کبیر اور دیگر تفاسیر مبسوطہ مین جمع ہین اور نزول آیۂ کریمہ کا بیچ شان امیر المومنین کے بھی قوی ہے کہ اکثر ثقات اوسی طرف گئے ہین اور بیضاوی نے بھی اوسکو ذکر کیا ہے جس مقام پر کہا ہے وقیل ہو حال مخصوصۃ الی آخر العبارۃ یعنے اور کہا گیا کہ وہ حال مخصوص ہی ساتھ یوتون الزکوۃ کے یعنے دیتے ہین زکوۃ بحالت رکوع کے نماز مین بوجہ حرص کے احسان پر اور عجلت کرنے کے طرف احسان کے اور تحقیق نازل ہوئی یہ آیت شان مین علی رضی اللہ عنہ کے جسوقت سوال کیا اونسے سائل نے اور وہ رکوع کر رہے تھے نماز مین پس ڈالدی واسطے اوسکے انگشتری اپنی انتہی اور لیکن قول عموم مورد کو بنظر

که مراد ایشان ازان امامت بلا فصل می باشد اراده عموم را از کریمه[له] مبحوث عنها نظراالی شده ربطها بماقبلها ظاهر گفته نه حق وصواب تا خلاف آن باطل ونارواباشد بالجمله نزول این کریمه بشان امیرالمؤمنین علی مرتضیٰ تنافی بعموم آن ندارد۔

جواب۔ اسکا یہ ہی کہ قبل از لفظ وقیل بیضاوی نے جو لکھا ہی اوسمین نہ کوئی صیغۂ تمریض وتضعیف کا ہی نہ کوئی صیغۂ نقل وحکایت محض کا پس معلوم ہوا کہ لفظ قیل کے قبل جو کچھ لکھا ہی وہ بیضاوی کے نزدیک صحیح ہی اور اوسمین بیضاوی نے لکھا ہی کہ الذین آمنو سے مراد مومنین ہین اور راکعون سے متخشعون فی الصلوۃ والزکوۃ جو آپ کے مدعا کو بالکل منافی ومبطل ہی اور بعد اسکے بیضاوی نے جو کچھ لکھا ہی وہ ہرگز کسی طرحسے قابل تمسک نہین ہوسکتا اولاً اسلیے کہ بصیغۂ نقل محض لکھا ہی کہ جو موافق اصول اہل سنت ناچیز محض ہی ثانیاً اسلیے کہ بصیغۂ تمریض وتضعیف لکھا ہی جو کہ بیضاوی کے نزدیک بھی ضعیف اور غیر صحیح ہونے پر دلالت کرتا ہی اور والظاہر ما قلنا سے مراد یہ ہی کہ صاحب قیل کا بیان قطع نظر اس سے کہ روایت ضعیفہ پر مبتنی ہی محض تاویل اور خلاف ظاہر ہی اور ہمارا بیان نہ روایت ضعیفہ پر مبنی ہے نہ تاویل وخلاف ظاہر پر لہذا صاحب قیل کا بیان واجب الرد ہے

[له] کہ مراد اونکی اوس سے امامت بلا فصل ہی اور ارادہ عموم کا اس آیۂ کریمہ سے جو مبحوث عنہا ہی بلحاظ ربط ماقبل کے بعید ہی اس سے ماقبل سے ظاہر کلام ہی نہ حق وصواب تا خلاف اوسکا باطل ونار وا ہو حاصل کلام نزول اس آیۂ کریمہ کا شان مین امیرالمومنین علی مرتضیٰ کے منافی عموم کے نہین ہی ۱۲

پس آپکا مدعا بیضاوی کی عبارت منقولہ سے ہرگز ثابت نہین ہوسکتا ہی
اور حضرت رشید المتکلمین کی جو عبارت نقل کی گئی ہی اوس عبارت کے
تغلب و تصرف سے جیسا کہ درمنثور کی نقل عبارت مین ہوا خالی ہونیمین
شک ہی لہذا اوس عبارت کا نقل کرنا بے سود ہوا اور قطع نظر اس سے
شان نزول منجملہ اون مسائل کے ہی جن مین بجز ثقاۃ محدثین و ثقاۃ
مفسرین کسی کے قول کا اعتبار نہین اور حضرت رشید المتکلمین کا نہ
محدثین مین شمار ہی نہ مفسرین مین اعتبار معہذا اعزیز المتکلمین کے
فرمانے کے بعد کہ جناب امیر علیہ السلام کی شان مین نازل ہونا کسی
ثقہ کا قول نہین ہی حضرت رشید المتکلمین کا کہنا کہ ثقاۃ کا قول ہی
قابل التفات نہین ہوسکتا ہی چنانچہ مولانا حامد حسین صاحب نے
عبقات الانوار مین لکھا ہی۔ و بعد منسوب ساختن سبط بن الجوزی
و ذہبی سر العالمین را بغزالی علی القطع و الیقین انکار شاہ صاحب
درباب مکائد از نسبت آن بغزالی لائق التفات نیست انتہی
اور ولیکن سی تا ناروا باشد کا مطلب تو خود جسکی عبارت ہی اوسنے
بیان کردیا ہی پھر دوسرے کو اوسمین کیا دخل ہوسکتا ہی چنانچہ جسکی
عبارت سے اوسنے بمتصل ناروا باشد لکھدیا ہی کہ بالجملہ نزول
این کریمہ بشان امیر المومنین علی مرتضی تنافی بعموم آن ندارد انتہی

اس سے اقرار صحت شان نزول کا مستفاد ہونا ممنوع ہی لہذا اس سے آپ کا مدعا ہرگز ثابت نہین ہو سکتا۔

شاہد سی و ہفتم عبارت تفسیر معالم التنزیل محی السنۃ امام بغوی ہی وَقَالَ السُّدِّیُّ قَوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رَاکِعُوْنَ اَرَادَ بِہٖ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مَرَّ بِہٖ سَائِلٌ وَھُوَ رَاکِعٌ فِی الْمَسْجِدِ فَاَعْطَاہُ خَاتَمَہٗ

جواب - اسکا یہ ہی کہ یہ کتاب بی شک وشبہ بڑے پایہ کی اور قابل احتجاج ہی لیکن افسوس صد افسوس کہ اسکی عبارت سے آپ کے مدعا کا ثبوت تو درکنار بطلان البتہ کالشمس فی نصف النہار ہی بیان اوسکا یہ ہی کہ علامہ بغوی نے خود اس سے بری الذمہ ہو کر بمقتضای کالای بد بریش مالک سدی کذاب ہی کے سر پر ڈالدیا اور یون فرمایا کہ قال السدی پس معلوم ہوا کہ یہ نہ صاحب معالم التنزیل کا قول ہی نہ کسی صادق واثق کا بلکہ ایک کذاب ووضاع کا اور قبل اسکے صاحب معالم التنزیل نے قول نزول آیہ کریمہ بشان عبد اللہ بن سلام کو لکھا ہی اور بطرف حضرت جابر اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کہ جو اصدق واوثق ہین منسوب کیا ہی پس بشہادت صاحب معالم التنزیل معلوم ہوا کہ قول نزول آیہ کریمہ در شان عبد اللہ بن سلام حق اور صواب ہی اور قول نزول آیہ کریمہ در شان امیر علیہ السلام محض باطل اور موضوع ہے

ترجمہ اور کہا سدی نے قول اللہ کا اور وہ لوگ کہ ایمان لائے اور وہ لوگ کہ ایمان لائے ہین ادا کرتے ہین نماز کو اور دیتے ہین زکوٰۃ کو حالانکہ وہ لوگ رکوع کرنیوالے ہین ارادہ کیا اوس سے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو آیا آپ کے پاس ایک سائل در حالیکہ آپ رکوع کرنیوالے تھے مسجد مین پس عطا کی اوسکو آپ نے انگشتری اپنی

۱۲

بعد نماز مغرب جلسہ شروع ہوا اور جناب مولوی عبد الحکیم صاحب نے یہ تقریر لکھوانی شروع کی

شاہد سی و ہشتم

ملا علی نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ بشرح حدیث اِنَّ عَلِیًّا مِنِّیْ وَاَنَا مِنْہُ وَھُوَ وَلِیُّ کُلِّ مُؤْمِنٍ تحریر فرمایا ہے قَالَ الطِّیْبِیُّ ھُوَ اِشَارَۃٌ اِلٰی قَوْلِہٖ تَعَالٰی اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رَاکِعُوْنَ وَفِی الْکَشَّافِ قِیْلَ نَزَلَتْ فِیْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَاِنْ قُلْتَ کَیْفَ یَصِحُّ اَنْ یَّکُوْنَ لِعَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَاللَّفْظُ لَفْظُ جَمَاعَۃٍ قُلْتُ جِیْءَ بِہٖ تَرْغِیْبًا لِلنَّاسِ فِیْ مِثْلِ فِعْلِہٖ لِیَنَالُوْا مِثْلَ ثَوَابِہٖ وَلِیُنَبِّہَ عَلٰی اَنَّ سَجِیَّۃَ الْمُؤْمِنِ یَجِبُ اَنْ یَّکُوْنَ عَلٰی ھٰذِہِ الْغَایَۃِ مِنَ الْحِرْصِ عَلَی الْبِرِّ وَالْاِحْسَانِ قَالَ الْبَیْضَاوِیُّ قَوْلُہٗ وَھُمْ رَاکِعُوْنَ اَیْ مُتَخَشِّعُوْنَ فِیْ صَلٰوتِہِمْ وَزَکٰوتِہِمْ وَقِیْلَ ھُوَ حَالٌ مَخْصُوْصَۃٌ بِیُؤْتُوْنَ اَیْ یُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ فِیْ حَالِ رُکُوْعِہِمْ فِی الصَّلٰوۃِ حِرْصًا عَلَی الْاِحْسَانِ وَمُسَارَعَۃً اِلَیْہِ فَاِنَّہَا نَزَلَتْ فِیْ عَلِیٍّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ حِیْنَ سَاَلَہُ سَائِلٌ وَھُوَ رَاکِعٌ فِیْ صَلٰوتِہٖ فَطَرَحَ لَہٗ خَاتَمَہٗ انتہٰی وَالْحَدِیْثُ رَوَاہُ ابْنُ جَرِیْرٍ وَابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ وَابْنُ مَرْدُوْیَہٖ بِرِوَایَاتٍ مُخْتَلِفَۃٍ

اور کشاف میں ہے کہا گیا نازل ہوئی ہے آیت شان میں علی رض کے پس اگر کہے تو کیونکر صحیح ہوگا ہونا اس آیت کا واسطے علی رض کے حالانکہ لفظ لفظ جمع کا ہے جواب دونگا میں کہ لایا گیا لفظ جمع کا واسطے ترغیب

جواب اسکا اولا یہ کہ ہو اشارة الی قولہ تعالی انما ولیکم اللہ الایہ سے اقرار
صحت خصوصیت شان نزول بجناب امیر علیہ السلام کا مستفاد ہونا ممنوع
ہی اسلیے کہ جائز ہی کہ بوجہ داخل ہونے جناب امیر علیہ السلام کے الذین آمنوا
مین ہو اشارة کہدیا ہو ثانیا یہ کہ عبارت وہو اشارة الی قولہ تعالی انما ولیکم اللہ
الی آخرہ کا قضیہ بتیہ ہونا ممنوع ہی بوجہ مذکور اور بر تقدیر قضیہ غیر بتیہ
ہونے کے مطلب یہ ہوگا کہ ہو اشارة الی قولہ تعالیٰ انما ولیکم اللہ الآیہ بالا تحقیق
بل بالتقدیر ثالثا یہ کہ یہ بیان متبنی ہی روایت کشاف پر پس جو حال روایت
کشاف کا ہوگا وہی حال اسکا بھی ہوگا کیونکہ مبنی علی الفاسد بھی
فاسد ہوتا ہی اور حال روایت کشاف کا یہ ہی کہ صاحب کشاف نے قطع نظر
اس سے کہ وہ در بارۂ نقل بالکل غیر معتبر ہین اس روایت کو بصیغۂ مجہول
نقل کیا ہی جو اون کے نزدیک بھی مجہول الاصل ہونے پر دلالت کرتا ہی
اور قبل اسکے بلا انتساب الی الغیر صیغے استعمال کلمہ تضعیف کے راکعون کو
بمعنی خاشعون کے لکھا ہی کہ جو اون کے قول و مذہب ہونے پر دلالت
کرتا ہی اور آپ کے مدعا کا بیخ کن ہی پس عبارت کشاف کی شہادت
سے بجز نقصان کے کچھ نفع نہ ہوا اور صاحب کشاف نے فان قلت کے
جواب مین جو لکھا ہی اوس سے اقرار صحت شان نزول کا مستفاد ہونا

کہ اس شان نزول مجہول الاصل یا غیر معتبر الاصل پر باعتبار قواعد لفظیہ کے
جو اعتراضات وارد ہوتے ہین اونکا اندفاع ممکن ہی اور بسبب ور ہینا و
کی جو عبارت اسمین منقول ہی اوسکا جواب شاہد سی و ششم کے جواب مین ہو چکا
رابعا یہ کہ اسکے رواۃ مین ابن جریر و ابن مردویہ ہین جنکی جرح اوپر گذر چکی

شاہد سی و نہم عبارت تفسیر کشاف ہی کہ جسکا ذکر علامہ طیبی نے مندرجہ بالا عبارت مین فرمایا

جواب اسکا شاہد بالا کے جواب مین ہو چکا ہی۔

شاہد چہلم عبارت کاشف شرح مشکوۃ شرح حدیث وہو ولی کل مومن مین
قولہ هُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ اِشَارَةٌ اِلٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُو
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رَاكِعُوْ
اَلْكَشَّافُ قِيْلَ نَزَلَتْ فِيْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاِنْ قِيْلَ كَيْفَ يَصِحُّ اَنْ يَكُو
لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاللَّفْظُ لَفْظُ جَمَاعَةٍ قِيْلَ جِيْءَ بِهٖ تَرْغِيْبًا لِلنَّاسِ فِيْ مِثْلِ فِعْلِهٖ لِيَنَالُوْا
ثَوَابَهٗ وَلِيُنَبِّهَ عَلٰى اَنَّ سَجِيَّةَ الْمُؤْمِنِ يَجِبُ اَنْ تَكُوْنَ عَلٰى هٰذِهِ الْغَايَةِ مِنَ الْحِرْصِ عَلَى الْبِرِّ وَالْاِ

جواب اسکا شاہد سی و ہشتم کے جواب مین ہو چکا ہی۔

شاہد چہل و یکم علامہ محب الدین طبری نے کتاب ذخائر العقبی بمودۃ اہل ال
مین ذکر صدقہ امیر علیہ السلام علی کرم اللہ وجہہ مین یہ تحریر فرمایا ہی ذکر صدق

ن عبد اللہِ بن سلامٍ قال اذّن بلالٌ لِصلوٰۃ الظُّہرِ فقام النّاسُ یُصلّون
ـن بینِ راکعٍ وساجدٍ سائلٌ یسأل فاعطی علیٌّ رضی اللہُ عنہ وھو راکعٌ
خبر السّائلُ رسولَ اللہِ صلّی اللہُ علیہِ وسلّم فقرأ علینا رسولُ اللہِ ۴
نّما ولیُّکم اللہُ ورسولُہٗ والّذین اٰمنوا الّذین یُقیمون الصّلوٰۃ ویُؤتون
ـزکوٰۃ وھم راکعون اخرجہ الواحدیُّ وابو الفرج بنُ الجوزی ـے
ـواب اسکا یہ ہی کہ یہ حدیث غیر مذکور السند خالی از حکم صحت ہی اور اخراج واحدی کا ذکر
ـنا آپ کے حق مین سراسر مضر ہی کیونکہ تمہید مین معلوم ہو چکا ہی کہ واحدی کی تحقیق مین باعتماد
ـلیل القدر ثقات محدثین روایت شان نزول در حق عبداللہ بن سلام صحیح ہی اور بس

ـشاہد چہل و دوم ۔ علامہ محمد بن صباغ مالکی نے کتاب فصول المہمہ
ـفی معرفۃ الائمہ کی اوس فصل مین جسکا عنوان یہ فرمایا ہی فصلٌ فی ذکر
ـمناقبہ الحسنۃ وما جاء فی ذلک من الاحادیث والاخبار المستحسنہ یہ نقل فرمایا ہی
ـو نقل ابو اسحاق احمدُ بنُ محمّدٍ الثّعلبی یرفعہٗ قال بینما عبدُ اللہِ بنُ عبّاسٍ
ـرضی اللہُ عنہ جالسٌ اقریباً من زمزم یقول قال رسولُ اللہِ صلّی اللہُ علیہِ وسلّم

وَهُوَ يُحَدِّثُ النَّاسَ اِذَا قْبَلَ رَجُلٌ مُلْتَثِمٌ فَوَقَفَ فَجَعَلَ اِبْنُ عَبَّاسٍ لَا يَقُوْلُ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَالَ الرَّجُلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ

اِبْنُ عَبَّاسٍ سَاَلْتُكَ بِاللّٰهِ مَنْ اَنْتَ فَقَالَ اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عَرَفَنِيْ فَقَدْ

عَرَفَنِيْ وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِيْ فَاَنَا اَبُوْذَرِّ الْغِفَارِيُّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَاتَيْنِ وَاِلَّا فَصُمَّتَا يَقُوْلُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَنَّهُ قَائِدُ الْبَرَرَةِ

وَقَاتِلُ الْكَفَرَةِ مَنْصُوْرٌ مَنْ نَصَرَهُ مَخْذُوْلٌ مَنْ خَذَلَهُ وَصَلَّيْتُ مَعَ

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا مِنَ الْاَيَّامِ الظُّهْرَ فَسَاَلَ سَائِلٌ فِي

الْمَسْجِدِ فَلَمْ يُعْطِهِ اَحَدٌ شَيْئًا وَكَانَ عَلِيٌّ فِي الصَّلٰوةِ رَاكِعًا فَاَوْمٰى اِلَيْهِ بِخِنْصَرِهِ

الْيُمْنٰى وَفِيْهَا خَاتَمٌ فَاَقْبَلَ السَّائِلُ فَاَخَذَ الْخَاتَمَ مِنْ خِنْصَرِهِ وَذٰلِكَ بِمَرْئًى

مِنَ النَّبِيِّ صلعم وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ طَرْفَهُ اِلَى السَّمَاءِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ

اِنَّ اَخِيْ مُوْسٰى سَاَلَ فَقَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ

عُقْدَةً مِنْ لِسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِنْ اَهْلِيْ

اور وہ حدیث بیان کرتے تھے پس ناگاہ آیا ایک شخص منہ ڈھانکے ہوئے کھڑا ہو گیا پس ابن عباس نہ کہتے تھے قال رسول اللہ صلعم مگر کہتا وہ شخص قال رسول اللہ پس کہا ابن عباس نے سوال کرتا ہون تجھ سے خدا کی قسم تو کون ہے

پس کہا اوس شخص نے اے لوگو جو پہچانتا ہے مجھکو وہ پہچانتا ہے اور جو نہیں پہچانتا ہے پس میں ابو ذر غفاری ہون سنا مین نے رسول اللہ صلعم کو ان دونون کانون سے ورنہ بہرے کردی جاوین فرماتے تھے علی ابن ابی طالب کو بتحقیق آپ چلانے والے نیکون کے ہین

اور قتل کرنے والے کافرون کے مدد کیا گیا جو مدد کرے اوسکی اور چھوڑ دیا گیا جو چھوڑے اوسکو اور نماز پڑھی مین نے ایک روز ہمراہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز ظہر کی پس سوال کیا ایک سائل نے مسجد مین اور نہین دیا اوسکو کسی نے کچھ اور حضرت علی نماز مین رکوع مین تھے

هَارُونَ اَخِی اُشْدُدْ بِهٖ اَزْرِیْ وَاَشْرِكْهُ فِیْ اَمْرِیْ فَاَنْزَلْتَ عَلَیْهِ قُرْاٰنًا

نَاطِقًا سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطَانًا فَلَا یَصِلُوْنَ

اِلَیْكُمَا اَللّٰهُمَّ وَاِنِّیْ مُحَمَّدٌ نَبِیُّكَ وَصَفِیُّكَ اَللّٰهُمَّ فَاشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ

وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاجْعَلْ لِّیْ وَزِیْرًا مِّنْ اَهْلِیْ عَلِیًّا اُشْدُدْ بِهٖ ظَهْرِیْ قَالَ

اَبُوْ ذَرٍّ رض فَمَا اسْتَتَمَّ دُعَاءَهٗ حَتّٰی نَزَلَ جِبْرَئِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

عَزَّ وَجَلَّ وَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اِقْرَءْ اِنَّمَا وَلِیُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِیْنَ

اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رَاكِعُوْنَ

جواب اسکا یہ ہی کہ قطع نظر اس سے کہ ثعلبی خود کی نسبت جسقدر

جرحین ہوئی ہین اونمین سے مشتی نمونہ از خرواری واندکی از بسیاری

اوپر مذکور ہو چکی ہین خاصۃ اس روایت کی نسبت حافظ ابن حجر

عسقلانی الکاف الشاف فی تخریج احادیث الکشاف مین ارقام فرماتے ہین

وَرَوَاهُ الثَّعْلَبِیُّ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ ذَرٍّ مُطَوَّلًا وَاِسْنَادُهٗ سَاقِطٌ

ہارون کو جو بھائی میرا ہے قوی کر اوس سے پشت میری اور شریک کر اوسکو میرے کام مین پس نازل کیا تو نے اونکے بارے مین قرآن ناطق کہ البتہ قوی کرینگے بازو تمہارا ساتھ بھائی تمہارے کے اور دینگے تم دونون کو غلبہ پس نہ پہنچ سکینگے تم تک

یا الہٰی اور مین محمد نبی تیرا اور برگزیدہ تیرا ہون اے اللہ پس کشادہ کر سینہ میرا اور آسان کر کام میرا اور کر واسطے میرے وزیر میرے اہل سے علی رض کو قوی کر اوس سے پشت میری کہا ابوذر نے پس نہین تمام کی

دعا حضرت نے یہانتک کہ اترے جبرئیل علیہ السلام پاس سے اللہ کے اور کہا اے محمد صلعم پڑھ سوا اسکے نہین دوست تمہارا اللہ اور رسول اوسکا اور وہ لوگ جو ایمان لائے ایسے ایمان والے کہ قائم رکھتے ہین نماز کو اور دیتے ہین زکوٰۃ اور وہ رکوع کرنے والے ہین

اور علامہ صباغ مالکی کا اس حدیث کو مستحسنة فی باب المناقب کہنا اس
حدیث کے حسن ہونے کو باصطلاح اصول حدیث مستلزم نہین ہے کیو
باب مناقب مین ضعاف بھی مستحسنہ ہوتی ہین باین معنی کہ اون مین ن
اس قسم احادیث کا شایع و ذایع ہو اور اس بات پر اس حدی
بشہادت حافظ ابن حجر عسقلانی ساقط الاسناد ہونا خود ہی شاہد عادل

شاہد چہل وسوم علامہ عاصمی کا کتاب زین الفتی مین اس آیت
کی نسبت تحریر فرمانا وَالْمَشْهُورُ اَنَّهَا نَزَلَتْ فِي الْمُرْتَضٰى رِضْوَانُ ال
عَلَيْهِ حِيْنَ اَعْطَى السَّائِلَ خَاتَمَهٗ وَهُوَ رَاكِ
جواب اسکا یہ ہو کہ علامہ عاصمی کا یہ فرمانا کہ والمشہور قطع نظر اس سے کہ مشہور سے مشہور باصطلا
مراد ہونا ممنوع ہی اسلیے کہ محققین نے مثل حضرت شاہ ولی المحدثین
وحافظ ابن کثیر کے اِس قصہ کو سرے سے موضوع کہا ہی چنانچہ معارضا
اوسکا ذکر کیا جائیگا صحیح ومحقق ہونیکو بھی مستلزم نہین ہی کہ آپکے مدعا کو مفید ہوتا اور ف
مشہور غیر محقق ہونیسے آپکا کام نہین چلتا اور اوس سے ہمکو انکار بھی نہین

شاہد چہل وچہارم۔ مولوی شاہ ولی اللہ صاحب لکھنوی کا کتا
مرآۃ المومنین مین اس آیت کی نسبت ذکر حدیث منزلت مین یہ تحریر ف
آنحضرت چونکہ نفاق منافقین دریافت فرمودہ برین دقیقہ آگاہی داد و م
بدینہ کہ خلعت خاص از جناب الٰہی بعلی مرتضی عنایت شدہ بود بیان فرم

شل دعای موسیٰ درحق ہارون علیہما السلام قال الامام الرازی فی التفسیر الکبیر روی عطاء عن ابن عباس انہا نزلت فی علی ابن ابی طالب روی ان عبد اللہ بن سلام قال لما نزلت ہذہ الآیۃ قلت یا رسول اللہ انا رایت علیا تصدق بخاتمہ علی محتاج وہو راکع فنحن نتولاہ وروی عن ابی ذر انہ قال صلیت مع رسول اللہ ص یوما صلوۃ الظہر فسأل سائل فی المسجد فلم یعطہ احد فرفع السائل یدہ الی السماء فقال اللہم اشہد انی سألت فی مسجد الرسول فما اعطانی احد شیئا وعلی کان راکعا فاومی الیہ بخنصرہ الیمنی وکان فیہا خاتم فاقبل السائل حتی اخذ الخاتم فرأی النبی ص فقال اللہم ان اخی موسیٰ سألک فقال رب اشرح لی صدری الی قولہ واشرکہ فی امری فانزلت علیہ قرآنا ناطقا سنشد عضدک باخیک ونجعل لکما سلطانا اللہم فانا محمد نبیک وصفیک فاشرح لی صدری ویسر لی امری واجعل لی وزیرا من اہلی علیا اشدد بہ ظہری

۹ شل دعاء موسیٰ ع کے حق میں ہارون ع کے کہا امام رازی نے تفسیر کبیر میں روایت کیا عطا نے ابن عباس سے کہ نازل ہوئی یہ آیت علی ابن ابی طالب ع کی شان میں اور روایت ہے کہ کہا عبد اللہ بن سلام نے جب نازل ہوئی یہ آیت کہا میں نے یا رسول اللہ

دیکھا میں نے علی کو کہ صدقہ کیا انگشتری اپنی محتاج پر در حالیکہ رکوع کرنے والے تھے پس ہم دوست رکھتے ہیں انکو اور ابوذر سے مروی ہے کہا انہوں نے پڑھی میں نے ہمراہ رسول اللہ کے ایک روز نماز ظہر کی پس سوال کیا ایک سائل نے مسجد میں پس

نہیں دیا اسکو کسی نے کچھ پس اٹھایا سائل نے ہاتھ اپنا طرف آسمان کے اور کہا اے اللہ گواہ رہ تحقیق میں نے سوال کیا بیچ مسجد رسول کے اور نہیں دیا مجھکو کسی نے کچھ اور علی حالت رکوع میں تھے پس اشارہ کیا طرف اس کے انگلی چھنگلی داہنی سے اور تھی اس میں انگشتری

پس آیا سائل یہاں تک کہ لیا انگشتری کو پس دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس کہا اے اللہ تحقیق بھائی میرے موسیٰ ع نے سوال کیا تجھ سے پس کہا رب اشرح لی صدری واشرکہ فی امری پس نازل کیا تو نے اوپر انکے قرآن ناطق عنقریب مضبوط کرینگے ہم بازو تیرا ساتھ بھائی تیرے کے اور کرینگے واسطے تمہارے غلبہ اے اللہ پس میں محمد ہوں نبی تیرا اور برگزیدہ تیرا پس کھول تو سینہ میرا اور آسان کر امر میرا اور کر واسطے میرے وزیر اہل میرے سے علی کو اور قوی کر اس سے پشت میری

قَالَ اَبُوْذَرٍّ فَوَاللّٰهِ مَا اَتَمَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ هٰذِهِ الْكَلِمَةَ حَتّٰى نَزَلَ جِبْرَئِيْلُ
فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِقْرَءْ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اِلٰى اٰخِرِهَا

جواب - اسکا یہ ہی کہ مولوی شاہ ولی اللہ صاحب لکھنوی کوئی
شخص نہین ہین ہان مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی البتہ
ہین اور اگر مولوی شاہ ولی اللہ صاحب سے مولوی ولی اللہ صاحب
منطقی لکھنوی مراد ہین تو جواب اسکا یہ ہی کہ کتاب مراۃ المومنین کا
اونکی تصانیف سے ہونا غیر مسلم ہی معہذا مولوی صاحب موصوف جناب
نواب منتظم الدولہ بہادر کے یہان ملازم تھے اور حسب الامر جناب نواب صاحب
موافق مذہب اہل التشیع کے متعدد کتابین اونکی تصانیف سے ہین پس
بر تقدیر تسلیم یہ کتاب بھی اوسی قبیل سے ہوگی لہذا ہم پر حجت نہین ہوسکتی
علاوہ اسکے شان نزول مین اہل سنت کے یہان بجز صحیح حدیث یا کسی
ثقہ محدث و مفسر کے قول کے بشرط عدم معارض اور کوئی شے معتبر نہین
ہوسکتی ہی جیسا کہ اوپر معلوم ہوچکا اور یہ شاہد آپکا نہ صحیح حدیث ہی نہ کسی
ثقہ محدث و مفسر کا قول اور تفسیر کبیر کی جو عبارت صاحب مراۃ المومنین
نے نقل کی ہی اوس سے بھی آپ کو سوائے نقصان کے کچھہ فائدہ نہین ہی
کیونکہ امام فخر رازی نے اس روایت کو نقل کرکے تقریر استدلال حضرات
شیعہ کو نقل کیا ہی بعد اسکے استدلال مذکور کے ابطال مین لکھا ہی

آمّا اِسْتِدلالهم بِاَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ نَزَلَتْ فِي حَقِّ عَلِيٍّ فَهُوَ مَمْنُوعٌ اِنْتَهٰى

پس امام رازی کے منع وارد کرنے سے معلوم ہو گیا کہ یہ روایت اونکے
نزدیک بالکل بے اصل ہی کہ امام نے اپنی تفسیر مین نقل کیا اور پھر باطل
کر دیا ہی لہذا تفسیر کبیر کی عبارت منقولہ فی مراۃ المومنین سے سواے
نقصان کے نفع نہوا کیونکہ اوس سے آپکے مدعا کا بے بنیاد و بے اصل ہونا ثابت ہو گیا

شاہد چہل و پنجم - عبارت تفسیر مدارک ہی جو بہ تفسیر آیہ انما ولیکم اللہ
مذکور ہی وَالْوَاوُ فِي وَهُمْ رَاكِعُونَ لِلْحَالِ اَيْ يُؤْتُونَهَا فِي حَالِ رُكُوعِهِمْ
فِي الصَّلٰوةِ قِيْلَ اِنَّهَا نَزَلَتْ فِي عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ حِيْنَ سَأَلَهُ سَائِلٌ
وَهُوَ رَاكِعٌ فِي صَلٰوتِهِ فَطَرَحَ لَهُ خَاتَمَهُ كَاَنَّهُ كَانَ مَرِحًا فِي خِنْصَرِهِ فَلَمْ
يَتَكَلَّفْ بِخَلْعِهِ كَثِيْرَ عَمَلٍ يُفْسِدُ صَلٰوتَهُ وَوَرَدَ بِلَفْظِ الْجَمْعِ وَاِنْ كَانَ
السَّبَبُ فِيْهِ وَاحِدًا تَرْغِيْبًا لِلنَّاسِ فِي مِثْلِ فِعْلِهِ لِيَنَالُوْا مِثْلَ ثَوَابِهِ وَالْاٰيَةُ
تَدُلُّ عَلٰى جَوَازِ الصَّدَقَةِ فِي الصَّلٰوةِ وَعَلٰى اَنَّ الْعَمَلَ الْقَلِيْلَ لَا يُفْسِدُ الصَّلٰوةَ

جواب - اسکا یہ ہی کہ صاحب مدارک نے جو وہم راکعون کو فقط یوتون
الزکوۃ سے حال قرار دیا ہی یہ قابل اعتبار نہین ہی اولًا اسلیے کہ اکثر مفسرین کے

خلاف ہی ثانیاً اسلیے کہ یہ امر متعلق بقواعد نحویہ ہی جسمین کشاف کے مقابلہ
مین مدارک کا اعتبار نہین ہوسکتا ہی چنانچہ علماے اہلِ تشیع بھی متعلقات
قواعد نحویہ مین کشاف ہی سے اہلِ سنت پر حجت لایا کرتے ہین اور
صاحب کشاف نے وہم راکعون کو یقیمون الصلوة ویوتون الزکوة دونون
سے حال قرار دیا ہی اور رکوع کو معنی مین خشوع کے لیا ہی چنانچہ عبارت
اونکی وَهُمْ رَاكِعُونَ الواوُ فِيهِ لِلْحَالِ اَی یَعْمَلُونَ ذٰلِكَ فِي حَالِ الرُّكُوعِ
وَهُوَ الْخُشُوعُ اور راکعون کو خاشعون کے معنی مین لینا اور یقیمون الصلوة سے
بھی حال قرار دینا یہ دونون امر آپ کے مدعا کے بالکل منافی ہین اور نماز
کے اندر حالت رکوع مین زکوة دینا یہ امر متعلق بروایات ہی جسمین مدارک
کا کچھہ اعتبار نہین ہی اسوجہ سے کہ وہ محدث نہ تھے اور جن لوگونکا روایات
مین اعتبار ہی اونھون نے اسکو بالکل غیر صحیح کہدیا ہی چنانچہ بعض
شواہد بالا کے جواب مین معلوم ہوچکا ہی علاوہ اسکے صاحب مدارک نے جس
روایت کی بنا پر یہ کہا ہی اوسکو خود ہی بصیغۂ مجہول ذکر کیا ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ یہ
قول اونکے نزدیک بھی مبنی علی المجہول ہی لہٰذا اس سے بھی آپکا مدعا ہرگز نہ ثابت ہوسکا

شاہد چہل و ششم عبارت تفسیر حسینی در تفسیر انما ولیکم اللہ وگفتہ اند
کہ این حال مخصوص ست بیوتون یعنی زکوة میدہند در حال رکوع خود در نماز
از غایت حرص کہ باحسان دارند و مسارعتی کہ در ادائے آن دارند

ودر اکثر تفاسیر مذکورست کہ این آیہ در شان علی رضہ نازل شدہ ودر اسباب
نزول آوردہ کہ حضرت مصطفیٰ صلعم از حجرۂ طاہرہ بمسجد آمد ومردمان بعضی
در رکوع وجمعی در قیام بودند دیدۂ مبارک آنحضرت بر سائلی افتاد پرسیدند
ہیچکس ترا چیزے دادوی خاتمی از زر یا نقرہ بحضرت نمود وگفت کہ
این خاتم بمن دادہ اند حضرت پرسید کہ این عطا کہ کردہ است درویش
اشارہ بمرتضیٰ علی کرد حضرت فرمود کہ در چہ حال بتو داد سائل گفت
اعطانی وہو راکع حضرت پیغمبر صلعم تکبیر گفت واین آیہ مذکورہ برخواند
جواب - اسکا اولاً یہ کہ تفسیر ابن کثیر مین جو روایات نزول کریمہ - کورہ
بشان جناب امیر علیہ السلام مرقوم ہین اون مین سے اخیر روایت
کا ترجمہ ہی جو تفسیر حسینی سے آپ نے نقل فرمایا مگر کیا کیا جاوے کہ ابن کثیر
ایسے جلیل القدر محدث ومفسر نے اس باب کی کل روایتون کی نسبت
لکھدیا ہی کہ لیس یصح شئ منہا لضعف اسانیدہا وجہالۃ رجالہا یعنی ان
روایتون مین کوئی روایت صحیح نہین ہی بس ایسی روایتون سے کیا کام
نکل سکتا ہی ثانیاً یہ کہ تفسیر حسینی مین ودر اکثر تفاسیر مذکورست کا لفظ

اور اکثر تفاسیر مین مذکور ہے کہ یہ آیت شان مین علی رضہ کے نازل ہوئی اور سبب نزول مین نقل کیا ہے کہ حضرت مصطفیٰ صلعم حجرۂ طاہرہ سے مسجد مین تشریف لائے اور لوگ بعضے رکوع مین اور بعضے قیام مین تھے نظر مبارک آنحضرت کی ایک سائل پر پڑی پوچھا آپ سے نا کسی نے مجھکو کوئی چیز دی اور ستے ایک انگشتری کا زیا نقرہ کی آنحضرت کو دکھلائی اور کہا کہ یہ انگشتری مجھکو دی ہو حضرت نے پوچھا یہ کسنے عطا کی

لکھا ہوا ہی اسکا ہمکو بھی اقرار ہی کہ اکثر تفاسیر مین بصیغہ تمریض و تضعیف مذکور ہی بلکہ بعضی تفاسیر مین حکم عدم صحت کا بھی لگا ہوا ہی اور اسطرح اکثر تفاسیر مین مذکور ہونا آپکے حق مین فائدہ بخش نہین ہی ثالثاً یہ کہ صاحب تفسیر حسینی شیعہ سے سنی ہوئے تھے اور احتمال ہی کہ یہ تفسیر حالت تشیع مین لکھی ہو و اِذا جاءَ الاحتمالُ بَطَلَ الاستدلالُ

شاہد چہل و ہفتم روایت اربعین اسعد بن ابراہیم از حدیث سادس عشر عن جابر الانصاری قال کُنّا حولَ النبیّ ؐ اِذ ورَدَ اَعرابیٌّ شَعِثُ الحالِ رثُّ الثیابِ کانّما خرجَ مِن تحتِ التُّرابِ فحیّا تحیّۃً تغیبُ مُدقعٍ وانشدَ مُشیراً الی النبیّ ؐ شعراً

اَتیتُکَ والعذراءُ تبکی برنّۃٍ	وقد ذہلتْ اُمُّ الصّبیِّ عنِ الطّفلِ
واُختٌ وبنتانِ واُمٌّ کبیرۃٌ	وکدتُ مِن فقری اُخالطُ فی عقلی
وقد مسّنی عُرْیٌ وفقرٌ وفاقۃٌ	ولیسَ لنا مالٌ یمرُّ ولا یحلی
وما المنتہی الّا الیکَ مفرُّنا	ولیسَ فِرارُ النّاسِ الّا الی الرُّسلِ

فلمّا سمعَ النبیُّ ؐ شعرَہ بکی وقالَ معاشرَ النّاسِ انّ اللہَ ساقَ الیکم ثواباً وقادَ الیکم اجراً والجزاءُ مِن اللہِ وکانَ علیٌّ

۴۷ روایت ہی جابر انصاری سے کہا ہم لوگ گرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے ناگاہ آیا ایک اعرابی پریشان حال پرانے کپڑے والا گویا کہ وہ نکلا ہے نیچے خاک سے پس سلام کیا اور

اشارہ کرتا تھا طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور پڑھا شعر درحالیکہ آیا مین آپکے پاس اور لڑکی روتی تھی ساتھ زیادہ دکھ کے اور تحقیق بھلا دیا ماں نے طفل کو اور ایک بہن اور دو بیٹیان اور ایک بڑھیا

اور نزدیک ہوا مین کہ خلط ہو جاوے عقل میری اور تحقیق لاحق ہوئی مجھکو برہنگی اور فقر اور فاقہ اور نہین ہی واسطے ہمارے مال اور نہین ہی جائے پناہ ہماری مگر طرف آپکے اور نہین ہی بھاگنا لوگون کا مگر طرف رسولون کے

فی ناحیة المسجد یصلی فاومی الی الاعرابی ان یدنو الیہ فدنی منہ
فدفع الیہ خاتمہ وھو فی الصلوة فنزل الوحی فی الحال انما ولیکم اللہ
ورسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلوة ویؤتون الزکوة وھم
راکعون وتصدق الناس فی ذلک الیوم بعد علی علی الاعرابی باربع
مائة خاتم وقال الاعرابی وھذہ ایضا من برکات علی۔

جواب۔ اسکا اولاً یہ کہ یہ حدیث غیر مذکور السند خالی از حکم
صحت ہی لہذا ناقابل احتجاج ہے ثانیاً اسلیے کہ یہ حدیث
حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہی اور بشہادت علامہ بغوی رحمۃ اللہ
علیہ معلوم ہوچکا ہی کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا قول یہ ہے کہ آیۂ
مقدسہ حضرت عبداللہ بن سلام کے حق مین نازل ہوئی جس سے
معلوم ہوتا ہی کہ یہ روایت حضرت جابر کے نزدیک بالکل غیر صحیح ہی۔

شاہد چہل و ہشتم۔ جناب مولوی رشید الدین خانصاحب قبلہ کا
کتاب ایضاح مین یہ تحریر فرماتا ہی و نزول کریمہ مذکورہ در شان
امیر المومنین علی مرتضی نیز قولی ست کہ اکثر ثقاة بطرف آن رفتہ

اور آیۂ کریمہ مذکورہ کا نزول شان مین امیر المومنین علی مرتضی کے ایک بھی قول ہے کہ اکثر ثقاة طرف اوسکے گئے ہین ۱۲

سلہ کنارے مسجد کے نماز پڑھتے تھے پس اشارہ کیا حضرت علی نے اعرابی کو کہ قریب ہو آپ کے پس قریب ہوا اعرابی پس دیا اوسکو انگشتری اپنی حالت نماز مین پس نازل ہوئی وحی اوسی وقت آیہ انما ولیکم الخ یعنی بس دوست تمہارا اللہ اور رسول اوسکا اور وہ لوگ کہ ایمان لائے ایسے ایمان والے کہ قائم رکھتے ہین نماز اور دیتے ہین زکوة اور وہ لوگ خشوع کرنے والے ہین اور صدقہ دیا لوگون نے اس روز بعد علی کے اعرابی کو [illegible] انگشتری

جواب اسکا شاہد سی وششم کے جواب مین گذر چکا ہی اعادہ کرنے کی حاجت نہین

شاہد چہل ونہم۔ صاحب ریاض النظرہ فی مناقب العشرہ کا اعتراض

فرمانا ہی ذکر اختصاصہ بما نزل فیہ من الآیات مین تحریر فرماتے ہین قولہ

تعالی انما ولیکم اللہ ورسولہ الآیہ نزلت فیہ اخرجہ الواحدی وسیاق القصۃ مشروحۃ فی صدقتہ

جواب اسکا اولاً یہ کہ یہ حدیث غیر مذکور السند خالی از حکم صحت

کتاب مناقب سے منقول ہے ثانیاً اسلیے کہ مخرج اسکے واحدی

ہین جنکی تحقیق مین باعتماد جلیل القدر ثقاۃ محدثین یہ روایت بالکل

غیر صحیح ہی جیسا کہ تمہید مین معلوم ہوچکا ثالثاً یہ کہ حضرت عزیز المتکلمین

اکرمہ اللہ بلقائہ المبارک یوم الدین کتاب ریاض النظرہ کی نسبت تحفہ مین

ارقام فرماتے ہین کید سی وچہارم آنکہ کتابی در فضائل خلفاے اربعہ

تالیف نمایند ودروی احادیث صحیحہ اہل سنت از سنن ومسانید واجزا ومعاجم

ایشان ایراد کنند وچون نوبت بذکر فضائل امیر المومنین رسد درضمن آن

چیزی کہ درحق خلفای ثلثہ رضی اللہ عنہم موجب قدح باشد وضع نمودہ

یا از کتب امامیہ آوردہ داخل نمایند وبعضی نصوص صریحہ در احقیت

آنجناب بخلافت وآنکہ باوجود جناب ایشان ہرکہ خلافت کند چنین وچنان نسبت

٭ چوتھے یہ کہ ایک کتاب فضائل مین خلفائے اربعہ کے تالیف کرتے ہین اور اوسمین احادیث صحیحہ اہل سنت کے سنن اور مسانید اور اجزا اور معاجم اہل سنت سے لاتے ہین اور جب نوبت ذکر فضائل امیر المومنین کی پہونچتی ہی اوسکے ضمن مین جو چیز حق مین خلفاء ثلثہ کے موجب قدح ہو وضع کرکے یا کتب امامیہ سے نقل کرکے داخل کرتے ہین اور بعضے نصوص

درج نمایند تا سامع و ناظر بغلط افتد و بسبب ایراد فضائل
خلفائے ثلثہ رضی اللہ عنہم یقین کند کہ مصنف این کتاب سنی پاک عقیدہ
است و گوید کہ در تصانیف اہل سنت نیز احادیث قادحہ در خلفائے ثلثہ
رضی اللہ عنہم موجود اند پس یقین او ہم خورد و دین او رخنہ پذیر دو
کتابی کلانی باین صفت دیدہ شد و دران کتاب اول ہر حدیث
نام راوی و مخرج آن نیز مرقوم بود و بعضی از اجلۂ علمائے حدیث را
تمیز میسر نشدہ و در ورطۂ تخلیط افتادہ اند و باین تلبیس ابلیسی پی نبردہ اند
صاحب ریاض النظرہ فی مناقب العشرہ نیز ازین قبیل احادیث در کتاب
خود از مجموعات فضائل خلفائی اربعہ آوردہ و دغا خوردہ انتہی
عبارتہ الشریفہ بالفاظہ اللطیفہ اس عبارت سراپا ہدایت سے بخوبی
ظاہر و باہر ہی کہ کتاب ریاض النظرہ محتج بہا جناب کی بالکل پایہ احتجاج بلکہ
درجہ اعتبار سے بھی ساقط ہی پس باوجود اسکے کہ تحفہ ملاحظۂ اقدس سے گذر چکا ہی
اور ریاض النظرہ کی ابتری بھی خزانۂ حافظہ شریفہ مین محفوظ ہو گی اس کتاب سے
احتجاج کرنا بحیثیت مناظرہ آپ ایسے فاضل کامل کی شان سے بعید کل البعد ہی

بھی — ہی — کہ — سے — اکابرین — رہی — سے — مین — مجموعات — فضائل — خلفاء — اربعہ — نقل — کی ہین — اور دغا — کھائی

۵ درج کرتے ہین تاکہ سامع اور ناظر غلطی مین پڑے اور بسبب لانے فضائل خلفاء ثلثہ رضی اللہ عنہم کے یقین کرے کہ مصنف اس کتاب کا سنی پاک عقیدہ ہی اور کہے کہ تصانیف مین اہل سنت کے بھی احادیث قادحہ در حق خلفاء ثلثہ رضی اللہ عنہم موجود ہین پس یقین اوسکا برہم اور دین اوسکا رخنہ پذیر ہو اور ایک بڑی کتاب اس صفت کی دیکھی گئی اور اوس کتاب مین اول ہر حدیث کے نام راوی اور اوسکے مخرج کا بھی لکھا تھا اور بعضے اجل علماء حدیث کو تمیز نہوا اور ورطۂ تخلیط مین پڑے اور اس فریب شیطانی کو نہین سمجھے صاحب ریاض النظرۃ فی مناقب العشرۃ

۱۲

شاہد پنجاہم - علامہ ابن طلحہ شافعی کا اعتراف فرمانا ہی چنانچہ
علامہ موصوف کتاب مطالب السئول کی فصل سابع مین جسکا عنوان
یہ ہی الفصل السابع فی عبادتہ وزہدہ وورعہ مین تحریر فرماتے ہین

اَمّا عِبادتُہٗ فاعلَم سلکَ اللّٰہُ بنا وبِکَ سبیلَ السَّعادۃِ اَنَّ حقیقۃَ العبادۃِ
ھِیَ الطَّاعۃُ فکلُّ مَن اَطاعَ اللّٰہَ تعالٰی وقامَ بِامتثالِ الاوامرِ واجتنابِ
النّواہی فھُوَ عابِدٌ ولمّا کانت متعلّقاتُ الاوامرِ الصّادرۃِ مِنَ اللّٰہِ تعالٰی
علٰی لِسانِ نبیِّہٖ متنوّعۃً کانتِ العبادۃُ بحسبِ ذٰلِکَ متنوّعۃً فمنھا
الصّلوۃُ ومنھا الصّدقۃُ ومنھا الصِّیامُ الٰی غیرِھا مِنَ الانواعِ وکلُّ
ذٰلِکَ کانَ علیًّا علیہِ السّلامُ قائماً فیہِ مُقبلاً علیہِ مُسارِعاً الیہِ متحلّیاً
بہٖ حتّٰی ادرکَ بمسارعتِہٖ الٰی طاعۃِ اللّٰہِ ورسولِہٖ ما فاتَ غیرَہٗ فانّہٗ جمعَ
بَینَ الصّلوۃِ والصّدقۃِ فتصدّقَ وھُوَ راکِعٌ فی صلوتِہٖ وجمعَ بینھما فی وقتٍ
واحدٍ حتّٰی انزلَ اللّٰہُ تعالٰی فیہِ قراٰناً یُتلٰی الٰی یومِ القیامۃِ وشرحُ ذٰلِکَ وبیانُہٗ

مَا رَوَاهُ الْإِمَامُ اَبُو اِسْحَاقَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الثَّعْلَبِيُّ فِي تَفْسِيرِهِ بِرَفْعِهِ فِي سَنَدِهِ

قَالَ بَيْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ جَالِسٌ عَلَى شَفِيرِ زَمْزَمَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

اِذْ اَقْبَلَ رَجُلٌ مُتَعَمِّمٌ بِعِمَامَةٍ وَجَعَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

اِلَّا قَالَ الرَّجُلُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ سَأَلْتُكَ بِاللّٰهِ مَنْ اَنْتَ قَالَ

فَكَشَفَ الْعِمَامَةَ عَنْ وَجْهِهِ وَقَالَ اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عَرَفَنِي فَقَدْ عَرَفَنِي اَنَا

جُنْدَبُ بْنُ جُنَادَةَ الْبَدْرِيُّ اَبُو ذَرٍّ الْغِفَارِيُّ سَمِعْتُ النَّبِيَّ بِهَاتَيْنِ

وَاِلَّا فَصُمَّتَا وَرَاَيْتُهُ بِهَاتَيْنِ وَاِلَّا فَعُمِيَتَا يَقُولُ فِي عَلِيٍّ اِنَّهُ قَائِدُ الْبَرَرَةِ

وَقَاتِلُ الْكَفَرَةِ مَنْصُورٌ مَنْ نَصَرَهُ مَخْذُولٌ مَنْ خَذَلَهُ اَمَا اِنِّي صَلَّيْتُ

مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ يَوْمًا مِنَ الْاَيَّامِ الظُّهْرَ فَسَاَلَ سَائِلٌ فِي الْمَسْجِدِ فَلَمْ يُعْطِهِ

اَحَدٌ شَيْئًا فَرَفَعَ السَّائِلُ يَدَهُ اِلَى السَّمَاءِ وَقَالَ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ اَنِّي سَاَلْتُ

فِي مَسْجِدِ رَسُولِ اللّٰهِ وَهُوَ يُصَلِّي فَلَمَّا فَرَغَ النَّبِيُّ مِنْ صَلٰوتِهِ رَفَعَ رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ

۴ وہ ہے جسکو روایت کیا امام ابو اسحاق احمد بن محمد ثعلبی نے اپنی تفسیر میں اور پہنچایا اسکی سند میں کہا اس حال میں کہ عبداللہ بن عباس بیٹھے تھے کنارہ زمزم کے کہتے تھے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ناگاہ آیا ایک شخص عمامہ باندھے ہوئے نہیں کہتے تھے ابن عباس

قال رسول اللہ صلعم مگر کہتا تھا وہ شخص بھی قال رسول اللہ صلعم پس کہا ابن عباس نے سوال کرتا ہوں میں تجھے واسطے اللہ کے کہ کون ہے تو کہا راوی نے پس کھولا اس شخص نے عمامہ اپنے منہ سے اور کہا اے لوگو جو شخص پہچانتا ہے مجھکو پس پہچانتا ہے میں جندب ابن جنادہ بدری ابوذر غفاری ہوں سنا میں نے

نبی صلعم سے ان دونوں کانوں سے ورنہ بہرے ہو جاویں اور دیکھا میں نے ان دونوں آنکھوں سے ورنہ اندھی ہو جاویں کہتے تھے نبی صلعم حضرت علی کی شان میں بیشک علی ایسے ہیں سردار نیکوں کے اور قاتل کافروں کے مدد کیا گیا جس نے مدد کی اور چھوڑا گیا جس نے چھوڑا اسکو آگاہ ہو کہ تحقیق میں نے نماز پڑھی

ساتھ رسول صلعم کے ایک دن ظہر کی نماز پس سوال کیا ایک سائل نے مسجد میں اور نہیں دیا اسکو کسی نے کچھ پس اٹھایا سائل نے ہاتھ اپنا آسمان کی طرف اور کہا اے اللہ گواہ رہ تحقیق میں نے سوال کیا بیچ مسجد رسول صلعم کے اور رسول اللہ صلعم نماز پڑھتے تھے پس جب فارغ ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے اوٹھایا سر آسمان کی طرف ۱۲

وقال اللهم ان اخی موسی سالک فقال رب اشرح لی صدری و
یسر لی امری واحلل عقدة من لسانی یفقهوا قولی واجعل لی وزیرا
من اهلی هارون اخی اشدد به ازری واشرکه فی امری فانزلت علیه
قرانا ناطقا سنشد عضدک باخیک ونجعل لکما سلطانا فلا یصلون
الیکما بایاتنا اللهم وانا محمد نبیک وصفیک اللهم فاشرح لی صدری
ویسر لی امری واجعل لی وزیرا من اهلی علیا اشدد به ازری
قال ابو ذر فما استتم رسول الله ع کلامه حتی نزل علیه جبرئیل ع
من عند الله وقال یا محمد ع اقرء فقال ما اقرء فانزل الله علیه
انما ولیکم الله ورسوله والذین امنوا الذین یقیمون الصلوة و
یؤتون الزکوة وهم راکعون وقال الامام الثعلبی عقیب ما اورد
هذه القصة بصورتها سمعت ابا منصور الجسمانی یقول سمعت محمد بن عبد الله الحافظ

۴۱ تحقیق اور کہا اے اللہ میرے بھائی موسیٰ نے سوال کیا تجھ سے پس کہا اے رب میرے کشادہ کر سینہ میرا اور آسان کر امر میرا اور کھول گرہ میری زبان سے تاکہ سمجھیں لوگ کلام میرا اور کر واسطے میرے وزیر میرے اہل سے ہارون بھائی میرے کو قوی کر اسکے ساتھ پشت میری اور شریک کر اسکو

میرے کام میں پس نازل کیا تو نے موسیٰ پر قرآن ناطق عنقریب قوی کرونگا میں بازو تیرے ساتھ تیرے بھائی کے اور کرونگا میں واسطے تمہارے غلبہ پس نہ پہونچینگے طرف تمہارے ساتھ نشانیوں میری کے اے اللہ میں محمد نبی تیرا اور برگزیدہ تیرا ہوں اے اللہ پس کشادہ کر سینہ میرا اور آسان کر امر میرا

اور کر واسطے میرے وزیر میرے اہل سے علی کو قوی کر اسکے ساتھ پشت میری کہا ابوذر نے پس نہیں تمام کیا رسول اللہ صلعم نے کلام اپنا یہانتک کہ نازل ہوئے جبرئیل ع نزدیک اللہ کے اور کہا اے محمد پڑھ کہا کیا پڑھوں پس نازل کیا اللہ تعالیٰ نے اوپر انکے سوا اسکے نہیں ہے کہ ولی تمہارا اللہ ہے اور رسول اسکا

اور سوال اور وہ لوگ کہ ایمان لائے وہ لوگ کہ قائم کرتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور وہ لوگ خشوع کرنیوالے ہیں اور کہا امام ثعلبی نے بعد لانے اس قصہ کے سنا میں نے ابو منصور سے کہتے تھے سنا میں نے محمد بن عبد اللہ حافظ

يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ الْحَسَنِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا مُحَمَّدٍ هَارُوْنَ الْحَضْرَمِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ مَنْصُوْرٍ الطُّوْسِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ يَقُوْلُ مَاجَاءَ لِاَحَدٍ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مِنَ الْفَضَائِلِ مَاجَاءَ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَفِيْ اِيْرَادِهٖ قَوْلَ الْاِمَامِ اَحْمَدَ عَقِيْبَ هٰذِهِ الْقِصَّةِ اِشَارَةٌ اِلٰى اَنَّ هٰذِهِ الْمَنْقَبَةَ الْعَلِيَّةَ وَهِيَ الْجَمْعُ بَيْنَ هَاتَيْنِ الْعِبَادَتَيْنِ الْعَظِيْمَتَيْنِ الْبَدَنِيَّةِ وَالْمَالِيَّةِ فِيْ وَقْتٍ وَاحِدٍ حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْاٰنُ الْكَرِيْمُ بِمَدْحِ الْقَائِمِ بِهِمَا الْمُسَارِعِ اِلَيْهِمَا فَلَا اخْتَصَّ بِهَا عَلِيٌّ رض وَلَمْ تَحْصُلْ لِغَيْرِهٖ -

جواب - اسکا یہ ہی کہ علامہ ابن طلحہ شافعی کا اعتراف مبتنی ہے روایت ابو اسحٰق ثعلبی پر ابو ذر سے اور اوسکی نسبت حافظ ابن حجر نے الکاف الشاف مین جو کچھ ارقام فرمایا ہی اوپر گذر چکا رہگئی دوسری روایت ثعلبی کی سو ثعلبی کا حال بھی بارہا معلوم ہو چکا ہی -

شاہد پنجاہ و یکم صاحب نظم درر السمطین کا اعتراف فرمانا ہی چنانچہ فاتحۃ الکتاب مین جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توصیف مین یہ کلمات تحریر فرمائے ہین

کہتے تھے سنا مین نے ابو الحسن علی ابن الحسین کو وہ کہتے تھے سنا مین نے ابو محمد ہارون حضرمی کو وہ کہتے تھے سنا مین نے محمد ابن منصور طوسی کو وہ کہتے تھے سنا مین نے احمد بن حنبل کو وہ کہتے تھے نہین آئے واسطے کسی کے اصحاب رسول اللہ صلعم سے وہ فضائل جو آئے واسطے علی بن ابی طالب کے اور لانا اونکا قول امام احمد کو بعد اس قصہ کے اشارہ اسطرف ہی کہ بتحقیق یہ منقبت علیہ یعنی جمع کرنا دو عبادتون بدنیہ و مالیہ کا ایک وقت مین یہ ہی یہانتک کہ نازل ہوا قرآن کریم تعریف مین اوس شخص کے جو قائم رہنے والا

ان دونون ... دونون ... اور ... جلدی کرنے والا ... ساتھ ... خصوص ... دوسری صفت ... حضرت علی اور ... حاصل ہوئی یہ صفت ... غیر کو

وانتخب له من اهله علیا اخا وعونا فردا وخلیلا ورفیقا ووزیرا ونصیرا
علی ابلاغ الدین والرسالة موازرا ومساعدا ومنجدا وظهیرا وجعله
ابا بنیه وجمع کل الفضائل فیه وانزل علیه فی شانه انما ولیکم الله
ورسوله والذین امنوا الذین یقیمون الصلوة ویؤتون الزکوة وهم
راکعون تعظیما له وتوقیرا وتعریفا بحق ولایته وتنبیها علی کمال
رعایته لیحافظوا علیهما وینالوا بها سعادة ونظارة وتنظیرا۔

جواب اسکا یہ ہی کہ یہ روایت غیر مقبول ہی بچند وجوہ اول یہ کہ یہ روایت
کتاب مناقب سی منقول ہی جنکا حال تمہید مین معلوم ہوچکا دوسرے
یہ کہ غیر مذکور السند ہی سوم یہ ہی کہ کسی نے حکم صحت کا نہین لگایا۔

شاہد پنجاہ ودوم۔ ملک العلما شہاب الدین دولت آبادی کا اعتراف ہی
چنانچہ کتاب ہدایۃ السعدا مین تحریر فرماتے ہین وانگشتری در دست راست
پوشیدن سنت بود مصطفی وصحابہ دست راست پوشیدہ وشاہ علی در رکوع
انگشتری صدقہ دادہ بود ویؤتون الزکوۃ وہم راکعون انگشتری در دست
شاہ بود اما چون شعار مذہب شیعہ برین شد متاخران اہل سنت مکروہ گفتند

شاہد پنجاہ ودوم

جواب اسکا یہ ہی کہ شہاب الدین دولت آبادی فن حدیث سے بالکل
بے بہرہ تھے اور جن روایتونکے اعتماد پر لکھاہی وہ روایتین محدثین کے نزدیک یا موضوع
ہین یا ضعیف لہذا اس سے احتجاج کرنا شان مناظر سے بعید کل البعد ہی۔

شاہد پنجاہ وسوم ۔ علامہ ابو الحجاج یوسف بن محمد البلوی کا اعتراف فرمانا ہی
علامۂ موصوف کتاب الف باء مین ذکر امیر المومنین علیہ السلام مین تحریر فرماتے ہین

وفضائلہ رضي الله عنه لا تحصى ممن يعد الحصى وجوده وكرمه
اكثر من ان يعد وفضله اكبر من ان يحد فمن جوده وفضله
انه عمل خصلتين لم يعملهما احد قبله احدهما انه لما انزل الله
يا ايها الذين امنوا اذا ناجيتم الرسول فقدموا بين يدي نجواكم
صدقة اشفق المسلمون من ذلك وشق عليهم لضعف مقدرة كثير
منهم عن الصدقة فعمد علي رضي الله عنه وتصدق بدينار وناجى
رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم رحم الله المسلمين ونسخ ذلك عنهم بقوله
ءاشفقتم ان تقدموا بين يدي نجواكم صدقات فهذه اية نسخها
لعلي ولم يعمل بها غير علي رضي الله عنه وكان سبب نزول الاية

اَنَّ الْمُسْلِمِيْنَ كَانُوْا يُكْثِرُوْنَ الْمَسَائِلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى شَقُّوْا
عَلَيْهِ فَاَرَادَ اللّٰهُ التَّخْفِيْفَ عَنْهُ فَكَفَّ كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ثُمَّ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ بِالْاٰيَةِ
الَّتِيْ بَعْدَهَا قَالَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ وَقِيْلَ نَزَلَتْ بِسَبَبِ اَنَّ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْيَهُوْدَ
كَانُوْا يُنَاجُوْنَ النَّبِيَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ اُذُنٌ يَسْمَعُ كُلَّ مَا قِيْلَ لَهٗ
فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ انْتَهٰى اَهْلُ الْبَاطِلِ عَنِ النَّجْوٰى بِاَنَّهُمْ لَمْ يُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ
نَجْوٰيهُمْ صَدَقَةً وَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ لِضُعْفِ مَقْدِرَتِهِمْ كَمَا تَقَدَّمَ
فَخَفَّفَ اللّٰهُ عَنْهُمْ بِالْاٰيَةِ النَّاسِخَةِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ وَالْخَصْلَةُ الْاُخْرٰى الَّتِيْ
لِعَلِيٍّ وَحْدَهٗ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ اَعْطٰى مِسْكِيْنًا خَاتَمَهٗ مِنْ فِضَّةٍ وَهُوَ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَاكِعٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تع فِيْ ذٰلِكَ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ
وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رَاكِعُوْنَ قَالَ مُجَاهِدٌ وَالسُّدِّيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْ جَمِيْعِهِمْ
قِيْلَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِسْكِيْنٌ يَسْأَلُ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ
وَالسَّلَامُ هَلْ اَعْطَاكَ اَحَدٌ شَيْئًا قَالَ نَعَمْ قَالَ مَاذَا قَالَ خَاتَمٌ مِنْ فِضَّةٍ

کہ مسلمان کثرت سے سوال کرتے تھے نبی
صلی اللہ علیہ وسلم سے حتی کہ شاق ہوا
حضرت رسول اللہ صلعم پر پس ارادہ کیا
اللہ تعالیٰ نے تخفیف کا پس باز رہے بہت لوگ
اور وسعت کیا اللہ تعالیٰ نے اون لوگوں پر
اوس آیت سے جو بعد اسکے ہے کہا یہ ابن

عباس نے اور کہا گیا ہے کہ نازل ہوئی یہ آیت
اس وجہ سے کہ منافقین اور یہود پکارتے تھے
نبی صلعم کو اور کہتے تھے کہ آنحضرت سراپا گوش
ہیں سنتے ہیں جو کچھ کہا جاتا ہے اون سے پس
جب نازل کیا اللہ نے یہ آیت باز رہے اہل باطل
پکارنے سے باین طور کہ نہیں مقدم کرتے تھے

پکارنے کے صدقہ اور شاق ہوا یہ مسلمانوں پر
بوجہ ضعف مقدرت کے جیسا کہ پہلے تقدیم کیا
پس تخفیف کیا اللہ تعالیٰ نے اون سے ساتھ ناسخ
آیت کے واللہ اعلم اور دوسری خصلت
جو مخصوص ہے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے
یہ ہے کہ عطا کیا آپ نے ایک مسکین کو انگشتری چاندی کی

رکوع کی حالت میں پس نازل کیا اللہ تعالیٰ نے اس میں الذین یقیمون الصلوٰۃ الآیۃ کہا مجاہد اور سدی نے کہا گیا کہ نکلے رسول اللہ صلعم اور ایک مسکین مسجد میں سوال کرتا تھا

قَالَ مَنْ اَعْطَاکَہٗ قَالَ ذٰلِکَ الرَّجُلُ الْقَائِمُ فَاِذَا ھُوَ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ فَکَبَّرَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِکَ وَنَزَلَتِ الْاٰیَۃُ

جواب - اسکا یہ ہی کہ اس شاہدمین وفضائلہ سے واللہ اعلم تک جو ایک طولانی عبارت ہی اوسمین کوئی لفظ ایسا نہین جو آپ کے مدعا پر دلالت کرتا ہو اور باقی عبارت مبتنی ہی مجاہد اور سدی کی روایت پر اور سدی کا حال اوپر معلوم ہو چکا ہی

شاہد پنجاہ وچہارم - جناب مولوی رشید الدین خانصاحب کا اعتراف فرمانا ہی چنانچہ کتاب ایضاح مین تحریر فرماتے ہین سوم آنکہ بر تقدیر اعلمیت شیخین رضی اللہ عنہما باعتبار نقل اخبار سید الابرار بلکہ فرض اعجبیت شان نیز بہ بعضی وجوہ از حیدر کرار نزد شخص مشار الیہ چنانچہ جناب نصفت مآب بعد ازین نقل آن نمودہ اند مثبت تعصب الشخص وعدم تعظیم ومحبت او نسبت بامیر ولایت پناہ مورد کریمہ انما ولیکم اللہ نمی شود۔

جواب - اسکا یہ ہی کہ اس عبارت کے غت ربود یا تغلب تصرف سے خالی ہونیمین جیسا کہ نقل عبارت در منثور مین ہوا شک ہے بلکہ غالب یہ کہ حضرت رشید المتکلمین کی یہ عبارت نہین ہی اور بر تقدیر تسلیم اسکا جواب شاہد سی وششم کے جواب مین گذر چکا۔

شاہد پنجاہ وپنجم - امام فخر رازی کا اعتراف فرمانا ہی چنانچہ امام صاحب کی کتاب نہایۃ العقول مین اس آیت کے متعلق اہل تشیع کی طرف سے یہ استدلال نقل فرمایا ہی

اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں پس ثابت ہوا کہ نبی رسول صلعم اور سوائے اور نازل ہوئی آیت ۱۳

والاستدلال به على طريقين الاول مبني على امور ثلاثة احدها ان
لفظة الولي محتملة للاولى بالتصرف وثانيها ان هذه اللفظة في هذه
الاية متعينة لهذا المعنى وثالثها ان المراد بقوله والذين امنوا
الى قوله وهم راكعون علي وحده اور مقام جواب مین تحریر فرماتے ہین
والاعتراض على الطريق الاول انا لا ننازعكم في المقام الاول والثالث
وانما ننازعكم في المقام الثاني اور نیز امام صاحب اسی مبحث مین
شیعون کے استدلال کو یون تحریر فرماتے ہین الرابع ان المفسرين اتفقوا
على نزول هذه الاية في حق علي بن ابي طالب رضي الله عنه فوجب
ان يكون هو المراد لا غيره اور مقام جواب مین اس قول کی بالتصریح رد نہین فرمائی

جواب - اسکا یہ ہی کہ امام فخر رازی نے تفسیر کبیر مین والذین آمنوا سے
فقط جناب امیر علیہ السلام کے مراد ہونے کو بھی باطل کردیا ہی اور شان نزول پر
بھی منع وارد کی ہی پس معلوم ہوا کہ امام کے نزدیک دونون امر بالکل باطل
و مردود ہین اور یہان پر امام درپے ابطال استدلال حضرات شیعہ ہین
اور ابطال استدلال مین بعد ابطال مقدمۃ من المقدمات کے باقی مقدمات باطلہ کا

اور دلیل لانا ویسکے ساتھ دو طور سے ہی اول مبنی ہی تین امور پر ایک یہ کہ لفظ ولی محتمل ہے اولی بالتصرف کو اور دوسرے یہ کہ یہ لفظ اس آیت مین معین اسی معنی کو ہی اور تیسرے یہ کہ مراد والذین آمنوا سے تا ہم راکعون تک فقط حضرت علی رض ہین ۱۲

اور اعتراض اول طریقہ پر یہ کہ نہین نزاع کرتے ہین ہم مقام اول اور ثالث مین اور نزاع کرتے ہین ہم مقام ثانی مین ۱۲

چونکہ مفسرین متفق ہین کہ یہ آیت شان مین حضرت علی ع کے نازل ہوئی ہے پس ضرور ہوا کہ مراد اس سے حضرت علی ہی ہون نہ غیر انکا ۱۲

ابطال حسب قواعد مناظرہ کچھ ضرور نہین ہی اسوجہ سے امام نے بنظر اختصار ابطال مقدمۂ واحدہ پر اقتصار فرمایا ہی ورنہ باقی مقدمات بھی امام کے نزدیک قطعاً باطل و فاسد ہین چنانچہ امام نے تفسیر کبیر وغیرہ مین باطل کر بھی دیا ہی جناب سن حضرت امام المتکلمین فخر الدین رازی اللھم ابعثہ یوم القیمۃ وانت عنہ راض کے کلام سعادت انجام مین بھی کہین گنجایش نپائیگا اونکے کلام سے ہو لکر بھی قصد الزام نفرمائیگا چنانچہ اس مقام پر دیکھ لیجیے کہ کسیقدر کامیابی ہوئی

شاہد پنجاہ و ششم صاحب ذخیرۃ المال کا یہ اعتراف فرمانا ہی وقد حکم اللہ سبحانہ علی کل مؤمن ومؤمنۃ ان یتولّی علیًّا رضی اللہ عنہ علی کل حال انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلوۃ ویؤتون الزکوۃ وھم راکعون وذلک علیؓ رضی اللہ عنہ وکرّم وجھہ دوسرے مقام پر یہ اشعار تحریر فرماتے ہین

فاللہ قد انزل احسن القصص	بانہ ولینا والنص خص
ذلک المقیم للصلوۃ خاشعا	والمؤدی للزکوۃ راکعا
فاحذر ولا تقف لشدّ مارب	وکن مع حزب الالہ الغالب
واقرء ھدیت انما ولیکم	واسمع حدیثا جاء فی غدیر خم

اللہ تعالیٰ نے بتحقیق نازل کیا احسن قصص یا بہتر بتحقیق علی کرم اللہ وجہہ ہین ۱۲ علیؑ ہیں تحقیق کرنے والے ہین اور حضرت اور دیتے ہین زکوٰۃ اور وہ لوگ ایمان والے کہ قائم کرتے ہین نماز کو اور جو لوگ ایمان لائے ہین اور ایسے ولی تمہارا مگر اللہ اور رسول اسکا علی کرم حال مین یہی ہے کوئی سورت پر کہ دوست رکھین حضرت سبحانہ نے ہر مسلمان مرد اور اور بتحقیق حکم کیا اللہ

جواب - اسکا یہ ہی کہ یہ شاہد کتاب مجہول الحال سے منقول ہی لہذا قابل التفات نہین

شاہد پنجاہ و ہفتم - علامہ قوشجی کا شرح تجرید مین یہ قول تحریر کرکے اسپر سکوت فرمانا ہی

بَیَانُ ذٰلِكَ اَنَّهَا نَزَلَتْ بِاتِّفَاقِ الْمُفَسِّرِيْنَ فِيْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ حِيْنَ اَعْطَى

السَّائِلَ خَاتَمَهٗ وَهُوَ رَاكِعٌ فِيْ صَلٰوتِهٖ اور نیز یہ تحریر فرمانا ہی وَقَوْلُ

الْمُفَسِّرِيْنَ اِنَّ الْاٰيَةَ نَزَلَتْ فِيْ عَلِيٍّ لَا يَقْتَضِيْ اِخْتِصَاصَهَا وَاقْتِصَارَهَا عَلَيْهِ -

جواب - اسکا اولاً یہ کہ بیان ذلک سے مسلک شارح کا بیان مراد ہونا

ممنوع ہی اور بیان مطلب ماتن کا مراد ہونا آپ کے حق مین مفید نہین ہے

اور اسیطرح وقول المفسرین مین بھی لفظ مفسرین سے

مفسرین اہل سنت کا مراد ہونا ممنوع ہی اور مفسرین اہل تشیع

کا مراد ہونا آپ کے حق مین مفید نہین اور در بارۂ شان نزول علامۂ

قوشجی کا سکوت فرمانا بھی ممنوع ہی کیونکہ قضیۂ سالبہ بغیر وجود موضوع کے

بھی صادق ہوتا ہی بنابراسکے جائز ہی کہ وقول المفسرین لا یقتضی اختصاصہا سے

علامہ کے مراد یہ ہو کہ اقتضاء قول مفسرین نابود ہی بدین وجہ کہ مفسرین کا

یہ قول سند نہین پس آپ کا یہ فرمانا کہ علامۂ قوشجی نے در بارۂ شان نزول

سکوت فرمایا ہی محض بے بنیاد ہوگیا ثانیاً یہ کہ قطع نظر اس سے کہ علامۂ قوشجی

علوم نقلیہ مین بالکل غیر معتبر ہین اونہون نے تجرید کی شرح کی ہی رد

نہین کیا ہی اسی جہت سے یہ کتاب شرح تجرید کے نام سے مشہور ہی رد تجرید کے

۵۵ بیان ذلک ... آیت نازل ہوئی باتفاق مفسرین شان مین علی علیہ السلام کے جبوقت دیا آپنے سائل کو انگشتری ... قول المفسرین ...

نام سے مشہور نہین ہی پس جسقدر مراتب شارحین کے ذمہ واجب الادا ہوتے ہین وہ سب علامہ کو بھی ادا کرنا پڑینگے اور منجملہ اونکے یہ بھی ہی کہ موافق مسلک ماتن کے معضلات متن کو کھولدینا اور حسب اصول مسلک ماتن جسقدر خدشات متن پر وارد ہوتے ہین اونکا ذکر کردینا اور اگر ممکن الدفع ہون تو دفع بھی کردینا پس علامہ موصوف نے شرح تجرید مین جو کچھہ لکھا ہی وہ موافق اصول مسلک صاحب تجرید کے جسکے کلام کے شارح ہین لکھا ہی نہ موافق اپنے مسلک کے پس شرح مذکور مین علامۂ موصوف کی جسقدر تحریرات ہین وہ اہلِ سنت پر حجت نہین ہوسکتی ہین لہذا اگر بالفرض درباب شان نزول علامۂ موصوف نے سکوت فرمایا ہی تب بھی آپ کے مفید مطلب نہین ہوسکتا ہی

ضمیمہ

چونکہ بندہ کمترین خلائق عفا اللہ عنہ بیشتر وعدہ کرچکا تھا کہ بعد ختم شواہد کے کچھہ اون کے اجمالی حالات بھی لکھونگا پس چاہتا ہی کہ پہلے چند قواعد بصورت فوائد کے بیان کرے بعد اوسکے اجمالی حالات جمیع شواہد کے حسب وعدہ تحریر کرکے حضرات ناظرین کی خدمت مین گزارش کرے کہ اون قواعد کو ملحوظ خاطر رکھکر حالات شواہد کو ملاحظہ فرمالین کہ جناب مولوی مہدیحسین صاحب کو ان شواہد کے پیش فرمانے سے ثبوت دعویٰ تو درکنار سوائے ضرر بیشمار اور نقصان بسیار از بسیار کے کچھہ کسی قسم کا قدر قلیل ولوکان اقل القلیل نفع بھی حاصل ہوا یا نہین فائدہ اول یہ شان نزول

اس حیثیت سے کہ مدعی نے اسکے اثبات اصحیت کا بار اپنے ذمہ لیا ہی اس امر کو مقتضی ہے
کہ اسکے دلائل مین روایات حسنہ لغیرہا بلکہ لذاتہا بلکہ مطلق صحیحہ بھی تا وقتیکہ مرتبۂ اصحیت کو نہ
پھونچ جاوین مقبول نہون **فائدہ دوم** حدیث عہ صحیح مین منجملہ اور شرائط کے ایک
شرطیہ بھی ہی کہ وہ روایت شاذ نہو **فائدہ سوم** اس عہ۲ زمانہ مین بوجہ ضعف اہلیت کے
اسانید مجردہ کو دیکھکر اور بطور خود انکے اسانید کی تنقید کرکے صحت حدیث کا دریافت
کر لینا نہایت درجہ دشوار ہو گیا ہی الا ماشاء اللہ حتی کہ آجکل دار و مدار معرفت حدیث

عہ اسکی تصریح اصول حدیث کی جملہ کتب مین جہان حدیث صحیح کی تعریف کی ہی موجود ہی ۱۲ منہ

عہ۲ اسکی تصریح کتب اصول حدیث مین بھی موجود ہی مین اس مقام پر حرف مقدمہ ابن الصلاح کی نقل عبارت پر اقتصار کرتا ہون وہی ہذہ اذا وجدنا فیما نروی من اجزاء الحدیث وغیرہا حدیثا صحیح الاسناد ولم نجدہ فی احد الصحیحین ولا منصوصا علی صحتہ فی شیء من مصنفات ائمۃ الحدیث المعتمدۃ المشہورۃ فانا لا نتجاسر علی الجزم بالحکم بصحتہ فقد تعذر فی ہذہ الاعصار الاستقلال بادراک الصحیح بمجرد اعتبار الاسانید لانہ ما من اسناد ... الا وتجد فی ...

[illegible]

صحیح کا اسی امر پر رہگیا ہی کہ وہ حدیث یا احد الصحیحین مین موجود ہو یا کسی امام ناقد بصیر غیر متساہل کی صحیح گفتہ ہو یا کسی عالم معتبر و مستند فی الحدیث کی کتاب ملتزمۃ الصحۃ مین مذکور ہو **فائدۂ چہارم** کوئی ع۱ روایت اگرچہ جامع شرائط صحت ہو لیکن تا وقتیکہ سالم عن المعارض نہو گی کسی طرح معمول بہ و معتقد علیہ نہین ہو سکتی مگر اوس صورت مین کہ وہ معارض مقبولیت وغیرہ مین مماثل معارض کا نہو **فائدۂ پنجم** کتب غیر ملتزمۃ ع۲ الصحۃ مین کسی حدیث کا موجود ہونا ہرگز اوسکی صحت کی دلیل نہین ہو سکتا **فائدۂ ششم** جو احادیث کہ نہ احد الصحیحین مین ہون اور نہ کسی عالم مستند فی الحدیث کی کتاب ملتزمۃ الصحۃ مین مذکور ہون وہ بوجہ غیر معلومۃ الصحۃ و محتملہ الضعف والوضع

ع۱ اسکی تصریح کتب اصول حدیث مین موجود ہی یہان صرف شرح نخبہ کی عبارت پر اکتفا کیجاتی ہی وھی ھذا ثم المقبول ینقسم ایضا الی معمول بہ وغیر معمول بہ لانہ ان سلم من المعارضۃ فھو المحکم [illegible] وامثلتہ کثیرۃ یعنی پھر مقبول کی دو قسمین ہین معمول بہ اور غیر معمول بہ کیونکہ اگر حدیث سالم ہوگی معارضہ سے تو وہی محکم ہے [illegible] کوئی حدیث مخالف اوسکے نہین ہوگی معمول بہ بھی یہی ہی اور [illegible] اگر معارض مثل معارض کا ہو ورنہ کالعدم ہوگا چنانچہ اسی کتاب مین ہی فلا یخلو اما ان یکون معارضہ مقبولا مثلہ او یکون مردودا والثانی لا اثر لہ لان القوی لا یؤثر فیہ مخالفۃ الضعیف یعنی دو حال سے خالی نہین یا ہوگا معارض اوسکا مقبولیت وغیرہ مین مثل اوسکے یا نہین پس اگر نہو گا تو اوسکا کوئی اثر نہین ہی کیونکہ مخالفت ضعیف سے قوی کو کچھ نقصان نہین پہونچ سکتی ۱۲ منہ

ع۲ جیسا کہ مقدمہ ابن الصلاح کی [illegible] ولا یکفی [illegible] مجرد [illegible] کتاب ابی داود و [illegible] النسائی [illegible] جمیع [illegible] الصحیح [illegible] ابوداود و یا کتاب ترمذی یا کتاب نسائی مین اور تمام اون کتابون مین کہ جنمین صحیح اور غیر صحیح دونون روایتین جمع ہین [illegible] منہ عفا اللہ تعالی عنہ

ہونے کے قابل استدلال نہین ہوتین نہ بباعث قطعیۃ الضعف اور الوضع ہونے کی حتی کہ اگر اللہ تعالی کسی کو اہلیت ولیوی اور ایسا شخص اس زمانہ مین نادر الوجود ہے وَذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ تو وہ احادیث غیر موجودہ فی احد الصحیحین وغیر محکوم بالصحۃ کو کتب غیر ملتزمۃ الصحۃ سے اخذ کرکے اور خود تنقید و تنقیح اسانید فرماکر جنکو صحیح پاوے اونسے استدلال کرسکتا ہی **فائدہ ہفتم** کسی حدیث کا کثیر الطریق ہونا عزیزا عما یشترط فی الصحیح اوسکی صحت کو کافی نہین ہی لیکن اوس صورت مین کہ اوسکے رواۃ حد تواتر کو پہونچ جاوین **فائدہ ہشتم** کتب مناقب و فضائل و سیر وغیرہ مین التزام صرف صحیح روایتون کے لکھنے یا ماعدا سے ممتاز کردینے کا نہین کیا گیا ہی بلکہ اکثر اونمین احادیث ضعیفہ و مجہولہ بلا امتیاز مذکور ہین **فائدہ نہم** مصنف کی جلیل الشان و رفیع المکان مستند و معتمد ہونے سے اوسکی جملہ تصنیفات کا خواہ ملتزمۃ الصحۃ ہون یا نہین معتبر و مستند ہونا لازم نہین آتا اور ایسا ہی کتاب کے نامعتبر و غیر مستند

ہونے سے یہ لازم نہین آتا کہ اوسکا مصنف بھی نامعتبر و غیر مستند ہو۔ پس جب یہ قواعد مبین ہو چکے تو مجھے اسکی کچھہ حاجت باقی نہین رہی کہ ہر ہر شاہد کو ان قواعد پر منطبق کرون اور مصدر تطویل لاطائل ہون بلکہ حضرات ناظرین خود ان قواعد کو ملحوظ رکھکر ہر ہر شاہد کو ملاحظہ فرمالین کسی شاہد کو اس سے خالی نپاوین گے کہ یا تو وہ کسی کتاب غیر[عه] ملتزمۃ الصحۃ سے منقول ہین یا کسی ایسی کتاب سے کہ جسکا مصنف خود پایہ[عه] اعتبار سے ساقط ہی اور کوئی شاہد نہ تو محکوم علیہا بالصحۃ ہی نہ کسی کتاب ملتزمۃ الصحۃ سے منقول ہی اور اگر کوئی شاہد[عه] علی سبیل الندرۃ اتفاقاً کسی کتاب معتبر سے منقول ہی تو یا تو وہ مدعا پر دلالت نہین کرتا بلکہ اوسکا مبطل و منافی ہی اور معہذا کوئی شاہد انمین سے سالم عن المعارض نہین ہی بلکہ جملہ شواہد اپنے معارض کے سامنے بوجہ اوسکے محکوم علیہ بالصحۃ ہونے کی کالعدم ہین اور باینہمہ باخود ہا اونمین تہافت[عه] و تناقض کچھہ کم نہین ہی اور پھر بعض بعض رواۃ کا معلوم المجروح ہونا یا بعض

عه مثل ابن مردویہ و خطیب و ابن عساکر و دیلمی و ثعلبی وغیرہم ۱۲ منہ عفا اللہ عنہ

عه مثل کتاب مناقب مصنفہ اخطب خوارزم و ینابیع المودۃ ۱۲ منہ عفا اللہ عنہ

عه مثل معالم التنزیل و تفسیر کبیر للبعض ۱۲ منہ عفا اللہ عنہ

عه کسی سے ثابت ہوتا ہے کہ واقعہ انگشتری جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہوا اور کسی سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت نے سائل سے پوچھا کہ انگشتری کس نے دی اور کسی سے ثابت ہوتا ہے کہ انگشتری حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی انگشت مبارک ہی میں تھی جھکانے سے گر پڑی اور سائل نے اوٹھا لی اور کسی سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت نے سائل کو انگشت مبارک دکھا دی کہ اوتار لے اور اوسنے خود اوتار لی اور کسی سے ثابت ہوتا ہے کہ آیہ کریمہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وسلم پر خانہ مبارک میں نازل ہوئی اور کسی سے معلوم ہوتا ہے کہ خانہ مبارک میں نہین نازل ہوئی بلکہ مسجد میں

عه مثل ہے اور ابو صالح اور کلبی وغیرہ کے ۱۲ منہ عفا اللہ عنہ مثل روایت طبرانی منقولہ از درمنثور کہ جناب سدی اور روایت ثعلبی اور نے بجز نقل صحیح نقل فرمایا ہے اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے روایت کشاف کی کہ جواب شافی ہین اوسکو مجروح فرما دیا ہے چنانچہ مذکور ہو چکا ہے ۱۲ منہ عفا اللہ عنہ

بعض طرق پر خود اونکے مخرجین یا دیگر ثقات محدثین کا جرح کر دینا مزید برآن ہی پس ایسی صورت
مین مجھے امید واثق ہی کہ کوئی انصاف دوست ان شواہد سے استدلال کرنا اور اونکو دعوی اصحیت
کا مثبت سمجھنا تو درکنار معرض تحقیق مین انکا نام بھی زبان پر لانا جائز نہ سمجھے گا کہ یہ شواہد
مبطل مدعا و منافی دعوی البتہ ہین اور افسوس کہ مدعیٔ اصحیت نے حافظ ابن کثیر اور مولانا
شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی کے اقوال کو بھی ملاحظہ نفرمایا کہ یہ دونون حضرات
اس شان نزول کی عدم صحت و موضوعیت کو کس خوبی و وضاحت سے بیان فرماتے ہین
بلکہ حضرت محدث دہلوی نے ایک مقام پر استدلال اہل تشیع کو اسی آیہ کریمہ سے نقل فرمایا ہے
اور علاوہ اور دلائل کے اس قصہ مخترعہ یعنی اعطاے انگشتری سے الفاظ و صیغہ کریمہ کا بھی
آبی ہونا ثابت فرمایا ہی کہ کاش اس غیر واقعی امر کی نسبت اتنا بڑا دعوی اصحیت کا اس زور
شور سے نکرتے اور آخر الامر ع چہ کاری کند عاقل کہ باز آید پشیمانی * کا مصداق نہ بنتے
بلکہ صرف کتب مناقب و کتب غیر ملتزمۃ الصحۃ مین چند روایات کو دیکھکر اور اونکے تعدد پر ولو
فی الطبقۃ الرابعۃ مغرور ہو کر مدعی اصحیت بن بیٹھے اور یہ بھی نہ سمجھے کہ طبقہ رابعہ مین کسی
حدیث کا بطرق متعددہ بغیر حکم صحت کے کتب غیر ملتزمۃ الصحۃ مین مخرج ہونا اوسکی صحت کی
دلیل نہین ہوسکتا اور طرہ اوسپر یہ کیا کہ چند روایات کتب معتبرہ سے بھی نکالکر اوسکے ساتھ انضمام کر دین کہ
جو فی الحقیقت مبطل مدعا تھین تاکہ عوام لوگ فریب مین آوین اور اس دعوی بلا دلیل کو کسی وجہ
تک صادق سمجھہ لین پس بندۂ بے سلیقہ سوا اسکے کہ ان حضرات کے ورود حسب حکم حضرت محدث دہلوی اس شعر
کو پڑھے اور کیا کرسکتا ہی شعر

فان کنت لا تدری فتلک مصیبۃ	وان کنت تدری فالمصیبۃ اعظم

بعدان جوابات کے خدمت عالی مین التماس ہی کہ جناب نے سدی وعبدالرزاق
وابن جریر واخطب خوارزم وابن مردویہ وغیرہم کو امام ہمام وسید الحفاظ کے
کلمات سے تعبیر فرمایا ہی کہ جو بشہادت کشف الظنون ولآلی مصنوعہ واجوبۂ
فاضلہ وتحفۂ اثنا عشریہ کذاب ووضاع ومائل الی التشیع وشیعہ وزیدیہ وخاطی
قرار پائے ہین اب آپکے ذمہ اسکا اثبات واجب ولازم ہی کہ کس امام حدیث
اہلِ سنت نے ان لوگون کو امام ہمام وسید الحفاظ کے خطاب سے یاد کیا ہی
اور اگر آپ نے اسکا اثبات علمای اہلِ سنت کی کتب سے نکیا تو کیا اہلِ سنت پر
افترائے عظیم نہوگا اور کیا وہ لوگ سُبحانکَ ھٰذا بُھتانٌ عظِیمٌ سے ترزبان
نہونگے بیشک ضرور۔ خیال ناقص مین آتا ہی کہ اپنے ان کذابون وضاعون کو
جو ان خطابات معززہ سے ممتاز فرمایا ہی شاید اسواسطے کہ عوام جہال انکی
جرحون کو دیکھکر اندیشہ مین پڑین کہ اہلِ سنت نے اپنے یہان کے ائمہ کو
کذاب ووضاع بنایا اور آپ اوپر ہنسین سو یہ تو در کنار لینے کے دینے پڑگئے
پھلے آپ دوسرون کو ہنستے اب ہنستے کے گھر بستے جناب من اب اسکا اثبات کیجیے
پھر دوسری بات کسی کذاب ووضاع کو امام یا سید الحفاظ لکھدینا کیا آپ نے
آسان سمجھ لیا ہی اب ایک دوسری عرض اور خدمت عالی مین ہی وہ یہ کہ
شاید خاطر عاطر سے فراموش نہوا ہوگا کہ جناب نے صدر بحث مین دعوی
فرمایا تھا کہ جزاول اس امر کے اثبا تمین کہ اس آیت کا شان نزول

علی الاصح حضرت امیر المومنین صلوٰة اللہ وسلامہ علیہ الی یوم الدین کے
حق مین ہی اور دیگر اقوال و روایات جو اسکی بابت حضرات علماء اہل سنت وجماعت
نے اپنی کتابون مین درج کیئے ہین بالکل غیر صحیح و نا قابل التفات ہین کیا
حضرات روایات صحیحہ ایسے ہی کذابون وضاعون کی روایات کو کہتے ہین
یا صحیح روایتون کی شرطا اصول حدیث مین یہی بیان کی گئی ہی کہ جسکو کذاب
ووضاع وظلام روایت کرین حاشا وکلا ہرگز نہین بلکہ ایسی روایتون کو
موضوع کہتے ہین اور ایسی روایتون سے احتجاج کرنا اور پھر مقام تحقیق عقائد مین
تو بہت بڑی بات ہی کسی کتاب ملتزم الصحۃ مین ذکر کرنے کو بھی حد درجہ کا
عیب سمجھتے ہین اور جس سے یہ فعل قبیح صادر ہوتا ہی اوسکو کہتے ہین کہ اسکو
حدیث صحیح وغیر صحیح مین تمیز نہین جیسا کہ ملاحظہ کتب فن سے واضح ولائح ہے
اب میری سمجھہ مین نہین آتا کہ بروقت پیش فرمانے اِن شواہد کے یہ دعوی فرمایا
خاطر دریا مقاطر نرہا تھا یا یہ کہ اِن رواۃ کذاب ووضاع وظلام کے حال
سے آگاہی نہ تھی یا یہ کہ اصول حدیث سے واقف نہ تھے یا یہ کہ دیدہ ودانستہ
اِن کذابون کی روایت سے احتجاج فرمایا کمترین حیران وسرگردان ہی کہ اِن
شقوق مین سے کس شق کی نسبت آپکی طرف کرے اگر نسبت نسیان کی
آپکی طرف کرتا ہون تو وہ بھی خلاف ادب ہی اور اگر لاعلمی از حال رواۃ کہون
تو یہ سراسر ملازمان والا کی طرف نسبت جہل صریح کی کرنا ہی اور وہ بھی اِس

احقر سے بعید ہی اور اگر اصول حدیث سے عدم واقفیت کی نسبت کرے

تو اوسکا بھی مرجع یہی ہی اور اگر یہ کہیے کہ دیدہ و دانستہ ملازمان والا سے

ایسا وقوع مین آیا تو یہ قطع نظر اس سے کہ احقاق حق سے بدرجہا بعید ہی

کمترین ایسا کہہ نہین سکتا لہذا امیدوار ہی کہ کمترین کو ان گستاخیون سے

معذور رکھکر براہ عنایت قدیمانہ خود ہی ارشاد فرما دین۔

سوا دس بجے شب کو مولوی عبد الحکیم صاحب نے جلسہ ختم کرنا چاہا جسپر جناب مولوی مہدی حسن

صاحب نے ارشاد فرمایا کہ جب اتنا وقت آپ نے صرف فرمایا ہی تو بہتر

ہو گا کہ آج کے جلسہ مین اپنی کل تقریر ختم فرما دیجئے جناب مولوی محمد

عبد الحکیم صاحب نے فرمایا کہ ہم جمعہ کو تقریر ختم کرینگے۔

العبد عبد الحکیم بقلم خود　　　العبد محمد مہدی حسن بقلم خود

یوم جمعہ واقع بست و ششم ذیحجہ ۱۳۱۲ھ بارہ دری آغا حسنو صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۵ اب یہ ملحوظ خاطر عاطر رہے کہ چونکہ ہم اوپر وعدہ کر چکے

ہین کہ آپ کے شواہد کے معارضات بھی پیش کرینگے لہذا قبل اس سے کہ ہم

اون معارضات کو بیان کرین ایک امر خدمت عالی مین واجب العرض ہے

وہ یہ کہ معارضہ کا قاعدہ کلیہ یہ ہی کہ معارض بالکسر و معارض بالفتح دونونکو

درجہ قبولیت مین متماثل ہونا چاہیئے والا اگر ایک مرجوح ہی اور دوسرا راجح

تو اسصورت مین مخالفت مرجوح کے راجح کے حق مین کچھ بھی مضر نہین ہو سکتے

چہ جائیکہ ایک مقبول و دوسرا مردود ہو جیسا کہ شرح نخبہ و دیگر اصول حدیث
کی کتب سے بخوبی واضح ہے اور اس قاعدہ کی بنا پر کمترین اپنے ایفائے
وعدہ سے سخت درجہ مجبور ہے اسلیے کہ بابت شان نزول آیۂ مقدسہ کے جس
قول کے اثبات کے آپ مدعی ہین مثل اوسکے اور اوسکے شواہد کے کوئی قول اور
اوسکے شواہد مردود و مخذول نہین ہین تو ایسی صورت مین کمترین معارض متماثل کیسے
بیان کر سکتا ہے لہذا بدرجۂ ناچاری اونہین شواہد مقبولہ محققین کو آپ کے
انھین شواہد مردودہ محدثین و مفسرین کے معارضہ مین پیش کرنا پڑا

معارض اول یہ ہے کہ علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے جنکی روایات
محتجہ مجبورہ از حکم صحت سے آپ احتجاج کر چکے ہین اپنی تفسیر جلالین مین
التزام فقط اصح وارجح روایت پر اقتصار کرنیکا کر لیا ہے چنانچہ عبارت خطبہ
تفسیر مذکور سے کہ جو تمہید مین منقول ہو چکی واضح ہے کہ جس سے ہر ہر قول و
روایت تفسیر مذکور کا علامہ ممدوح کی تحقیق مین اصح وارجح ہونا ظاہر ہے
اور تفسیر مذکور مین بابت شان نزول آیۂ کریمہ کے فقط روایت نزول در حق
عبد اللہ بن سلام پر اقتصار کیا ہے پس معلوم ہوا کہ علامۂ موصوف کی تحقیق مین
فقط یہی قول اصح وارجح ہے اور جتنی روایات متضاد اسکے آپ نے پیش فرمائین
یا پیش فرمانیکا ارادہ رکھتے ہین وہ سب مردود و مطرود ہین اب آپ ہی براہ
انصاف بیان فرما دین کہ جس روایت کو علامہ نے تحقیق کرکے اصح وارجح کہدیا ہے

اوسکو اختیار کرین یا جسکو کہ خالی از حکم صحت نقل محض کرکے چھوڑ دیا ہی اوسکو

معارض دوم علامۂ خطیب شربینی نے بھی کہ جو متاخرین مین ایک بہت بڑے

پایہ کے محدث و مفسر ہین اپنی تفسیر سراج المنیر مین التزام ارجح واصح قول پر

اقتصار کرنیکا کر لیا ہی چنانچہ تفسیر مذکور کے خطبہ کی یہ عبارت ہی مقتصرا فیہ علی ارجح الاقوال

واعراب مایحتاج الیہ عند السوال وترک التطویل بذکر اقوال غیر مرضیۃ جس سے ظاہر ہی کہ ہر

قول و روایت تفسیر مذکور کی علامہ ممدوح کی تحقیق مین اصح و ارجح ہی اور اونھون نے

اپنی اس تفسیر مین بابت شان نزول آیۂ کریمہ کے فقط روایت نزول در حق عبد اللہ

بن سلام پر اقتصار کیا ہی پس معلوم ہوا کہ بابت شان نزول آیۂ کریمہ کی فقط یہی روایت بالتحقیق اصح و ارجح

ہے اور جتنی روایات متضاد اسکے آپ نے پیش فرمائی ہین یا پیش

فرمانے کا ارادہ رکھتے ہین وہ سب مردود و مطرود ہین ڈ ہ

معارض سوم علامۂ واحدی نے بھی جنکی روایات محضنہ مجردہ از حکم صحت

سے آپ نے احتجاج فرمایا ہی اپنی تفسیر وجیز مین التزام کر لیا ہی کہ جو قول

جلیل القدر ثقاۃ محدثین کی تحقیق مین صحیح قرار پا چکا ہی اوسی پر اقتصار

کرینگے چنانچہ عبارت خطبہ تفسیر مذکور سے کہ جو تمہید مین منقول ہو چکی واضح

اور ظاہر ہے کہ ہر ہر قول و روایت تفسیر مذکور کی علامہ ممدوح کے نزدیک

جلیل القدر ثقاۃ محدثین کی تحقیق مین اصح و ارجح ہی اور اونھون نے بھی

تفسیر مذکور مین بابت شان نزول آیۂ کریمہ کے فقط روایت نزول در حق

شان نزول وغیرہ مین وہ روایات مقبول ہوتی ہین کہ جو علمائے معتمدین
کا مذہب ہین اور ماوراء اسکے بالکل مردود و مخذول ہوتی ہین لہذا المکثرین کے
پیش کردہ معارضات واجب القبول والایقان ہین اور آپکے پیش فرمودہ
کل شواہد لازم الرد والخذلان اور ایسی روایات جو خالی از صیغہ تمریض
وتضعیف آیہ مقدسہ کے عبداللہ بن سلام کی شان مین نازل ہونے پر
دلالت کرتی ہین بسیار وبیکران ہین بطور نمونہ قدرے بجناب والا انتساب
پیش کی جاتے ہین از انجملہ تفسیر کبیر مین ہی کہ اِنَّ عَبۡدَ اللّٰهِ بۡنَ سَلَامٍ قَالَ
یَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ اِنَّ قَوۡمَنَا قَدۡ هَجَرُوۡنَا وَاَقۡسَمُوۡا اَنۡ لَّا یُجَالِسُوۡنَا وَلَا نَسۡتَطِیۡعُ
مُجَالَسَةَ اَصۡحَابِكَ لِبُعۡدِ الۡمَنَازِلِ فَنَزَلَتۡ هٰذِهِ الۡاٰیَةُ از انجملہ تفسیر روح المعانی
مین ہی کہ اَخۡرَجَ الۡحَاکِمُ وَابۡنُ مَرۡدَوَیۡهِ وَغَیۡرُهُمَا عَنِ ابۡنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ
تَعَالٰی عَنۡهُمَا بِاِسۡنَادٍ مُّتَّصِلٍ قَالَ اَقۡبَلَ بۡنُ سَلَامٍ وَنَفَرٌ مِّنۡ قَوۡمِهٖ
اٰمَنُوۡا بِالنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوۡا یَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ اِنَّ مَنَازِلَنَا بَعِیۡدَةٌ
وَلَیۡسَ لَنَا مَجۡلِسٌ وَّلَا مُتَحَدَّثٌ دُوۡنَ هٰذَا الۡمَسۡجِدِ وَاِنَّ قَوۡمَنَا لَمَّا رَاَوۡنَا اٰمَنَّا
بِاللّٰهِ تَعَالٰی وَرَسُوۡلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ وَصَدَّقۡنَاهُ رَفَضُوۡنَا وَاٰلَوۡا عَلٰی
نُفُوۡسِهِمۡ اَنۡ لَّا یُجَالِسُوۡنَا وَلَا یُنَاکِحُوۡنَا وَلَا یُکَلِّمُوۡنَا فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَیۡنَا

ف۲ تخریج کیا حاکم اور ابن مردویہ وغیرہ نے دونون سے ابن عباس رض سے باسناد متصل کہا آئے عبداللہ بن سلام

ف۱ تحقیق عبداللہ بن سلام نے کہا یا رسول اللہ صلعم تحقیق ہماری قوم نے ہمکو چھوڑ دیا اور قسم کھالی کہ نہ مجالست کرین ہمارے ساتھ اور ہم نہین قدرت رکھتے ہین آپکے اصحابون کی ساتھ نشست و برخاست کرنے کے بوجہ دور ہونے مکان کے پس نازل ہوئی یہ آیت ۱۲

فقال لهم النبي صلى الله تعالى عليه وسلم انما وليكم الله ورسوله

ازانجملہ تفسیر خازن مین ہی قال جابر بن عبد الله نزلت في عبد الله بن

سلام وذلك انه جاء الى محمد صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله

ان قومنا قريضة والنظير قد هجرونا وفارقونا واقسموا ان لا يجالسونا

فنزلت هذه الاية اب خدمت عالی مین التماس یہ ہی کہ ایسی روایات

کہ جنکو معتمدین محدثین ومعتبرین مفسرین نے قبول کرکے اپنا مذہب قرار دیا ہی

کیون نہ لے جائین اور وہ روایات پیش فرمودہ جناب کہ جو کسی معتبر

مفسر یا معتمد محدث نے نہین قبول کیا ہی بلکہ تضعیف کردی ہی کیون قبول

کیجائین آپ ہی انصاف سے فرمادیجیے اب چند کلمہ کہ جو آپکے پیش فرمودہ

شواہد کے عدم صحت وموضوعیت پر بالمطابقت دلالت کرتے ہین خدمت

عالی مین پیش کرتا ہون ازانجملہ ابن کثیر ایسے معتمد محدث ومعتبر مفسر نے

روایات نزول آیہ مقدسہ بشان شیر خدا کی نسبت لکھا ہی ليس يصح شيء منها

یعنی بابت نزول آیہ بشان جناب امیر المومنین علیہ السلام کوئی روایت

صحیح نہین ہی ازانجملہ حضرت مولانا شاہ ولی المحدثین آیۃ من آیات رب العالمین

ازالۃ الخفا مین افادہ فرماتے ہین نہ چنان کہ شیعہ گمان بردند وقصہ موضوعہ
روایت کنند ورا کعون راحال از یؤتون الزکوۃ میگیرند وبرتافتن انگشتری
بجانب فقیرے درحالت رکوع فرود می آرند وسیاق وسباق آیت را برہم زنند نتھے
یہ کلام صریحۃ الدلالۃ ہی اسبات پر کہ قصہ تصدق انگشتری بالکل موضوع ومصنوع ہی
اب یہ امر بھی جناب والا سے استفسار کیا جاتا ہی کہ درمنثور مین جو روایت عبادہ
بن صامت کے حق مین ہی اوسکو کیون نہ اختیار کرین حالانکہ اوسکو بسبب
تقدم فی الوضع کے اگر مقدم فی الرتبہ کہا جائے تو فی الجملہ گنجایش بھی ہی
اور آپکی منقولہ روایات مین کہ قطع نظر مفاسد معلومہ سے اتنی وجہ ترجیح بھی
موجود نہین ہی کیون اختیار کرین اور اگر اس قدر وجہ ترجیح سے بھی قطع نظر
کرین تو تین روایات جو مومنین کے حق مین ہین اور ایک روایت جو صحاب
محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق مین ہی کیون نہ اختیار کرین اب تنبیہا چند امور
عرض کیے جاتے ہین کہ جنکا لحاظ بحسب اصول مناظرہ جناب والا کو ضرور ہی
اول یہ کہ جتنے مقدمات تمہیدًا یا جوابًا کمترین کے بیانمین آچکے ہین اونمین سے اگر کوئی مقدمہ
بدلائل باطل نہ ہوسکیگا اوسکی نسبت جناب کو ارقام فرمانا پڑیگا کہ یہ مقدمہ ہمکو تسلیم ہی
دوسرے یہ کہ اگر کسی راوی مجروح کی توثیق فرمائی جاوے تو بیشتر اسکا لحاظ ضرور
کرلیا جاوے کہ سواے امام فن کے کسی دوسرے کی توثیق نہوا ور جتنے الفاظ
تعدیل کے ائمہ حدیث نے خاص کرلیے ہین اونہین الفاظ سے توثیق ہونا چاہیے

اور اونکے ماوراء مدائح وغیرہ مقام توثیق مین کان لم یکن ہین

تیسرے یہ کہ اگر عالی حضرت کسی راوی مجروح کی توثیق فرمانیکا ارادہ رکھتے ہون تو بہت ادب سے گذارش کیا جاتا ہی کہ اس خیال محال کو دور کرین اسلیے کہ ہر ہر راوی پر جرح مفسر کر دی گئی ہی اور موافق قاعدہ اصول حدیث کی تعدیل کسی صورت مین جرح مفسر کے ہوتے ہوئے مقبول نہین ہو سکتی ہے

چوتھے یہ کہ جز اول آپکی تقریر کا موقوف علیہ جزء ثانی کا ہی تو درصورتیکہ شان نزول درحق امیر علیہ السلام جسکا آپ نے جزو اول مین دعوے فرمایا ہی کسیطرح سے ثابت نہو سکا تو آپ ہرگز ہرگز مجاز نہین ہو سکتے کہ جز ثانی کی تقریر مین دست اندازی کرین بلکہ اب نوبت اس فقیر کی آپہونچی کہ کسی آیہ قرآنیہ سے اثبات خصیت خلافت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کرے وما توفیقی الا باللہ وہو حسبی ونعم الوکیل نعم المولی ونعم النصیر

العبد محمد عبد الحکیم بقلم خود　　العبد سید محمد مہدی حسن بقلم خود

چونکہ اسکے بعد والے جمعہ سے ایام عشرۂ محرم شروع ہو گئے تھے اسلیے باستدعاے حضرات اہل تشیع تا انقضای سیوم جلسہ ملتوی کیا گیا بعد اسکے جناب مولوی مہدی حسن صاحب نے ۱۸ ہجدہم ماہ محرم ۱۳۱۳ھ یوم جمعہ کو بعد خطبہ طویلہ کے ایک تقریر شروع ہولی فرمائی جسکا نام عوام کے سنانے کو جواب الجواب رکھا گیا تھا بعد ختم جلسہ شیخ کلیم صاحب نے مولوی محمد عبد الحکیم

کچھہ حضرات کی رای مناظرہ جلسہ تہذیب مین قائم کرنے کی ہوئی چنانچہ بست و پنجم محرم ۱۳۱۳ھ

یوم جمعہ کو اول خلیفہ مع جمیع اون حضرات کے کہ جو بالالتزام شریک جلسہ ہوا کرتے تھے اوسی

مکان مین گیا اور مولوی مہدیحسین صاحب بھی تشریف لائے اس مرتبہ مولوی محمد عبد الحکیم صاحب

بوجہ بعض موانع کے شریک جلسہ نہو سکے مولوی مہدیحسین صاحب نے پوچھا کہ مولوی محمد عبد الحکیم صاحب

کیون نہین آئے اس طرفسے جواب دیدیا گیا کہ وہ بوجہ ایک ضرورت کے ابکی مرتبہ نہ آسکے

آپ کارروائی شروع فرمایئے اور احقر الانام کی نسبت کہا گیا کہ بجاے مولوی محمد عبد الحکیم

صاحب کے کام کریگا اسی اثنا مین مہتمم جلسہ تہذیب نے آکر عذر کیا کہ اس مکان مین ایسے جلسہ

کرنے کی ہمکو اجازت نہین ہی تب بندہ حسب ارشاد مولوی مہدیحسین صاحب شیخ علی عباس صاحب

شیعی کے مکان پر گیا وہان بھی مولوی مہدیحسین صاحب نے وہی سوالات کرنا شروع کیے

اور اسی مین وقت تمام ہو گیا بعد اسکے مولوی محمد عبد الحکیم صاحب نے حسب مشورہ شیخ کلیم صاحب

ایک واقع محلہ تھوئی ٹولہ تجویز کیا چنانچہ سوم ماہ صفر ۱۳۱۳ھ یوم جمعہ کو جمیع حضرات

مکان مذکور مین مجتمع ہوے مولوی مہدی حسن صاحب نے مولوی محمد عبد الحکیم صاحب سے

سوال کیا کہ اخبار آنرہ مین مضمون کسکی راے سے شائع ہوا مولوی محمد عبد الحکیم صاحب نے

فرمایا کہ میری اجازت سے طبع ہوا اسکے بعد مولوی مہدیحسین صاحب نے سوال کیا کہ آغاز

مناظرہ جسکی طرف سے ہوا اس بحث نے بھی کافی طول پکڑا بالآخر منے آغا صاحب نے

حلفیہ بیان کیا کہ میرے پاس سید محمد ہادی صاحب نے ایک تحریری درخواست داخل کی

ہر وہی بنا اس مناظرہ کی ہی پھر مولوی مہدیحسین صاحب نے مولوی محمد عبد الحکیم صاحب سے پوچھا

کہ سید محمد ہادی صاحب کی معرفت کی درخواست اور اونکی استدعا بنائے مناظرہ ہی یا
نہین مولوی محمد عبد الحکیم صاحب نے فرمایا کہ وہ درخواست میرے سامنے پیش ہونا چاہیے مولوی
مہدی حسن صاحب نے فرمایا کہ اسکا جواب جمعہ آیندہ کو دیا جائے گا اسی پر جلسہ برخاست ہوا
یوم چہارشنبہ کو نئے آغا صاحب نے مولوی محمد عبد الحکیم صاحب سے ملاقات کی اور کہا کہ اوس مکان
مین ہمکو گرمی معلوم ہوتی ہی ہمنے دوسرا مکان تجویز کیا ہی اگلی جلسہ وہین ہوگا مولوی محمد عبد الحکیم
صاحب نے فرمایا کہ اسکا جواب آپکو کل ملیگا چنانچہ اونھون نے کہلا بھیجا کہ اگلی مرتبہ اوسی مکان مین
تکلیف فرمایئے بعد ختم جلسہ کے ہم اور آپ مشورہ کرکے کوئی مکان تجویز کر لین گے دہم ماہ صفر کو
ہم سب لوگ اوسی مکان مین گئے لیکن حضرات اہل تشیع تشریف نہین لائے بلکہ اونکی تحریرین
متضمن عذر ہا بار آنا شروع ہوئین اور یہ بھی معلوم ہوا کہ قبل وقت جلسہ کے ایک تحریر مولوی
محمد عبد الحکیم صاحب کے مکان پر بھی آچکی تھی جسکا جواب اونھون نے یہ بھیجدیا تھا کہ آج
اسی مکان مین تکلیف فرمایئے آیندہ جمعہ کے لیے بعد ختم جلسہ ہم اور آپ مشورہ کرکے کوئی
مکان تجویز کر لین گے انھین تحریرون مین یہ جمعہ بھی ضائع ہوگیا دوسرے دن ایک اشتہار نئے آغا
صاحب کی جانب سے شائع ہوا جسکا جواب اس طرف سے بھی شائع کیا گیا بعد اوسکے
پھر ایک اشتہار نئے آغا صاحب کی جانب سے شائع ہوا جسکا جواب پھر اس طرف سے
شائع کیا گیا اور مولوی محمد عبد الحکیم صاحب نے ایک خط بھی رجسٹری کراکر مولوی مہدی حسین
صاحب کے نام بھیجا جسکی غرض صرف اسی قدر تھی کہ کوئی صورت انعقاد جلسہ کی نکالی جاوے
اور جلسہ منقطع ہونے پاوے چنانچہ اس اشتہار مین یہ خط بھی درج کر دیا گیا تھا اور یہ بھی

۴ [illegible] اشتہار [illegible] شائع کر دی گئی ہین"

عنایت وکرم فرمائے من زاد عنایتہ - بعد سلام سنت اسلام ابراز مرام یہ ہی کہ جو تحریر رجسٹری شدہ

کہ بنام جناب نواب مولوی مہدی حسین صاحب بھیجی گئی تھی اوسکا جواب کلہ وصول ہوا جناب

موصوف نے چونکہ رقم فرمایا ہی کہ مکان منے آغا صاحب سے طی ہونا چاہیے لہذا آپنے جو اپنے مکان

مین استدعا کی ہی (یہان بھی استدعای نقل مکان مراد ہی) وہ منظور کیجاتی ہی اور ابکی جمعہ سے

وقت معینہ پر مناظرہ وہین ہوگا گو کہ نواب صاحب کو تحریر مفصل بھیجدی گئی ہی لیکن احتیاطاً

مین آپکو بھی اطلاع دیے دیتا ہون تاکہ وقت پر پھر کوئی عذر نہ پیدا ہو جناب نواب مولوی مہدی حسین

صاحب نے مولوی محمد عبد الحکیم صاحب کی تحریر کا یہ جواب عطا فرمایا - بجناب عنایت وکرم فرمائے بندہ

جناب مولوی عبد الحکیم صاحب - جناب من عنایت نامہ اسوقت ملا اگر آپ جواب بجواب املا

لینا پسند فرماتے ہین تو اس اپنی خواہش اور نیز اپنی تشریف آوری کی اطلاع جناب منے آغا صاحب

کو دیجیے کہ جنھون نے آپکی استدعا کے موافق یہ جلسہ قائم کیا ہی اور جناب منے آغا صاحب کے

مجوزہ مکان مین جواب بجواب لکھوا دینے کے لیے مین موجود ہونگا اور جناب منتظم جلسہ نے حسب ذیل

جواب عنایت فرمایا - بخدمت جناب مولوی محمد عبد الباری صاحب - تسلیم - آپکا عنایت نامہ ملا

جو امر آپ تحریر فرماتے ہین اگر اوسکو براہ راست مولوی محمد عبد الحکیم صاحب مکرم جو ہمارے مخاطب

ہین اور جنکی استدعا کی بموجب یہ جلسہ قائم ہوا ہی تحریر فرمادین گے تو اوسکا جواب ونکی خدمت

مین بھیجا جائیگا - آپ چونکہ مخاطب ہمارے نہین ہین اسواسطے مین افسوس سے کہتا ہون کہ امر

خاص کے متعلق آپکو مین کوئی جواب نہین دیسکتا اگر مولوی محمد عبد الحکیم صاحب کی خوشی ہوگی

تو ہم جواب کے واسطے بالکل تیار ہین اونکا جی چاہے وہ تشریف لادین اور ہمکو اطلاع دین

ہماری کوئی استدعا نہین ہی حضرات گویہ عذر کسی طرح قابل قبول نہ تھا اسلیے کہ اطلاع

ہو جانے سے مطلب تھا اور پھر اطلاع باضابطہ اور مین ہی اونکا مخاطب ہون کیونکہ وہ بھی منتظم ہین

اور مین بھی منتظم ہون اور مولوی محمد عبد الحکیم صاحب ہرگز اونکے مخاطب نہین ہین کیونکہ وہ

مناظر ہین اور مناظر ہی مناظر کا بحیثیت مناظرہ مخاطب ہوا کرتا ہی لیکن اِتماماً لِلحُجّۃِ و رفعاً للتہمۃ

مولوی محمد عبد الحکیم صاحب نے خاص اپنے آدمی کو پانچ مرتبہ منے آغا صاحب کے یہان بھیجا

لیکن کسی مرتبہ جناب موصوف نہین ملے آخر وہ آدمی اونکے مکان پر کہکر واپس آیا جسکے وہ بھی اپنی

تحریر مین مقر ہین اور ایک تحریر بنام نامی جناب نواب صاحب بجواب ونکے رقیمہ کے بدین مضمون

روانہ کی۔ عنایت وکرمفرماے من زاد لطفہ۔ نامہ محبت شمامہ بتاریخ ۲۳ صفر وصول ہوا۔ مہربان

من میری کوئی خواہش نہین ہی جو مقتضی ضابطہ مناظرہ کا ہی وہی مین آپکو تحریر کرتا ہون اسلیے

کہ جواب الجواب دینا آپ پر فرض ہی اور لینا میرا حق ہی اور تاوقتیکہ آپ بالمشافہہ سے انکار

صراحۃً نہ تحریر فرماوینگے کیونکر جواب بذریعہ طبع کے لینا منظور ہو سکتا ہی اسمین میری کوئی خواہش

نہین ہی ہان جب آپ انکار فرمادینگے اوسوقت کوئی دوسری صورت جو آپ تجویز فرماوینگے

منظور ہو سکتی ہی اور اطلاع منے آغا صاحب کو اس جانب سے کلہ ہی ہو چکی ہی اور آج بھی

اطلاع دیدیجاویگی آج ہم لوگ اوسہین کے مجوزہ مکان مین جسپر آپکا اور اونکا دونون

کو خلاف ضابطہ اصرار سخت ہی حاضر ہونگے آپ تشریف لائیے اور جواب الجواب عنایت فرمائیے

اور استدعاے مناظرہ آپ ہم لوگون کی طرف باربار منسوب کرتے ہین لیکن ایک مرتبہ بھی

آپ ثابت نفرماسکے اور نہ فرماسکیے گا اسکے جواب کی بار بار ہمکو کوئی ضرورت نہین ہی فقط

حضرات - یہان سے ہم سب لوگ بعد نماز جمعہ کے وقت معینہ پر بتبع ہر گروہ مولوی

محمد عبدالحکیم صاحب کے مکان پر گئے اور عازم روانگی مکان منے آغا صاحب ہوئے کہ اسی

اثنا مین (پونے دو بجے) شیخ کلیم صاحب ایک خط منتظم صاحب کا لائے جسکو مین حرف بحرف

نقل کرتا ہون - مخدوم و مکرم بندہ مولوی محمد عبدالحکیم صاحب تسلیم - کلہ بعدم موجودگی

میرے آپکا کوئی آدمی یہ کہہ گیا تھا کہ مولوی محمد عبدالحکیم صاحب کلہ بعد نماز جمعہ آوینگے

اگر یہ صحیح ہی تو ہم بھی جواب الجواب لکھوا دینے کو موجود ہین لیکن چونکہ آپنے حال کی اپنی بعض

تحریرون مین استدعاے مناظرہ ہماری طرف منسوب کی ہی جسکا خلاف واقع ہونا کاروائی با

مناظرہ دستخطی فریقین سے ظاہر و ثابت ہی لہٰذا یہ گذارش کیجاتی ہی کہ اول آپ باضابطہ ایک

تحریر از سر نو بدین مضمون صریح الفاظ مین اپنی دستخطی ہکو دیدین کہ یہ مناظرہ ہماری استدعا

سے قائم ہوا اور اب ہم جواب الجواب کی استدعا کرتے ہین اور جو حضرات آپکے ہمراہ تشریف

لاوین وہ بھی ایک تحریر اپنی دستخطی اس مضمون کی دیوین کہ ہم لوگ جواب الجواب سُننے

کی استدعا کرتے ہین اگر ایسی تحریری درخواست آپ اور آپکے ساتھی دینا قبول کرین تو آپ

شوق سے تشریف لاوین ورنہ بلا ایسی تحریری درخواست کے ہم آپکو جواب الجواب

لکھوانا غیر ضروری اور خلاف مصلحت سمجھتے ہین کیونکہ ہمارا جواب الجواب خدا کے فضل سے

طبع ہو رہا ہی اخبار آزاد مین علحدہ اور کتاب مین علحدہ والسلام - **ناظرین انصاف**

آئین !!! ذرا بچشم غور اس آخری خط کو علاوہ اور خطوط کے جسنے بہت سخت افسوس

کے ساتھ مناظرہ کا انقطاع کر دیا اور بڑی بیرحمی کے ساتھ شیشہ ہاے امید کو سنگ جفا سے

توڑ ذالامن اولہ الی آخرہ نفظاً لفظاً حرفاً حرفاً ملاحظہ مین لائین اور انصاف فرمائین کہ پیشتر جو
جلسہ ملتوی کیا گیا تھا وہ کیا عذر تھا (گرمی کا) اور اب کیا عذر کیا جاتا ہی (انتساب استدعا کا)
اور پھر یہ بھی ملاحظہ فرماوین کہ استدعا کا لفظ جو وہان لکھا گیا تھا اوسکا وہان کیا مطلب تھا
(قوس مین لکھدیا گیا ہی) اور بر تقدیر تسلیم اسی معنی کے (یعنے استدعاے ابتداے مناظرہ) استدعا
کا استعمال کہان کیا گیا تھا آیا اس زبانی پیغام مین کہ جسکے جواب مین منے آغا صاحب کا آخری
خط آیا ہی یا اوس خط مین کہ جسکا جواب منے آغا صاحب نے یہ لکھا تھا کہ آپ میرے مخاطب نہین ہین
مولوی محمد عبد الحکیم صاحب مکرم براہ راست مجکو تحریر کرین ہرگز اس زبانی پیغام مین اوسکا استعمال
نہین کیا گیا تھا جیسا کہ وہ اپنی تحریر مین اقرار اسکا کرتے ہین اور کہتے ہین کہ بعض اپنی حال کی
تحریرون مین اور جس حالت مین کہ یہ استدعا تحریر ما تقدم مین منسوب کی گئی تھی اوسی وقت جناب
موصوف کو ایسی تحریر بھیجنا چاہیے تھی نہ کہ عین یوم و وقت مناظرہ کو اور ای حضرات اگر بالمشافہہ
مناظرہ سے گریز کا یہی انتساب استدعا باعث تھا تو ان حضرات نے پہلے کیون یہی عذر نہ کیا
اور مکان وغیرہ کا جھگڑا کیون لگایا اسلیے کہ حقیقت مین یہ استدعا اونکی طرف اوسی وقت منسوب
کی گئی تھی پس اس سے آپ حضرات خوب سمجھتے ہونگے کہ یہ جتنے عذر ابتک پیش کیے گئے اور کیے
جارہے ہین کوئی اصلی نہین ہی کیونکہ جب ایک عذر مرتفع کیا جاتا ہی تو دوسرا عذر پیش کردیا جاتا ہے
اور یہ بھی ملاحظہ فرماوین کہ جس صورت مین ہمنے استدعاے ابتداے مناظرہ نہین کی اور اوسکا
انکار بھی کرچکے ہین چنانچہ کارروائی سے بھی ظاہر ہی ہم کیونکر اوسکا اقرار کرسکتے ہین اور علاوہ
برین از سر نو استدعا کی کیا ضرورت ہی جس حالت مین کہ ہماری درخواست موجود تھی جسکے موجود

ہونے کو منے آغا صاحب نے حلفیہ بیان فرمایا ہی اوسی درخواست کو پیش کردین ہماری استدعا ثابت ہوجاویگی اور اوسوقت اگر منے آغا صاحب ارشاد فرماوین گے تو ہم تجدید استدعا بھی کرسکتے ہین کاش منے آغا صاحب یہ تحریر فرماتے کہ استدعاے جواب الجواب کرو تو ہم اور ہمارے ساتھی گو خلاف قاعدہ ہی سہی دل وجان استدعا کرنے کو موجود تھے اور رہین مگر وہ تو ایک امر غیر واقعی کا کہ جسکی غیر واقعیت پر اونکا عجز پیش کرنے درخواست سے خود شاہد عادل ہی اقرار کرانا چاہتے ہین اور وہ جو اپنی استدعا کی بابت لکھتے ہین کہ جسکا غیر واقعی ہونا کارروائی ہاے مناظرہ دستخطی فریقین سے ظاہر وثابت ہی یہ بالکل غلط ہی البتہ ہماری طرف استدعا کی منسوب کرنے کی غیر واقعیت اوس کارروائی سے واضح وآشکار ہی مین اوس عبارت کو یہان بوجہ تنگی مقام کے ذکر نہین کرتا لیکن اوسکا خلاصہ یہ تھا کہ نواب مولوی مہدیحسین صاحب نے جب مولوی محمد عبد الحکیم صاحب سے سوال کیا کہ استدعاے مناظرہ کسکی جانب سے ہوئی تب مولوی محمد عبد الحکیم صاحب نے اصل واقعہ سچا سچا بیان کردیا کہ اوس سے ان حضرات کی جانب سے استدعاے مناظرہ ثابت ہوتی ہی اسکے بعد نواب صاحب نے منے آغا صاحب سے سوال کیا کہ آپ کے متعلق جو باتین مولوی محمد عبد الحکیم صاحب نے بیان کی ہین اوسکی کیا کیفیت ہی منے آغا صاحب نے اوسکے جواب مین حلفیہ بیان کیا کہ ایک تحریر سید محمد ہادی صاحب نے بمضمون استدعا داخل کی ہودہی باعث اس مناظرہ کی ہی اسکے بعد مولوی مہدیحسین صاحب نے مولوی محمد عبد الحکیم صاحب سے پھر پوچھا کہ مولوی محمد ہادی صاحب کے معرفت کی درخواست اور اونکی استدعا باعث مناظرہ ہی یا نہین جسکے جواب مین مولوی صاحب نے یہ فرمایا کہ وہ درخواست

ہمارے سامنے پیش کیجائے تو ہم اِسکا جواب دینگے لیکن وہ درخواست آج تک پیش کی گئی

اخبار مین حضرات نے مضمون ٗ یا ہی کاش اوس تحریر کی بھی نقل داخل کر دیتے تو اونکا حلفیہ

بیان صادق آجاتا اور اگر منصف مزاج ناظرین مفصل کیفیت دریافت کرنا چاہین تو کاروائی

۲۳ صفر کو ملاحظہ فرمائین اور اِی حضرات نے آغا صاحب کے اس زور شور سے دعوی کرنے اور

بروقت ثابت نہونے کے اس کہنے سے کہ آپ اقرار کر لیجیے ہمکو کھٹکا پیدا ہوتا ہی کہ جب اِن حضرات

سے خلافت بلافصل جسکا یہ حضرات بڑی شد ومد سے آیات قرآنیہ سے ثابت کرنے کا دعوی

کرتے ہین نہ ثابت ہو سکیگا تو ہم لوگون سے کہین گے کہ آپ لوگ اقرار خلافت بلا فصل جناب

امیرؑ کا کر لیجیے تو ہم لوگ مناظرہ کرین گے ورنہ نکرین گے تو گویا منے آغا صاحب نے جواب الجواب

کو ایک امر محال پر معلق کیا اور معلق علی المحال بھی محال ہوا کرتا ہی اور اِی حضرات یہ بھی امر

غور طلب ہی کہ اِن حضرات کو بالمشافہہ سے کیون گریز ہی اور اخبار مین شائع کرنے یا کتاب مین

طبع کرانے پر کیون راضی ہین بہت تامل کے بعد اسکی ایک وجہ یہ معلوم ہوئی ہی کہ یہ حضرات

سکوت لسانی بو ہرگز نہ کرین گے گو کہ انکے اسلاف متکلمین نے مثل جناب سبحان علیخان صاحب

وغیرہ وغیرہ کے بمقابلہ حضرت فاضل فیض آبادی یعنی مولوی حیدر علی صاحب عم فیضہ فی العمرانات

والبوادی وغیرہ وغیرہ کے سکوت فرمایا تاکہ ظاہر بین نظرین اور جاہل طبیعتین اونکی اس عدم

سکوت لسانی کو دیکھکر دھوکے مین پڑین اور عجز اِن حضرات کا جواب الجواب سے نہ سمجھین

لیکن اس قسم کا سکوت نکرنا اور ایسا جواب الجواب دینا کہ جیسا اِن حضرات نے کچھ تھوڑا سا

دیا ہی چار صورتون مین منحصر ہی اس لیے کہ جواب الجواب بالمشافہہ دین گے یا نہین اور اگر دینگے

تو اوسکی پھر دو صورتین ہین یا جواب الجواب تحریر کرکے ہم لوگون کے مکان پر بھیجدین گے
یا نہین اگر نہ بھیجین گے تو اوسکی پھر دو صورتین ہین یا بذریعہ اخبار کے شائع کردینگے یا بطور
رسالہ کے طبع کراکے شائع کردین گے یہ جملہ چار صورتین ہین بالمشافہہ بذریعۂ تحریر بذریعۂ
اخبار بذریعۂ کتاب تو یہ حضرات پہلی صورت سے تو گریز صراحۃً کرتے ہین جیساکہ اونکی تحریر سے
منصف مزاج ناظرین اخذ فرمالین گے اور دوسری صورت سے ان حضرات کو ضمناً گریز ہے
جیساکہ ناظرین کارروائی ۸ محرم ۱۳۱۳ھ کو بخوبی واضح ہوجائیگا اور تیسری اور چوتھی صورت
ان حضرات کو بخیال چند مصالح متوہمہ منظور ہی پہلی صورت سے گریز کا باعث سوائے اسکے
کچھ نہین ہی کہ جسوقت فضیلت مآب اپنے جواب الجواب کو ختم فرماوین گے اور اونسے سوال
کیاجائے گا کہ اسقدر طول طویل تقریرین سے کسقدر حصہ ہمارے جواب سے تعلق رکھتا ہے
اور کتنا حصہ محض خارج از بحث و دور از مابہ النزاع ہی یا کل ایسا ہی ہی اور اگر کچھ حصہ جواب الجواب
سے تعلق رکھتا ہی تو وہ موافق قواعد مسلمہ حدیث کے کہ جن مین سے جنکی زیادہ ضرورت دیکھی گئی
تھی بطور تنبیہ کے بیان کردیے گئے تھے ہی یا نہین اور جواب الجواب اپنی زبان حال سے
حضرات حاضرین جلسہ سے جو گوش ہوش و سمع حق نیوش رکھتے ہونگے اپنے خارج از بحث وغیر
مطابق باصول و قواعد حدیث ہونے کو بیان کرنے لگے گا اوسوقت خوب سمجھتے ہین کہ اگر
انصاف سے کام لیا جائے گا اور شرط کے موافق عمل کیا جائے گا تو سوائے اسکے چارہ
نہوگا کہ اہل سنت کو اجازت دیجائے کہ وہ اَفْضَلُ الْبَشَرِ بَعْدَ الْاَنْبِیَاءِ بِالتَّحْقِیْقِ
قَاتِلُ الْکَفَرَةِ وَالزَّنَادِیْقِ اَبُوْبَکْرِنِ الصِّدِّیْقِ رضی اللہ عنہ ورضی عنا اللہ کی خلافت حقہ کا

اثبات کسی آیۂ قرآنیہ سے کرین یا اونسے دست اندازی جزدوم کی اجازت طلب کیجائے
اور وہ تبرعاً واحساناً منظور کرلین اور پھر اگر اہل سنت نے خلافت صاحب رسول اللہ فی الغار
کی ثابت کردی اوسوقت وہ لوگ ایفاے عہد (تبدیل مذہب) کی درخواست کرین گے اور
پھر سخت مشکل پیش آجائے گی بخلاف اور صورتون کے کہ اوسمین اول تو ہمسے مطابقت وغیرہ
کا سوال کماحقہ نہین ہوسکتا اور اگر ہوا بھی اور ہمنے مطابقت ندی تو وہ ندامت پیش آئیگی
جو بالمشافہہ مین پیش آنے والی تھی اور پھر اگر اہل سنت نے اپنے دعوے کو ثابت بھی کردیا
تو ہمسے ایفاے عہد کی درخواست پورے طور پر نہین کرسکین گے اور دوسری صورت یعنے
بالکتابہ مین بھی گو اسقدر اندیشہ نہین ہی لیکن بفحواے اَلْمَکْتُوبُ نِصْفُ الْمُلَاقَاۃِ وہ بھی
حکم مین بالمشافہہ کے ہی اس لیے وہ بھی قابل گریز ہی رہ گئین دونون اخیر کی صورتین یعنے
بذریعۂ اخبار و بذریعۂ کتاب سو وہ اسوجہ سے پسند خواطر دریا مقاطر ہین کہ اخبار مین شائع کرنے
مین حضرات نے چند منافع مختلفہ سوچے ہین ازانجملہ یہ کہ پرچہ اخبار اکثر اونھین لوگون کے
ہاتھہ مین جائیگا جو اس مناظرہ کی کیفیت پر علی الوجہ الوافی وقوف نہین رکھتے اور وہ لوگ
دیکھکر یہ سمجھین گے کہ شاید اس مناظرہ مین اہل سنت نے اپنے ائمہ و مجتہدین و علماے محدثین
واسلاف متکلمین کی توثیق کی ہوگی اور اونکے مدائح نقل کیے ہونگے کہ جسکے ابطال مین حضرات
اہل تشیع نے اتنی طول طویل تقریر زیب رقم فرمائی ہی ازانجملہ یہ کہ جس پرچہ مین اب الجواب
چھپے گا اوسمین اوسکا رد نہین چھپ سکتا اور جب وہ بلا رد چھپے گا تو بیشک ناواقف
ناظرین سمجھین گے کہ یہ جواب بجواب مقبولۂ اہل سنت ہی اور اگر جواب الجواب پرچہ مابعد

مین چھپا بھی تو پرچہ متقدم اور متاخر بلکہ جوابات شواہد مین جو بطور کتاب کے زیر طبع ہین

مطابقت دے کسکے پاس اسقدر وقت فضول ہی کوئی اسی مناظرہ کا ہو رہے تو ایسا

کرے اور وہ لوگ بہت کم نکلین گے الا ماشاء اللہ۔ اور بذریعہ کتاب کے شائع کرنے

مین بھی ان حضرات نے اسی قسم کے منافع بلکہ اس سے بھی زیادہ تصور فرمائے ہین لیکن اِنّ اللّٰہ

المطلب

مُسلّم ثبوت رہ — سید محمد عبد الباری عفی عنہ

التماس ضروری بخدمت شریف جناب نواب مولوی مہدی حسین صاحب از جانب جناب مولوی محمد عبد الحکیم صاحب

مجمع الطاف بیکران مصدر خوبہاے فراوان عنایت وکرمفرمای بندہ جناب نواب مولوی

مہدی حسن صاحب۔ نامۂ عنایت آپکے منتظم صاحب کا عین یوم و وقت مناظرہ مین پونہچا جس سے

معلوم ہوا کہ آپ مناظرہ بالمشافہہ کرنے پر راضی نہین ہین اس لیے کہ اوسکو آپ ایک امر ناممکن

(اقرار استدعاے ابتداے مناظرہ) پر محمول فرماتے ہین مہربان من آپ بھی خوب سمجھتے ہین

کہ جس حالت مین مین نے استدعاے ابتداے مناظرہ نہین کی جسکا انکار میری جانب سے

کتاب کارروائی مین درج ہی مین اوسکا کیونکر اقرار کر سکتا ہون کاش آپ استدعاے جواب الجواب

کی فرمایش کرتے تو ہم اور ہمارے جمیع احباب بدل و جان استدعا کرنے کو موجود تھے اور ہین

لیکن خیر چونکہ اب معلوم ہوتا ہی کہ آپ بالمشافہہ پر کسی طرح راضی نہونگے لہذا خدمت عالی

مین التماس ہی کہ جواب الجواب تو آپنے اخبار مین دیدیا ہی اور بصورت کتاب بھی زیر طبع ہے

لیکن تقریر جزو دوم بھی اگر بذریعہ کتابت رجسٹری کراکر یا بلا رجسٹری بندے کے غریب خانہ
پر ارسال فرماتے تو بعید عنایت قدیمانہ سے نہوتا اور امید الطاف سامی سے ہے کہ میرے اس
التماس پر جسکا حق مجھے از روے مناظرہ پھوںچتا ہی ضرور لحاظ فرماوینگے اور اگر کتابت
مین بھی کچھ اندیشہ ہو تو بذریعہ اخبار یا بذریعہ کتاب شائع فرماوین بہرحال تقریر جزو دوم
ضرور زیب رقم فرماوین **عنایت فرماے من!!** تقریر جزو دوم کی گو کہ آپ مجاز
نہ تھے اس لیے کہ وہ موقوف تھی ثبوت جزو اول پر لیکن ہم اسواسطے آپکو جزو دوم کی تقریر
کی اجازت دیتے ہین کہ شاید آپ اوسکا استدلال کافی بہم پھونچا سکین اور وہ موافق ارشاد
جناب مولوی شیخ فدا حسین صاحب اَحریٰ بالتمنّی ہب والقبول ہو

الملتمس احقر کمینہ نیازمند قدیم محمد عبد الحکیم غفرلہ الکریم

مرقومہ بست و نہم صفر ۱۳۱۳ھ ہجری

اب مین حضرات ناظرین سے التماس کرتا ہون کہ کیا آپ حضرات کو اسمین کچھ بھی تامل ہو سکتا ہے
کہ حضرات اہل تشیع نے جواب الجواب کے ندینے اور اہل سنت نے جواب الجواب کے مطالبہ مین
کوئی دقیقہ اوٹھا بھی رکھا۔

خیال کرنے کی بات ہے کہ بعد اسکے اہل سنت نے اہل تشیع کے پیش فرمودہ شواہد کا جواب
دیا ہے باہمی جلسہ کا اتفاق صرف تین مرتبہ ہوا تو اول مرتبہ یہ ہوا کہ حضرات نے ایک خطبہ
طویلہ لکھنا شروع کیا کہ جو تخمیناً اس تختی مین چار ورق سے کم مین گنجایش نکریگا جسمین
بہت وقت کثیر صرف ہوگیا اور جسکی تحریر کی غرض بظاہر سواے اظہار لیاقت بنظر عوام دفع الوقتی

کے کچھ نہین معلوم ہوتی ع چہ خوش بود کہ برآید بیک کرشمہ دو کار ۔ بعد اسکے جو کچھ قدر قلیل وقت باقی رہگیا تھا اوسمین ایک دوسرا قصہ چھیڑ دیا گیا اسی مین وقت برخاستگی جلسہ آگیا اور جلسہ برخاست ہوگیا اور اوسی دن سے تدابیر انقطاع جلسہ شروع ہوگئین یعنے وہ مکان کہ جسمین بامن وامان جلسہ ہوا کرتا تھا اوسکی نسبت یہ کہدیا گیا کہ صاحب مکان عذر کرتے ہین دوسرے مرتبہ مولوی محمد عبد الحکیم صاحب چونکہ بوجہ کسی ضرورت کے نہ تشریف لا سکے حسب قول اوستاد ہ حیلہ جو را بہانہ بسیار ۔ اوسدن اونکے نہ آنے کے بابت سوال وجواب رہے اور تمام وقت اسمین ضائع کیا گیا ۔

ہ یعنی [illegible] جناب علامہ دہلوی مولوی حیدر علی صاحب ۱۲

تیسری مرتبہ اخبار کی بے محل یاد فرمائی گئی اور اسی مین تمام وقت ضائع ہوگیا پھر اسکے بعد والے جمعہ سے حضرات اہل تشیع نے شرکت جلسہ قطعاً موقوف ہی کردی اور اپنے زعم مین واسطے دفع خجالت کے اشتہارات کا سلسلہ جاری کیا بالآخر جب اوسمین بھی ناکامیابی ہوئی اور ان حضرات کے حیلہ ورزی وفرار اندیشی کالنہار اذا تجلے ہوگئی اوس بھی کنارہ جوئی فرمائی لیکن بعد انقطاع جلسہ باہمی ان حضرات نے اوس بے محل قصہ کو کہ جسکا نام جواب الجواب رکھا ہی اخبار آزاد مین طبع کرانا شروع کیا تین مرتبہ طبع کی نوبت آئی تھی کہ ایک ایسی تدبیر کی گئی کہ مدیر اخبار مذکور کو بھی اوسکے طبع سے دست کشی کرنا پڑی یعنے بجواب اطلاع ضروری ایک اشتہار سمے باخری پیام شائع کیا گیا جسکے مشتہر کا نام عبد الرحیم ظاہر کیا گیا ہی جسکی تہذیب وشایستگی کو دیکھکر حسب قول اوستاد ہ قیاس کن زگلستان من بہار مرا ۔ مدیر اخبار نے قطعاً طبع جواب الجواب سے انکار کردیا ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حامداً ومصلیاً ومسلماً

جواب اشتہار مسمی بہ آخری پیام

مین چاہتا تھا کہ جیسا کہ دیگر اشتہارات اہل تشیع کے ساتھ قولاً قولاً تعرض کیا گیا ہی ویسا ہی اس اشتہار کے بھی ہر ہر قول سے تعرض کرون اور اس کے بھی ہر ہر قول کی واقعیت یا عدم واقعیت سے حضرات ناظرین کو مطلع کردون لیکن چونکہ اسمین سواے تطویل لاطائل اور اطناب غیر ضروری کے اور کوئی فائدہ متصور نہ تھا اس لیے مین پیشتر اون بعض امور کے جواب کی طرف اجمالاً اشارہ کرتا ہون کہ جو از قبیل زوائد ہین اور جنکو اشتہارات اہل سنت سے تعلق نہین ہی بعد اسکے پھر اُن امور کے جواب کی طرف علی سبیل التفصیل متوجہ ہوتا ہون کہ جنکو اشتہارات اہل سنت سے کچھ بھی تعلق معلوم ہوتا ہی یا وہ اعذار باردہ کہ جنکو مشتہر صاحب نے دافع ندامت فرار وگریز تصور فرمایا ہی پس واضح ہو کہ مشتہر صاحب نے اس اشتہار مین اپنی دین ودیانت صدق وامانت سے خوب ہی کام لیا ہی اور اپنی تہذیب وراست گفتاری کے ثبوت مین کوئی دقیقہ باقی نہین رکھا اور تاسیاً للاسلاف صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم وارضاہم پر بھی کچھ مطاعن کئے ہین بعض تو مفتراے محض ہین اور بعض کے جوابات شافیہ متقدمین کی جانب سے بارہا [illegible] چکے ہین اور مشتہر صاحب مطاعن ہین اسقدر محو ہو گئے ہین کہ بعض مطاعن غیر واردہ اور بعض فضائل ومحامد کو بھی مطاعن مین شمار کر لیا ہی سب سے پہلے مشتہر صاحب نے بابت انعقاد جلسۂ مناظرہ

ایک طول[1] طویل قصہ بیان کیا ہی اور جس درخواست کی نسبت دعوی کیا گیا تھا
کہ سید محمد ہادی صاحب کی معرفت اہلِ سُنت کی جانب سے دی گئی تھی اُسکی
نقل بھی درج کی ہی سو یہ نقل تو کسی طرح قابل اعتبار نہین ہی جبکہ اِن حضرات کا عجز
اُنکی اصل کے داخل کرنے سے ظاہر[2] ہو چکا ہی باقی رہے اور امور متعلق سبب مناظرہ سو اونکی نسبت مین کچھ نہین
کہہ سکتا اس لیے کہ میرے سامنے وہ واقعات نہین ہوئے البتہ جنکے سامنے کہ یہ سب
معاملات ہوئے ہین یعنی سید محمد ہادی صاحب وہ اِن واقعات کی تصدیق نہین کرتے
اور بعض بعض واقعات کہ جو مولوی محمد عبدالحکیم صاحب کے متعلق ہین اُنکی تصدیق مولویصاحب
موصوف بھی نہین کرتے بلکہ سید محمد ہادیصاحب و نیز مولویصاحب موصوف اس مناظرہ کے
انعقاد کا ایک دوسرا سبب بیان کرتے ہین کہ جو صدر کتاب مین مذکور ہو چکا
بعد اسکے مشتہر صاحب نے حضرات اہلِ تشیع کے شریک جلسہ نہوئے اور مناظرہ نہ قبول
کرنے کے کچھ وجوہات بیان کیے ہین اور چند اعذار بارده پیش کیے ہین کہ جو مشتہر صاحب کے
گمان مین رافع خجالت فرار و ساتر عجز عن الجواب ہین اور جو گویا غرض اصلی اِس
اشتہار کی ہین لیکن بحمد اللہ کہ اُن توجیہات غیر واقعیہ سے فرار و گریز مکمل ہو گیا اور اب

ل جبکی غرض اصلی یہ ہی کہ [illegible]
مناظرہ اہل سنت کی جانب منسوب
کی جاوے اور اسکے ثبوت مین مشتہر صاحب نے ایک
فقرہ مولوی عبدالحکیم صاحب کی تحریر کا بھی پیش کیا ہی جسکا نتیجہ
یہ نکالا ہو کہ سید محمد ہادی صاحب کی استدعا کے بموجب
مناظرہ قائم ہوا حالانکہ مطلب اوسکا یہ ہی
کہ سید محمد ہادی صاحب نے
مولوی

٢ اور مشتہر صاحب نے جو یہ لکھا ہی کہ پہر اوسکے بعد کون جلسہ باہمی ہوا
کہ جسمین درخواست پیش کیجاتی شاید کہ مشتہر صاحب کو
اطلاع کا دہ فقرہ یاد نہین ہی کہ جسکا مضمون یہ تہا
منجملہ اسباب گریز کے ایک سبب
یہ بھی ہی ۱۲

عبدالحکیم صاحب
کو قیام مناظرہ پر برانگیختہ کیا
اور اپنی جانب سے اونکو تجویز کیا تہا کہ
اہلِ تشیع کو بھی اونہین سے ۲۴ تا ۵ مناظرہ کیا ہو ۱۲

ہم لوگون کو ان حضرات کی گریز ثابت کرنے مین کسی دوسری دلیل کی حاجت نہی بلکہ خود
اونہین کا اشتہار برابر ہزار دلیل کے ہی ۵ عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد؛
خلاصہ اُن سب توجیہات کا یہ ہی کہ ہملوگون نے جو شرکت جلسہ موقوف کردی اور اہلِ سُنت
کا اپنے مکان پر آنا بھی جائز نرکھا تو اُسکی یہ وجہ ہی کہ ہملوگون کو اہلِ سنت کی جانب سے
نقضِ امن کا خوف تھا اور ہم نہین چاہتے کہ شر و فساد کے پاس جاوین یا شر و فساد کو
اپنے یہان بلاوین اور تہلکہ مین پڑین اس لیے کہ اہلِ سنت کے یہان ہر زمانہ مین
جہاد جائز ہی اور ہم اپنی آنکھ سے دیکھ چکے ہین کہ اہلِ سُنت نے انگریزون پر جہاد
کردیا تھا تو ہماری کب رعایت کرینگے کیونکہ ہملوگ تو اُنکے نزدیک یہود و نصاریٰ سے بھی
بدتر ہین چنانچہ مشتہر صاحب کے فقرات سے کہ جو نقل کرتاہون واضح ہی جسمین[۱]
شیعہ شریک ہونا بحیثیت ایک وفادار رعایا کے خلاف قانون اور اخلاق و تہذیب
کے سمجھتے ہین یاد رکھنا چاہیے کہ شیعہ امن پسند حکومت انگلشیہ کے سایۂ عاطفت
مین بسر کررہے ہین وہ کسی نوع سے اپنے کو شر و فساد کے پاس پہونچانا یا شر و فساد کو
اپنے پاس بلانا روا نہین رکھ سکتے اور پھر جس حالت مین کہ شیعہ اپنی آنکھ سے
دیکھ چکے ہین کہ ایسے ہی[۲] فتوون کی رو سے سنہ ستاون مین انگریزون پر جو اہل کتاب
ہین اہلِ سُنت جہاد کرچکے ہین تو ہمپر کہ جو اُنکے نزدیک انگریزون سے بھی بدتر
ہین کب رعایت کرینگے پس ان جملہ عبارات سے یہ امر تو بہت اچھی طرح معلوم ہوتا ہی
کہ حضرات شیعہ عمداً شریک جلسہ نہین ہوئے اور نہ اہلِ سُنت کو اپنے مکانپر آنے دیا

۴۷ بلانے اپنے جلسہ مین کہ جسمین نقض امن کا خوف ہو ۱۲

۴۸ بیان شیعہ اور فتوے سے کہ جو شاہ صاحب نے شیعون کے بارہ مین دیا ہے کہ یہود و نصاریٰ سے بدتر ہین ۱۲

گو مشتہر صاحب نے اُسکی وجہ یہ بیان کی ہی کہ ہمکو اہلِ سنت کی جانب سے نقص
امن کا خوف تھا اور بظاہر اس وجہ کے پیدا کرنے مین مشتہر صاحب نے یہ نفع
بہت بڑا خیال کیا ہی کہ اصلی وجہ فرار کی نہ ظاہر ہو اور یہ نہ معلوم ہو کہ حضرات
شیعہ مناظرہ سے عاجز آگئے تھے لیکن مین پوچھتا ہون کہ اگر فی الواقع یہی باعث عدم
شرکت جلسہ کا تھا اور حضرات شیعہ کو جلسہ کرنا منظور ہی نہ تھا تو پیشتر ہی سے کیون
صاف صاف نہ کہدیا گیا کہ ہمکو تم لوگون کی جانب سے نقص امن کا خوف ہی ہم اب
مناظرہ نہ کرینگے اور بیفائدہ اسقدر خلاف واقع امور کیون بیان کیئے گئے پیشتر
یہ کہا گیا کہ ہمکو اُس مکان مین گرمی معلوم ہوتی ہی ہمارے تجویز کردہ مکان مین آپ لوگ
آئیے تو مناظرہ ہوگا بعد اُسکے پھر اپنے مکان مین ہملوگون کو طلب فرمایا جب کہ ہملوگون
کو طلب فرمایا اور ہملوگون نے اِسکو بھی منظور کر لیا تو ایک نیا عذر پیدا کیا گیا
کہ استدعاے مناظرہ ہملوگونکی جانب کیون منسوب کی جاتی ہی اب تا وقتیکہ مولوی محمد عبد الحکیم
صاحب ایک درخواست جواب الجواب کے استدعا کی ندینگے اور اِس امر کا اقرار نکرینگے کہ استدعاے مناظرہ ہماری ہی
جانب سے ہوئی ہی اور دیگر حضرات جو اونکے ساتھ آوینگے وہ بھی اسی قسم کی درخواست ندینگے اُسوقت تک
ہم جواب الجواب دینا ضروری نہین سمجھتے ہین لیکن چونکہ یہ عذر عام لوگون کی نظر مین بھی کچھ
وقعت نہین رکھتا تھا اِس باعث سے اب یہ مضمون پیدا کیا گیا شعر

بہر رنگی کہ خواہی جامہ می پوش　　من انداز قدت را می شناسم

مشتہر صاحب نے اِس اپنے بیان کی تصدیق مین ایک فقرہ اطلاع کا بھی

پیش کیا ہی جسکا مطلب یہ بیان فرمایا ہی کہ اہلِ سُنت مع مجمع خطرناک منے آغا صاحب
کے مکان پر آنا چاہتے تھے اور جتنے لوگ کہ نماز جمعہ مین شریک تھے وہ سب لوگ مولوی
عبدالحکیم صاحب کے مکان پر جمع تھے اور وہ عبارت یہ ہی۔

حضرات یہان سے ہم سب لوگ بعد نماز جمعہ کے وقت معینہ پر مجتمع ہوکر مولوی عبدالحکیم
صاحب کے مکان پر گئے اور عازم روانگی مکان منے آغا صاحب ہوئے کیون حضرات
کیا اِس عبارت کا یہی مطلب ہی کہ جو مشتہر صاحب نے سمجھا ہی اور کیا بعد نماز جمعہ کے
ہم سب لوگون کا کہ جو شرکاء جلسہ ہین مجتمع ہوکر آنا اِس امر کی دلیل ہو سکتا ہی کہ جتنے
لوگ نماز جمعہ مین شریک تھے سب ہمراہ تھے اور طرفہ یہ ہی کہ مشتہر صاحب نے صرف اسی پر
اکتفا نہین فرمائی بلکہ اپنا مشاہدہ بھی بیان فرمایا ہی کہ جب مین خط لیکر مولوی عبدالحکیم صاحب
کے مکان پر گیا تو دیکھا کہ ایک خطرناک مجمع ہی حالانکہ صرف پانچ آدمی تھے۔
اور زیادہ تر لطیف یہ امر ہی کہ اسکے بعد مشتہر صاحب نے حضرات شیعہ کے فرار سے انکار
فرمایا ہی اور یہ فرمایا ہی کہ اگر کہین سے حضرت حیدر کرار نے گریز کی ہوگی تو شیعہ بھی گریز
کرسکتے ہین اور نہین تو نہین حالانکہ صدر مین مشتہر صاحب کے کلام سے یہ امر بخوبی ثابت
ہو چکا کہ حضرات شیعہ کا عمداً جلسہ کو قطع کرنا خود معترفات حضرات شیعہ سے ہی
معلوم نہین کہ اِس تناقض کا حل کس طور پر ہوگا۔
لیکن اِس صورت مین بھی حضرات شیعہ کی گریز بخوبی ثابت ہی اولاً اسلئے کہ حضرت
مرتضی کرم اللہ وجہہ کے عدم گریز اور حضرات شیعہ کی عدم گریز مین ملازمت ممنوع ہی

اور ثانیاً اسلیے کہ حضرات شیعہ کی روایات سے جناب شیرِ خدا کی گریز خود حضرت فاطمہ کی زبان مبارک سے ثابت ہی وَاَھْلُ الْبَیْتِ اَدْرٰی بِمَا فِیْہِ چنانچہ حق الیقین مین ہی کہ حضرت فاطمہ نے حضرت مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ ہمچو خائنان درخانہ گریختہ و مانند جنین دررحم پردہ نشین شدہ

بعد اسکے مشتہر صاحب نے لکھا ہی کہ حضرت ابوبکر کو جو قاتل الکفرۃ والزندیق ظاہر کیا ہی اوسکی بابت

ہم مولوی عبدالباری صاحب سے جو قائل ہین التماس کرتے ہین کہ جب سے حضرت ابوبکر

بت پرستی چھوڑکر مسلمان ہوئے ہین اونہون نے اپنے ہاتھ سے میدان جنگ مین مقابلہ کرکے کسیکو

قتل نہین کیا اور یہی میرا دعویٰ ہی اگر آپ اونکا ایک بھی ایسا مقتول بالتحقیق ثابت کردینگے

تو ہم اقرار کرتے ہین کہ پانچہزار نقد آپکے نذر کرینگے۔ اسکی بابت مشتہر صاحب سے التماس ہی کہ مولوی عبدالباری صاحب نے حضرت صدیق اکبر رضؓ کو قاتل الکفرۃ والزندیق بے شبہہ لکھا ہی پس اگر آپ حضرت صدیق رضؓ اکبر کے قاتل الکفرۃ والزندیق ہونیکا ثبوت چاہتے ہین اور در صورت ملنے اس ثبوت کے پانچہزار نقد دینے کا وعدہ کرتے ہین تو بسم اللہ جلسۂ مناظرہ قائم کیجیے اور اپنے یہان کے کسی عالم کو کہ جو لیاقت مناظرہ رکھتے ہون لیکر آئیے اور حضرت صدیق اکبرؓ کے قاتل الکفرۃ والزندیق ہونیکا ثبوت لیجیے اور اپنا وعدہ نذر زر نقد وفا کیجیے اگر آپ اور آپکے ہمخیال لوگ سچے ہین تو ضرور ایسا کیجئیگا ورنہ حیلہ وبہانہ نکالیگا اور جسقدر کہ مولوی عبدالباری صاحب نے لکھا ہی اگر اوسکے علاوہ کسی اور بات کا ثبوت آپ چاہتے ہین تو بیشتر کسی حکیم کے پاس قدم رنجہ فرماکر بیان فرمائیے کہ ایک شخص نے اپنی تحریر مین

ایک بات لکھی ہی ہین نے اوس بات کو نقل کرکے اوس سے اوس بات کا ثبوت طلب
نہین کیا بلکہ ایک دوسری بات کا ثبوت طلب کیا ہی یہ بات بیان فرما کر اولسے سارٹیفکٹ
اپنے سلامت حواس کا حاصل فرما لیجیے بعد اوسکے کلام کیجیے اور جو آپ نے
حضرت صدیق کی نسبت لکھا ہی کہ بت پرستی چھوڑکر مسلمان ہوئے تو اسکا
ثبوت بھی آپ پر واجب ہی کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے
کبھی بت پرستی بھی کی ہی ورنہ بت پرستی چھوڑنے کے کیا معنے ہونگے
یہ تھی اس اشتہار کے بعض امور کی کیفیت اور اگر ہین اوسکے جملہ اقوال سے تعرض
کرتا تو غالبًا دوتین جزو سے کم مین گنجایش نہوتی لہذا صرف اونہین امور کے جواب
کی طرف زیادہ تر توجہ کی گئی کہ جو مقصود اصلی اس اشتہار کے تھے۔

اسکے بعد مشتہر صاحب نے جملہ علماے اہل سنت کی جانب مخاطب ہوکر فرمایا ہی کہ جن بزرگوار کو
خواہش ہو کہ آیات قرآنی سے خلافت بلا فصل علی مرتضیٰ کی ثابت کیجائے تو شیعہ
ثابت کرنے کے لیے تیار ہین مگر وہ پہلے درخواست اپنے استدعا کی عدالت مین دین
اور لکھین کہ فلان شخص (یعنی مشتہر صاحب) ثابت کرنے کا وعدہ کرتا ہی مگر چاہتا ہی کہ
گورنمنٹ ہر قسم کے انتظام کی ذمہ دار ہوجاوے اور وہ صاحب ایک سارٹیفکٹ اپنی
نیک چلنی کا بھی داخل کرین اور کمترین غلیقہ کو بھی مخاطب فرمایا ہی مشتہر صاحب نے
گو کہ یہ صرف واسطے رفع خجالت و دفع ندامت کے لکھا ہی اور فی الحقیقت اونکو یہ امر کسیطرح
منظور نہین ہی اسی لیے اسقدر قیودات غیر ضروریہ لگائے ہین اور خود بالذات مدعی

اثبات خلافت بلا فصل ہین حالانکہ مشتہر صاحب خود بالذات کسیطرح اس کام کو نہین کرسکتے پس اگر اونکو
فی الواقع منظور ہی تو چشم ما روشن و دل ما شاد ہمتو اسی آواز پر کان لگائے ہین اس امر کو صاف صاف
لکھین کہ مناظر کون صاحب ہونگے آپ یا جناب مولوی محمد حسین صاحب ہونگے یا اور کوئی صاحب بصورتیکہ مولوی محمد حسین صاحب ہونگے
تو مشتہر صاحب کو یہ امر بھی ضروری ہوگا کہ اپنے علما سے اونکے قابل مناظرہ ہونیکے تصدیق کراوین پس جن صاحب کے پیش کرنیکا ارادہ
رکھتے ہون اونکی تحریر اسی مضمون کی شایع کرین اور وہ بزرگ اپنے دستخط یا مہر سے اس
مضمون کو لکھدین کہ جسوقت اس قسم کی درخواست عدالت سے منظور ہو جاوے گی
تو مین بپابندی اصول مناظرہ خلافت بلا فصل مرتضوی کو آیات قرآنیہ سے ثابت کرونگا
اور وقت پر کوئی حیلہ وبہانہ پیش نکرونگا اور یہ اشتہار کمترین خلیقہ کے پاس بھی
بھیجدین نہ مثل دیگر خفیہ اشتہار ونکے اہل سُنت کو دینے سے انکار کرین تو انشاء اللہ تعالیٰ
بعد شایع ہونے اس تحریر کے سب سے پہلے جو درخواست کہ عدالت مین پیش ہو گی وہ بندہ ہی
کی درخواست ہوگی اور جبکہ مین سارٹیفکٹ اپنی نیک چلنی کا پیش کر چکونگا تو اُن صاحب پر بھی
ایسا سارٹیفکٹ پیش کرنا ضروری ہوگا بغیر اسکے صرف مشتہر صاحب کا لکھنا ہرگز قابل لحاظ نہین ہو سکتا
اور اگر اس قسم کی تحریر اپنے یہانکے عالم کی مشتہر صاحب نے نہ شایع کی تو بالیقین سمجھا جاویگا کہ
مشتہر صاحب نے یہ عبارت صرف بغرض رفع خجالت لکھدی تھی اونکو مناظرہ منظور نہین تہا اور ایک مہینہ تک انتظار
اس تحریر کا کیا جائیگا اگر ایک مہینہ مین یہ تحریر نہ شایع ہوئی تو پھر اسطرف سے ایک اشتہار
اس مضمون کا شائع کیا جائیگا کہ حضرات شیعہ کی طرفسے ایک اشتہار اس مضمون کا شائع
ہوا تھا لیکن جب ہم لوگ آمادہ ہوئے تو اونہون نے کچھہ خبر نہ لی۔ فقط

و نیز بذریعۂ اشتہار کے یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم اوسکو بطور خود طبع کرا کر دینگے تو اس امید پر کہ شاید اوسمین کچھ حصہ بحث کے بھی متعلق ہو تو اوسکا جواب بھی لکھکر اسی رسالہ کے آخر مین منضم کر دیا جاوے اور اسی انتظار مین اس رسالہ کے طبع مین بھی تاخیر ہوئی لیکن ابھی تک اوسکا کچھ پتہ و نشان نہین ملا۔ ایک مرتبہ مجھے شیخ کلیم صاحب ملے مین نے اونسے دریافت کیا کہ کتاب کبتک ملے گی اونھون نے کہا کہ وہ طبع ہو رہی ہی تخمیناً چوبیس ۲۴ جزو طبع ہو چکے ہین مین نے پوچھا کہ وہ کس قدر ہی اونھون نے کہا کہ تخمیناً چالیس ۴۰ جز ہوگی لیکن مولوی عبد الباری صاحب سے اور منے آغا صاحب سے ملاقات ہوئی اونسے معلوم ہوا کہ یہ بالکل غلط ہی ابھی دو جزو بھی طبع نہین ہوے اور اتفاق سے اسی عرصہ مین مولوی محمد عبد الحکیم صاحب و مولوی سید مہدی حسین صاحب سے ملاقات ہوگئی مولوی عبد الحکیم صاحب نے اونسے جواب الجواب کا تذکرہ کیا جناب موصوف نے جواب دیا کہ ابھی وہ ویسا ہی پڑا ہوا ہی نوبت اوسکے دیکھنے کی نہین آتی غرضکہ مجبور ہو کر یہ ارادہ کیا گیا کہ اسقدر تقریر تو بالفعل طبع کر کے شائع کر دیجاوے اسلیے کہ شائقین کا انتظار حد کو پہونچ گیا ہی بعد اوسکے پھر اگر یہ حضرات اوسکو طبع کرا کر عنایت فرمائینگے تو انشاء اللہ جس قدر حصہ کہ بحث کے متعلق ہوگا اوسکا جواب لکھکر شائع کر دیا جائیگا لیکن مجھے اس بے محل قصہ کی نسبت کہ جسکا نام جواب الجواب رکھا گیا ہی بالفعل اس قدر لکھنا تو ضروری معلوم ہوتا ہی کہ اسکو بحث شان نزول سے کچھ بھی تعلق نہین ہی اور مثل اس شعر کے ہی ؎ چہ خوش گفت ست سعدی در زلیخا

یا مثل استفتاے مشہور ہے کہ خشتین و خشتین ہر سہ

دختران معاویہ راچہ حکم ست اور اسکے ثبوت مین مجھے صرف اسی قدر لکھدینا کافی ہوگا کہ

جناب مولوی سید مہدی حسن صاحب کو حسب قاعدہ مناظرہ کیا کرنا چاہیے تھا اور اونھون نے کیا کیا

پس واضح ہو کہ اس مناظرہ مین جناب نواب مولوی مہدی حسن صاحب کا منصب مدعی کا ہی اور

یہان اونکے دو دعوی ہین اول یہ کہ آیہ کریمہ انما ولیکم اللہ ا لآیہ علی الاصح حضرت

علی کرم اللہ وجہہ کے حق مین نازل ہوئی ہی اور دیگر اقوال جو اس آیہ کریمہ کے شان نزول

کی بابت ہین وہ بالکل غیر صحیح و ناقابل التفات ہین دوسرے یہ کہ اس آیہ وافی ہدایہ کے

الفاظ خلافت بلا فصل مرتضوی پر صریحۃ الدلالۃ ہین لیکن تاحال اونھون نے صرف

دعوی اول کے ثبوت مین شاذونادر شواہد پیش فرمائے تھے۔

اور مولوی محمد عبد الحکیم صاحب کا منصب سائل کا ہی اس لیے کہ مدعی وہ ہی جسنے کسی حکم

کا بدلیل یا تنبیہ ثابت کرنا اپنے ذمہ واجب کر لیا ہو اور سائل وہ ہی کہ جسنے نفی حکم دعواے

مدعی اپنے ذمہ لیا ہو چنانچہ رسالہ شریفیہ متن رشیدیہ کی عبارت سے ظاہر ہی وہ عبارت

یہ ہی وَ السَّائِلُ مَنْ نَصَبَ نَفْسَهُ لِنَفْيِهٖ۔

اور جناب مولوی مہدی حسین صاحب کیطرف سے دو قیاس بن سکتے ہین اول

کہ یہ روایات جو ہمنے پیش کین وہ منقول ہین کتب معتبرہ سے اور جو روایات کہ منقول

ہوتی ہین کتب معتبرہ سے واجب العمل ہوتی ہیں پس یہ روایات بھی واجب العمل ہین۔

دوسرا یہ کہ جو احادیث ہمنے پیش کین مروی ہین رجال معتبرین سے اور جو احادیث کہ مروی

ہوتی ہین رجال معتبرین سے وہ واجب العمل ہوتی ہین پس تمام احادیث بھی واجب العمل ہین۔

اور مولوی محمد عبد الحکیم صاحب کی جانب سے قیاس اول کے صغریٰ پر منع وارد ہوئی اور منع کہتے ہین طلب دلیل کو یعنے اسکی کیا دلیل ہی کہ جو روایات آپنے پیش فرمائے ہین وہ منقول ہین کتب معتبرہ سے بلکہ اکثر کتب بوجہ غیر ملتزمۃ الصحۃ ہونے کی غیر معتبر ہین چنانچہ بیان بھی کر دیا گیا ہی اور کلیت کبریٰ پر بھی منع وارد ہوئی ہی یعنی اسکی کیا دلیل ہی کہ جو روایات کتب معتبرہ سے نقل کی جاوین وہ علی الاطلاق واجب العمل ہوا کرین خواہ سالم عن التعارض والشذوذ ہون یا نہین۔

اور قیاس ثانی کی بھی صغریٰ پر منع وارد ہوئی ہی یعنے ہم تسلیم نہین کرتے کہ جو احادیث آپنے پیش کین وہ مروی ہین رجال معتبرین سے بلکہ اومین فلان فلان راوی معلوم الجرح بھی ہین اور کلیت کبریٰ پر بھی منع وارد ہوئی ہی یعنے ہم یہ تسلیم نہین کرتے ہین کہ جو احادیث کہ مروی ہون رجال معتبرین سے وہ کلیۃ واجب العمل ہوا کرین خواہ محکوم علیہا بالصحۃ یا کسی کتاب ملتزم الصحۃ مین مذکور ہون یا نہین اور خواہ جامع دیگر شرائط صحت ہون یا نہین پس اسکے جواب مین جناب مولوی محمد حسین صاحب کو یہ چاہیے تھا کہ یا ان منعون کو دفع فرماتے یا ان منعون کو مسلم کرکے اپنے مدعی کے اثبات مین اگر اور دلائل موجود ہوتے تو پیش فرماتے اور اگر اور دلائل نہوتے تو اپنے دعوے کے عدم ثبوت کا اقرار فرماتے جیسا کہ قاعدہ مناظرہ کا ہی مین اس مقام پر نقل عبارت رشیدیہ پر اکتفا کرتا ہون اور وہ یہ ہے

مع السند او مجرداً عنه فیجاب بابطال السند بعد اثبات التساوی باثبات المقدمة الممنوعة ویجوز الجواب بالتغییر او التحریر انتهی موضع الحاجۃ ملتقطا لیکن افسوس اور

سخت افسوس کہ جناب مولوی مہدی حسین صاحب نے نہ تو حسب قاعدہ جواب الجواب ہی دیا اور نہ اون منوع کو تسلیم کیا بلکہ خلاف توقع اور خلاف داب مناظرہ یہ ضرور کیا کہ حدود مناظرہ سے خارج ہو کر خلاف ضابطہ بے محل حضرت استاذ البریہ صاحب المقامات العلیہ مولانا شاہ عبد العزیز صاحب قدس سرہ العزیز پر چند بیجا و ناروا اتہامات اور اونکی کتاب مستطاب تحفہ اثنا عشری صانہا اللہ من مطالعۃ کل غبی وغوی پر کچھ غیر واقعی اعتراضات بجای جواب الجواب کے لکھوانا شروع کیے اور جناب مولوی حیدر علی صاحب مرحوم پر بھی کچھ ناروا بہتان کیے اور غضب تو یہ ہی کہ مناظر عالیمقام نے صرف اسی پر اکتفا نہین کی بلکہ ائمہ اربعہ وصحاح ستہ کے مجروحیت وبی اعتباری ثابت کرنے کا بھی بار اپنے ذمہ لیا ہی جس سے اہلسنت کو یہ کہنے کا پورا موقع ملا ہ کہ فلان جز ہوس خام ندارد در سر۔ اور مجھے اس مقام پر اونکے خسر صاحب کا ایک مقولہ یاد آیا ہی جو لکھتا ہون۔ حضرت مخاطب با یراد شبہات نامسموع بر مسائل فروع اکتفا نکردہ دخل نامعقول در مسائل اصول ہم نمودہ ہ تو کار زمین را نکو ساختی ہ کہ با آسمان نیز پرداختی ہ اور اس کے خارج از بحث ہونے کو جناب مولوی مہدی حسین صاحب خود بھی تسلیم کرتے ہین چنانچہ جواب الجواب مین لکھا یا ہی کہ یہان پر بعض عام باتین بلا کرتا ہون کیون حضرات ناظرین کیا آپ کچھ بھی اسمین تردد کر سکتے ہین کہ یجا جواب الجواب کے

ایک اجنبی قصہ چھیڑنا اور عام باتین کہ جنکو بحث سے کچھ بھی تعلق نہو اونکا بے محل لانا حسب قاعدۂ
مناظرہ سخت ممنوع ہی اور ایسے تذکرے چھیڑنے والے کے عجز و فرار و درماندگی و حیلہ جوئی
کی بہت قوی دلیل ہی اور اگر جناب مولوی مہدی حسن صاحب فرماوین کہ مین نے
اسکے بعد جواب تفصیلی لکھانیکا بھی وعدہ کیا تھا یہ تو صرف بعض امور کی نسبت کچھ مجملاً
بیان کیا گیا ہی تو مین بکمال ادب عرض کرونگا کہ کیون جناب مناظرہ کے درمیان عین
جواب کے وقت بعض عام باتین بیان کرنا اور تفصیلی جوابات کو آیندہ ایک غیر معین زمانہ
تک کے لیے اوٹھا رکھنا کس قاعدہ مناظرہ کا مقتضی ہی۔
کیا اصول مناظرہ ایسے ہی امور کی تعلیم کرتا ہی اور کیا عقل سلیم اسی کو مقتضی ہی کہ جب
ایک مناظر دوسرے مناظر کی کسی بات کا جواب دے تو بجاے اسکے کہ دوسرا مناظر اوسکے
جواب پر حسب قاعدہ لحاظ کرے یہ کہدے کہ اسوقت تو کچھ عام باتین بیان کرتا ہون
جواب تفصیلی پھر کبھی دونگا و لو فی الحشر بعد النشر اور یہ جو آپ فرماتے ہین کہ یہ بعض
امور کی نسبت کچھ مجملاً بیان کیا گیا ہی تو جناب والا یہی نہین معلوم کہ وہ بعض امور کون سے
ہین کہ جنکی نسبت جناب نے اپنے خسر صاحب کے سرمایۂ عمری یعنی استقصاد عبقات سے
جستہ جستہ مضامین جرح و قدح کے نقل فرما کر پیش کیے اور اونکا نام بیان مجمل رکھا
اور اگر کوئی یہ کہے کہ جناب موصوف نے متکلمین اہل سنت کی روش اسواسطے بیان
فرمائی ہی تا کہ معلوم ہو جاے کہ متکلمین اہل سنت کا طریقہ الزام اہل تشیع یہ تھا پس اہل تشیع
بھی اہلسنت کے الزام مین یہی طریقہ اختیار کرینگے اور ائمہ اربعہ اور صحاح ستہ پر اسواسطے

جرح کی ہی تاکہ معلوم ہو جائے جیساکہ یہ جروح قابل اعتبار نہین ہین ویسا ہی یہ جرح
بھی کہ جو شواہد کے بعض بعض رجال کی نسبت لکھائے گئے ہین نامقبول و غیر مسموع ہین
پس مین اول کے جواب مین صرف اسی قدر پر اکتفا کرونگا کہ قطع نظر اس سے کہ جناب
مولوی مہدی حسن صاحب نے بعد اون اعتراضات کے خود بھی فرمایا ہی لیکن ہم اسکو پسند نہین
نہین کرتے اور ان تمام باتون کو دلیل عجز سمجھتے ہین انتہیٰ۔

اولاً تو ان اعتراضات کی تسلیم ہی ممنوع ہی چنانچہ آیندہ معلوم ہوگا۔ اور ثانیاً برتقدیر
تسلیم کے یعنے اگر بفرض محال یہ مان بھی لیا جائے کہ مولانا شاہ عبد العزیز صاحب اور
جناب مولوی حیدر علی صاحب بلکہ جمیع متکلمین اہل سنت کا طریقۂ الزام اہل تشیع بالکل
مجادلانہ و مکابرانہ تھا اور اونکی جملہ کتابین مشتمل افترا و کذب پر ہین بلکہ کوئی حرف بلکہ
کوئی نقطہ اوسمین راست نہین ہی تو مین یہ پوچھتا ہون کہ یہ کس قاعدۂ مناظرہ کا مقتضی ہے
اور کون ذی عقل اسکو جائز رکھہ سکتا ہی کہ جب کسی مسئلہ کی کسیکو تحقیق کرنا منظور ہو
تو وہ اون لوگون کی تقلید کرے کہ جنکو تحقیق سے کچھہ بہرہ نہین ہی اور رصد رصد کذب
و افترا ہین بلکہ اونکی تقلید کسی صورت سے جائز نہوگی اور ثانی کے جواب مین صرف اسیقدر
کافی ہی کہ ائمہ اربعہ و صحاح ستہ کے جروح پر قیاس کرکے شواہد کے رواۃ مجروحین
کی جرح کو بھی نامقبول و غیر معتبر کہدینا قیاس مع الفارق ہی اس لیے کہ اون جروح
مین شرائط مقبولیت جرح مفقود ہین اور یہان وہ شرائط موجود ہین چنانچہ اگر حضرات
شیعہ کی طرف سے جواب الجواب طبع ہوا اور اونہین اون رواۃ مجروحین کی توثیق ہوئی تو

لکھا یا جائیگا اور غالباً اگر جناب مولوی مہد حسین صاحب اصول و قوانین جرح کو ملاحظہ

فرما لیتے اور جرح مقبول کو جرح نامقبول سے امتیاز دے لیتے تو جس قدر عبارت کہ

اس مقام پر لکھائی ہی ہرگز نہ لکھاتے وَلٰکِنْ الاَقْدَارُ قَدْ سَبَقَتْ وَقَدْ جَفَّ

الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ اور عجائب توفیقات ایزدی سے یہ امر ہی کہ جناب مولوی مہد حسین

صاحب جروح ائمہ اربعہ وجروح صحاح ستہ کا اہل سنت کے نزدیک نامقبول و غیر معتبر

ہونا خود بھی تسلیم فرماتے ہین چنانچہ جناب ممدوح کی عبارت ہذا سے جو جواب الجواب مین

لکھائے ہین بخوبی واضح وعیان غیر محتاج بیان ہی وہی ہذہ - پس اگر ان حضرات علیہم کو معتبر

نہ مانا جائیگا اور بمقابلہ اونکی مدح و توثیق کے اونکی جرح کا اعتبار کیا جائیگا تو مین اس

عرض کرنے پر مجبور ہون کہ جناب اگر ایسی جرح قابل اعتبار ہی تو بسم اللہ پہلے حضرات

ائمہ اربعہ کو نامعتبر تسلیم فرمائیے پھر صحاح ستہ کی بے اعتباری کا وثیقہ تحریر فرمائیے انتہی

پس ان بے محل نوحہ خوانیون کی بظاہر اسکے سوا کوئی وجہ معلوم نہین ہوتی کہ جب جناب

والا اثبات شان نزول سے عاجز ہوے اور جوابات اہل سنت کو کسی صورت سے

رد نکر سکے اور تسلیم کر لینے کی صورت مین بیخ کنی مذہب تشیع متصور تھی یعنے جس آیت

کو کہ حضرات شیعہ ادل دلیل خلافت بلا فصل گمان فرماتے ہین اوسی کا دال علی المدعی

ہونا باطل ہوا جاتا تھا ایک جمعہ کو تو یہ خارجی تقریرین بے موقع چھیڑ کر سر دست دفع الوقتی

کی گئی تاکہ جواب الجواب کا بھی نام ہو اور آئی ہوئی بلا بھی سر سے ٹلے اور دو جمعہ اون

تقریرون مین ضائع کی گئین جو اور معلوم ہو چکی ہین مگر آخر یہ شہ زنگیان کب تک چلتین

اور اہل سنت بالآخر سب کیفیت کھولدیتے اسلیے دو تین جمعہ کے بعد جلسہ ہی موقوف کردیا گیا۔

ع رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت۔

پس اس جواب الجواب کا خارج از بحث وخلاف اصول مناظرہ ہونے کے علاوہ حضرات اہل تشیع کی عجز ودرماندگی پر اول دلیل ہونا ایک ایسی بات ہی کہ ہر ذی فہم کے نزدیک مثل بدیہیات اولیات کے ہی لیکن مجھے خواص اہل سنت سے عموما اور خواص اہل تشیع سے جنھیں اللہ تعالی نے انصاف پسند طبیعتین اور حق وباطل پہچاننے والی نظرین عنایت فرمائی ہین کوئی اندیشہ نہین ہی مگر عوام اہل تشیع سے عموما اور عوام اہل سنت سے جنھین کتب مناظرہ دیکھنے یا سننے کا کبھی اتفاق نہین ہوا اس امر کا اندیشہ ہی کہ شاید وہ لوگ یہ سمجھین کہ یہ اعتراضات گو کہ خارج از بحث وخلاف قاعدہ ہین لیکن شاید واقع مین صحیح ہون اور جناب شاہ عبد العزیز صاحب نے معاذ اللہ واقع مین یہ نیرنگیان اور افترا پردازیان کی ہون اور اونکی کتاب مستطاب تحفہ اثنا عشری صانہا اللہ من مطالعۃ کل غبی وغوی ایسی ہی ہو یا ائمہ اربعہ وصحاح ستہ فی الواقع مجروح ومقدوح ہون لہذا مجھے یہ امر بھی ضرور ہوا کہ اون کے اس شبہ کو دفع کرون۔

پس واضح رہے کہ یہ جسقدر اعتراضات جناب مولانا شاہ عبد العزیز صاحب قدس سرہ العزیز پر کیے ہین کچھ نئے نہین ہین بلکہ یہ پرانے قصہ ہین کہ جنکے جوابات دندان شکن بلکہ گردن زن کئی مرتبہ علماے اہل سنت کی جانب سے ہل چکے ہین اور اکثر کتب کہ جو علماے اہل تشیع نے بجواب کتاب مستطاب تحفۂ اثنا عشری لکھی ہین مثل ذو الفقار وصوارم

وحسام کے علماے اہل سنت نے رد بھی کردی ہین اور یہ خروج اصل مبحث سے

بھی کچھہ نیا نہین ہے بلکہ جب کبھی علماے اہل تشیع کو علماے اہل سنت سے اتفاق مناظرہ کا ہوا

اور اصل مبحث کے جواب دینے سے عاجز ہوے تو اسی طرح خارج از بحث تقریرین شروع

کردین اور اسی طرح متکلمین سلف و بزرگان دین متین پر اعتراضات کرنا شروع کردیے

لیکن علماے اہل سنت نے شکر اللہ مساعیہم اون خارج از بحث تقاریر کے ہی جواب سے

پہلو تہی نفرمائی بالآخر جب ان حضرات کے مایہ و بساط بالکل ختم ہوگئی ناچار مجبور ہوکر مناظرہ

سے فارغ خطی دیدی۔ اب اس مقام پر اوس مکتوب کی کہ مولوی حبیب علی صاحب شیعی نے

بنام نامی جناب مولوی دلدار علی صاحب مجتہد الزمان و العصر کے بھیجا تھا ازالۃ الغین سے

نقل کرتا ہون گو کہ تمامہ اوس مکتوب کا نقل کرنا خالی فائدہ سے نہ تھا لیکن بخیال اطناب

صرف جس مقام کی یہان ضرورت ہے اوسی پر اکتفا کرتا ہون (ازالۃ الغین صفحہ ۳۵ مکتوب

مولوی حبیب علی بنام مجتہد عنید) و نیز انچہ مولوی رشید الدین خان بجواب کتب جناب

قبلہ و کعبہ مغفور و مرحوم یعنے صوارم و حسام و ذو الفقار تحریر کردہ اند و جناب مرحوم مغفور

از تحریر جواب آن اعراض کردند و مناظر لسانی ہم منظور نفرمودہ بودند تحریر جواب آن ہم

واجب و لازم است کہ اکثر خواص و عوام اہل سنت بر ملا میگویند کہ ہنوز علماے امامیہ

را از مذہب خود خبر نیست کہ جا بجا بر صاحب تحفہ بانکاری پردازند و مولوی رشید الدین خان

بر نقل نمودن عبارات کتب امامیہ آن انکار را دفع کردہ و جہل و ناواقفی علماے امامیہ

تمام کتاب نشد از تحریر جواب دیگر ابواب عجز علماے امامیہ ظاہر می شود [illegible]

ومفتی محمد قلی کہ جواب چند ابواب تحفہ نوشتہ اند بران کمال مضحکہ نمودہ می گویند کہ از ہیچ جا دافع

تقریر صاحب تحفہ نیست بلکہ در دیگر ابواب مؤید قول صاحب تحفہ وہادم اصول امامیہ وحکیم مرزا محمد کاشمیری

وجناب قبلہ وکعبہ مرحوم ومغفور کہ جواب چند باب ارقام فرمودہ اند دران اکثر جا انکار ست

والحال کہ باسناد کتب امامیہ آن انکار رفع شد جملہ اجوبہ تحفہ کالعدم شدند معہذا مفتی محمد قلی

ونیز حکیم مرزا محمد کاشمیری مجیب پنج باب تحفہ از مناظرہ تحریری در مرتبہ ثانی وثالث از مولوی

رشید الدین خان عاجز آمدہ از مناظرہ دست بردار شدند وجناب قبلہ وکعبہ مرحوم ومغفور در مرتبہ

اولی از مناظرہ تحریری وہم از مناظرہ لسانی دست کشیدند اگر متوجہ آن قبلہ وکعبہ جواب اعتراضات

صوارم وحسام وذوالفقار کہ مولوی رشید الدین خان وارد کردہ اند انجام شود واین الزام

اہل سنت کہ علمای امامیہ ہنوز از مذہب خود واقف نیستند وبر کتب مذہب خود عبور ندارند

دوم از تحریر جواب تحفہ نیز رفع شود موجب سرخروئی ما معتقدان ست۔

جو نتائج وفوائد کہ اس مکتوب سے حاصل ہوئے ظاہر وبیشمار ہین منجملہ اونکے یہ کہ جناب مولوی

رشید الدین خان صاحب نے جو جوابات کہ صوارم وحسام وذوالفقار کے لکھے ہین نہ مجتہد صاحب

نے اونکو رد کیا نہ حضرت رشید المتکلمین سے مناظرہ منظور فرمایا اسی باعث سے اہلسنت

اہل تشیع سے مضحکہ کرتے ہین اور جوابات تحفہ کو مایہ تضحیک سمجھتے ہین اور کہتے ہین کہ اسقدر

زمانہ تصنیف تحفہ کو گذرا لیکن ابتک پوری کتاب کا جواب اہل تشیع سے نہو سکا اور جسقدر

اور صاحب تحفہ قدس اللہ سرہ العزیز کے دعاوی کا انکار جو حکیم مرزا محمد کاشمیری اور مجتہد
جائسی نے کیا تھا خلاف اوسکا ظہور مین آیا پس جسوقت تک کہ حضرت رشید المتکلمین کے کتب کا
جواب نہ لکھا جائیگا یہ بات ثابت رہیگی کہ علمای اہل تشیع کو خود اپنے مذہب کی خبر نہین
ہی اور تحفہ کا جواب لکھنے کو مستعد ہین اب کچھ عبارت اوس مکتوب کے ازالۃ الغین سے
نقل کرتا ہون کہ جو مولوی حبیب علی صاحب نے بنام جناب مجتہد صاحب کے بجواب
اونکے مکتوب کے بھیجا ہی کہ جس سے یہ امر بخوبی ظاہر ہوگا کہ علمای مشاہیر امامیہ کو حضرت رشید المتکلمین
سے اتفاق مناظرہ کا ہوا لیکن کبھی ایک مسئلہ مین قائم نہین ہے یعنے جب اصل مسئلہ سے
عاجز ہوے امور خلاف بحث پیش کر دیے مگر حضرت رشید المتکلمین نے اون امور خارج از بحث
کے جواب سے بھی پہلو تہی نفرمائی اسی طرح جب اوس مسئلہ مین بھی سکوت ہوا اور دوسری
بحث چھیڑدی وہکذا حتے کہ جب جمیع معلومات اون حضرات کے ختم ہوگئے مناظرہ ترک کردیا
چنانچہ حکیم بو علی اور مفتی محمد قلی اور حکیم مرزا محمد کاشمیری سے بھی ایسا ہی اتفاق ہوا اور
اونھون نے مناظرہ سے فارغخطی دیدی چنانچہ وہ فارغخطیان رشید المتکلمین کے پاس موجود
تھین اور یہ بھی امر ظاہر ہوگا کہ حضرت رشید المتکلمین صوارم و حسام و ذوالفقار کو بالکل ہیچ
و پوچ سمجھتے تھے اور فرماتے تھے کہ اگر مین ایک ورق کی تمہید لکھدون تو اوسکی استعانت سے
شرح جامی پڑھنے والا طالب علم ان تینون کتابون کا جواب بخوبی لکھہ سکتا ہی اور یہ بھی
فرماتے تھے کہ ذوالفقار و صوارم و حسام مین سوا ے فحش و ہذیان کے کچھہ جو صاحب تحفہ
قدس اللہ سرہ العزیز استدلال کے جواب ہونے کی صلاحیت رکھتا ہو ہرگز نہین ہے وغیر ذلک من الفوائد

(ازالة الغین جلدین اخیرین صفحه ۶۰ مکتوب مولوی حبیب علی صاحب بجواب مکتوب

مجتهد صاحب) و نیز گفتند که ازین قسم مناظرات هرچند دل سیر هستم که از جمله مشاهیر امامیه این

معامله بمیان آمده هر کسیکه دعوی علم و تبحر کرد ازو مباحثه و مناظره تحریری جاری ماند اگرچه

احدے از علماے امامیه گاہے یکسوئی یک مسئله نکرد یعنی هرگاه از اصل مسئله عاجز شدند

تحریر امور خلاف مبحث خواهان جواب آن شدند ناگزیر بجوابه آن پرداخته شد تا عوام محمول

بر عجز مجیب نکنند و امامیه را جای سخن نماند بعد از ان هم از تسلیم آن تصریح و بخطای خود قرار

نکرده خلاف مبحث بتحریر مطاعن وغیره مسائل که صدها جواب آن از متقدمین تحریر یافتند

پرداختند و بجنسه همان تقاریر را اعاده کردند ناچار در جواب آن هم کوتاهی نشد باریکه

از هر جنس کیسه آنها بالکل خالی شد عذر کردند که ازین قسم تحریرات هیچ فائده نیست

این امر را ترک کردیم چنانچه فارغ خطیهای حکیم بوعلی و مفتی محمد قلی و حکیم مرزا محمد کاشمیری

وغیره برین دعوی گواه ست و هم می گویند که حال اعتراض جناب قبله و کعبه مرحوم و مغفور

از خط جناب مبرور موسومه مولوی عبدالقادر واضح است باوجودیکه تا حال احدے در امامیه

لائق مناظره و قابل مباحثه بنظر نیامد بلکه جمله معاصرین و مناظرین بے علم و کم استعداد ناواقف

از مسائل مذهب خود و مذهب غیر که استعداد فهم کلام و ادای جواب بخوبی نمیدارند میسر نشد

با این همه از همان قسم مردم هم پهلوتهی واقع نشد اگر جناب مجتهد مرحوم و مغفور را اراده

مباحثه و مناظره و نیز توجه بطرف تحریر جواب بودے بموجب شرائطیکه جناب مبرور مرحوم

طالب علم قطبی خوان نوشتن می تواند واز تمہیدیکہ تحریرش زائد بر یک ورق نخواہد بود جملہ مطالب
این ہر سہ کتاب دفع می شوند و باستعانت آن تمہید تمامی تقاریر ہر سہ کتاب شرح ملا
خوان دفع کردن می تواند وجا بجا کہ جناب مبرور حوالہ کتاب عماد الاسلام می نمایند اگر
آن کتاب برای تحریر جواب فرستادہ شود آن زمان حال قوت و متانت آن واضح خواہد شد
تا وقتیکہ در صندوق مقفل ست ثنا و توصیف او چگونہ باور کردہ شود لیکن چنانکہ در
ذو الفقار و صوارم و حسام بجز فحش و سب و شتم و تقاریر یکہ خلاف داب شرافت دیگر
ہیچ نیست و مضمونیکہ ازان جواب استدلال صاحب تحفہ پیدا شود ناپیداست ہمچنان در
عماد الاسلام خواہد بود اور اس امر کا اقرار تو جناب مولوی حامد حسین صاحب بھی فرماتے
ہین کہ حضرت رشید المتکلمین نے جناب عزیز المتکلمین قدس سرہ العزیز پر جو اعتراضات کہ کیے
گئے تھے اونکا جواب بہت زور شور سے دیا ہی گو کہ اون اعتراضات غیر واردہ کو جناب
موصوف بباعث فرط تعصب و عناد کے لفظ اغلاط سے تعبیر فرماتے ہین چنانچہ استقصاء
کے حاشیہ صفحہ ۳۶ مین فرماتے ہین فاضل رشید تلمیذ رشید شاہ عبد العزیز دہلوی است
وحال او مستغنی از بیان در اصلاح اغلاط استاد خود آنقدر جہد و کوشش نمودہ کہ او
طوق عقیدتش در گردن انداختہ بکمال مدح وثنا و توصیف و اطراء او زبان می کشود
چنانچہ خود فاضل رشید در غرۃ الراشدین میفرماید چونکہ مراسلہ فقیر بخدمت مصنف مد ظلہ
یعنی شاہ عبد العزیز رسید و شرف اصغای آنجناب یافت بمرتبہ تحسین فرمودند کہ این ناچیز
خود را لائق آن نمیداند لہذا مناسب نبود کہ تعرض بنقل آن نماید لیکن برای تزئین این

رسالہ بطریق تبرک چندہ فقرہ ازان بقید قلم می اید فرمودہ کہ از فقیر ...

کہ درین ایام جواب چند شبہ معترض کہ بر تحفہ اثنا عشریہ درباب مسائل فقہیہ نمودہ تحریر آن

فضائل مآب بسمع در آمد خیلے موجب انشراح خاطر و انبساط سامع و ناظر گردید تقریر شانی

بامراعات قاعدہ مناظرہ بعمل آوردند جزاکم اللہ تعالی خیر الجزاء بلی اختیار دعای خیر از تہ

دل برای اصلاح دنیا و آخرت و مزید درجات علم و عمل برای آن فضائل مآب جوشید

والمرجو من اللہ ان یقرنہ بالقبول ببرکۃ الرسول والبتول وجعلک اللہ

کاسمک رشیداً فی الدین و رشداً للمسلمین و نیز فرمودہ اند قدرے کہ نوشتہ اند بسیار خوب نوشتہ اند

جزاکم اللہ تعالی خیر الجزاء

اور علاوہ اسکے خود جناب مولوی حیدر علی صاحب نے جوابات تحفہ کو رد فرمایا ہی چنانچہ

طعن الرماح کا جواب دو جلد ضخیم مین لکھا ہی جسکا نام نقض الرماح رکھا ہی اور ذوالفقار

کا بھی جواب حامل المتن لکھا ہی جسکا نام صولۃ حیدریہ علی المجوس القدریہ کھا ہی چنانچہ

اوسکے لکھنے کی حالت مین ازالۃ الغین مین فرماتے ہین۔ اکنون مجتہد و برادر انش را

باید صولۃ حیدریہ علی المجوس القدریہ وغیر آن از بندہ طلب نمودن تا بزودی بہ تبییض

آن پردازم و این کتاب را موخر سازم کہ برین تقدیر بمرتبہ عیان خواہد رسید کہ این

کتاب لفظاً و معنی حامل متن ذوالفقار درافع خرفشار گاوان بے سم و جمیع خران بے دم ست

برطور ایشان و قس علی ہذا کتب دیگر از مولفات من۔ اور ضربت حیدریہ کا جواب

واگر مجتہد ممقام میخواہد کہ عیانا بہ بیند بارے ضرورست مقالات صاعقہ حسامیہ راکہ
کہ وضربہ حیدریہ است از من خواستن وشل اعور دجال لعنہ نگریستن کہ حامل متن اسیت
یا لموافق پندار حاملین اسفار۔ اور صوارم کا ایک رد جناب مولانا سیف اللہ بن
اسد اللہ ملتانی نے بھی کیا ہی جسکا نام تنبیہ السفیہ ہی اور اوسکو جناب مولوی حیدر علی
صاحب نے بذریعۂ غلام حیدر صاحب بہادر کاکوروی کے جناب مجتہد صاحب کے
پاس بھیجا بھی تھا چنانچہ اسی کتاب کے صفحۂ ۷۵ مین اسکا ذکر بھی فرمایا ہی اور نیز
اس کتاب ازالۃ الغین مین بھی چند اعتراضات کو جناب صاحب تحفہ قدس اللہ
سرہ العزیز سے دفع کیا ہی اور ایک دو اعتراضات کا جواب منتہی الکلام مین بھی دیا ہی پس
جسکو ان اعتراضات کا جواب مطلوب ہو کتب مذکورۂ بالا کی طرف رجوع کرے
اور جروح ائمۂ اربعہ پس باوجود اسکے کہ جناب مولوی مہدی حسن صاحب کے کلام سے
خود واضح ہی کہ یہ جروح اہل سنت کی مقبولہ نہین ہین کوئی جرح اور کوئی اعتراض ویسا
ایسا نہین ہی کہ متقدمین نے اوسکو بے جواب باقی رکھا ہو بلکہ ایک ایک اعتراض کے
متعدد جوابات شافیہ وکافیہ دیے ہین اور بعض بعض اعتراضات کے جواب مین
ایک ایک رسالہ مستقل بھی لکھدیا ہی مثل رسالہ رد صلوۃ قفّال مصنفۂ ابو القاسم
بن عبد العلیم قربتی حنفی اور رسالہ رد صلوۃ قفّال مصنفۂ عبد النبی گنگوہی کے پس
جس کو ان حضرات کے مثالب کے جوابات دیکھنا منظور ہون انہین حضرات کے
کتب مناقب کو دیکھے مثل معدن الیواقیت الملتمعہ فی مناقب الائمۃ الاربعہ وحلیۃ الاولیاء

وتبیض الصحیفہ فی مناقب ابی حنیفہ وخیرات الحسان فی مناقب الامام الاعظم
ابی حنیفۃ النعمان وغیر ذلک من الزبر والدفاتر التی الفہا اجلۃ المحدثین والا کابر
اور بحمد اللہ جیسا کہ امام اعظم رحمہ اللہ کی جروح کو کثیر بیان فرمایا ہی ویسا ہی اونکے
جوابات بھی بکثرت ہین چنانچہ اکثر اعتراضات کے جواب جناب مولانا عبد الحی صاحب
نور اللہ مرقدہ کی تصانیف مین بھی موجود ہین اور رجوع صحاح ستہ پس وہ باوصف
اسکے کہ جناب مولوی مہدی حسن صاحب کے کلام سے اونکا بھی نامقبول وغیر معتبر ہونا
واضح ہو چکا ہی دو حال سے خالی نہین یا اونکے جروح باعتبار اونکے جامعین کے ہین
تو اونکا جواب اونہین قواعد سے دیدیا جائیگا کہ جن قاعدون سے ائمہ اربعہ رح کے
جروح کا جواب متقدمین نے دیدیا ہی اور یا اونکے جروح باعتبار راونکی رواۃ کے ہین
تو غیر صحیحین مین بعض بعض حدیث کا ضعیف بلکہ موضوع ہونا خود مسلمات اہل سنت سے
ہی اور صحیحین مین سوائے احادیث منتقد فیہا کے کہ اونکی تعداد دو سو دس ۲۱۰ حدیث تک
پہونچتی ہی اور کسی حدیث پر کسیطرح جرح نہین ہو سکتی اور اون احادیث منتقدہ کا بھی
جواب دیدیا گیا ہی اور اون مین بھی کوئی ایسی جرح نہین ہی کہ جو صحیحین کی جلالت
شان کی قادح ہو چنانچہ صحیح بخاری کے جروح کے جواب مین صرف مقدمہ فتح الباری کافی ہی
باقی رہے وہ اعتراضات کہ جو جناب مولوی حیدر علی صاحب تغمدہ اللہ بغفرانہ پر کیے گئے ہین سو
اونکی کیفیت یہ ہی کہ استقصا کا جواب لکھا گیا ہی جسکو ابو الاسلام مولوی محمد اسحاق

انشاءاللہ اون سب اعتراضات کا بیخ وبن سے قانع ہوگا بلکہ ائمہ اربعہ صحاح ستہ

کی جروح کا جواب بھی اوسمین بخوبی ملجائیگا اور غالباً حضرت استاذ البریہ کے

اعتراضات کا جواب بھی اوسمین ہو یہ تھی کیفیت اون خارج از بحث تحریرون اور

بیمحل غیر مسموع تقریرون کی کہ جنکو اِن حضرات نے عین جواب الجواب کے وقت

خلاف قاعدہ مناظرہ اور خلاف مقتضائی عقل سلیم واسطے دفع الوقتی کے لکھا یا تھا

جنکو دیکھکر ہر ذی فہم والضاف دوست کہہ سکتا ہی کہ حضرات شیعہ نے بہت

لطائف الحیل اور نہایت حکمت عملی سے مناظرہ سے گریز فرمائی اور جواب دینے سے پہلوتہی کی

اور کیا کوئی شخص یہ خیال کرسکتا ہی کہ اگر ہم لوگ چاہتے تو اِن حضرات کے متکلمین

وعلماے مجتہدین وکتب اربعہ پر اعتراضات نہ کرسکتے نہین تو مین جانتا ہون کہ کسی

ذی علم کے زبان انصاف سے نہ نکلیگی بلکہ اِن حضرات کے اعتراضات کے بطلان

وسخافت اور مرۃ بعد اولی پادرہوا ہونے کی کیفیت باوجود اسکے کہ وہ اعتراضات

کچھہ اِن حضرات کی تیزی طبع اور تتبع واستقرا کا نتیجہ نہین ہین اونکے جوابات متعددہ

شافیہ کافیہ کے دیکھنے والون پر کالنور علی قلل الطور ہے اور بحمد اللہ جو اعتراضات

کہ اِس جانب سے کئے جاتے وہ اکثر تو اپنے ہی مطالعہ ناقص کا نتیجہ ہوتے

اور اگر دیگر بزرگان سے قطع نظر کرکے افضل المتکلمین والمحدثین عمدۃ المجتہدین

المتقدمین والمتاخرین المشہور بطنطنۃ الفضل بین لابتی المشرقین سیدہم الاجل

جناب مولوی حامد حسین صاحب ہی کی کچھہ مختصر کیفیت بیان کی جاتی اور انہین کے

کتب شریفہ اور زبر لطیفہ یعنی عبقات و استقصاء کے کچھ اجمالی حالات تحریر
ہین آتے تو لاریب کہ اوسکے سُننے اور دیکھنے سے ان حضرات پر فسحت زمین
و آسمان تنگ ہو جاتی اور سوائے سر بگریبان ہونے کے کوئی دوسرا جواب نہ ملتا
اور جن حضرات نے کہ ورق کے ورق اون کتب کی مدح و ثنا مین سیاہ کیے تھے
جیسا کہ ناظرین سواطع الانوار پر مخفی نہین ہی اونکو سوائے اسکے کہ ایک وثیقہ
اِن کتب کی مردودیت و بے اعتباری کا تحریر فرمائین کوئی چارۂ کار نہوتا مگر
ہملوگون نے صرف اِسی خیال سے کہ ایک مبحث خاص کے اندر اجنبی تذکرہ
عمرو زید کا چھیڑنا کہ جسکو اوس بحث سے کچھ بھی تعلق نہو اور حدود مناظرہ سے
خارج ہونا عین فرار و گریز ہی ایسا نہین کیا تھا اور اسوقت بھی یہ خیال نہ تھا مگر
چونکہ مین سمجھتا ہون کہ شاید میرے اِس کلام کی تصدیق مین حضرات شیعہ کو
پورا پورا تامل و تردد ہو اور وہ لوگ خیال کرین کہ کیونکر ہو سکتا ہی کہ اتنا بڑا
علامہ اور ایسی فاش غلطیان کرے کہ جنکے جواب مین ہمکو سوائے سر بگریبان
ہونے کے اور کوئی چارۂ کار نظر نہ آوے لہذا مین بغرض شہادت صرف
دو ایک مقام کی کیفیت بیان کرتا ہون ناظرین بغور ملاحظہ فرماوین جناب
مولوی صاحب موصوف کا اکثر یہ قاعدہ ہی کہ کسی امر کی نسبت کتب اہلِ حق سے
ثابت کرنیکا دعوی فرماکر کتب اہلِ حق سے عبارت نقل فرماتے ہین اور اوسکا
مطلب اپنے مدعا کے موافق بیان فرماکر بہت اظہار فرح و سرور فرماتے ہین

اور عوام کے فریب دہی کے واسطے فرماتے ہین کہ یہ عبارت اس مدعا پر نص صریح ہی حالانکہ جو شخص کہ ذرا بھی عبارت عربی سمجھنے کی قوت رکھتا ہوگا وہ کسیطرح اوس عبارت سے اوس مضمون کو اخذ نکریگا چنانچہ استقصار کی بحث تحریف قرآن مین کہ جسکو اس کتاب کی بسم اللہ کہنا چاہیے اور جسمین مولویصاحب موصوف نے روایات اہلِ حق سے اثبات وقوع نقصان و حذف و اسقاط و تبدیل و تحریف قرآن کا دعوی فرمایا ہی چندروایتین نقل فرماکر جنکی عبارت یہ ہی لَمَّا کَتَبَ عُثْمَانُ الْمَصَاحِفَ لَمْ یَقْدِرْ اِلَّا عَلٰی مَاھُوَالْاٰنَ رقم فرماتے ہین این روایات نص صریح است برانکہ در سورۂ احزاب بزمان جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم دو صد آیہ بودو ہرگاہ حضرت عثمانؓ جمع مصاحف نمودند از آن ہمین قدر کہ در قرآن موجود ست نوشتند وباقی را ساقط فرمودند آب ناظرین ملاحظہ فرماوین کہ باقی را ساقط فرمودند یہ کس لفظ کا ترجمہ ہی اور روایات مذکورہ کے کس لفظ سے اسقاط کا مفہوم مستفاد ہوتا ہی کہ جسکی نسبت مولویصاحب موصوف فرماتے ہین کہ نص صریح است کیا لفظ لم یقدر کا ترجمہ یہ ہی کہ ساقط فرمودند پس بڑا تعجب ہی کہ جو شخص معمولی الفاظ کے ترجمہ مین غلطی کرے اور پھر اوسکو دعوی ہو کہ منتہی الکلام کا جواب لکھا استغفر اللہ اور اگر عمداً واسطے فریب دہی عوام کے یہ فعل کیا تو ایسے شخص کے اقوال پر کیا اعتماد ہوسکتا ہی اور اوسکی تصانیف کیونکر قابل لحاظ ہوسکتی ہین اور یہی باعث ہی کہ جو علماے اہلِ سنت مولویصاحب ممدوح کے ان مزخرفات کے جواب کیطرف متوجہ نہین ہوتے

اور نقل عبارت مین بہی اکثر خیانت فرماتے ہین اور یہ تو ایک ادنی سا کام ہی
کہ جس قدر عبارت کو کہ مفید مدعا پاتے ہین نقل فرماتے ہین اور باقی کو کہ جو مبطل
مدعا ہی ترک فرمادیتے ہین اور کاش کہ مولویصاحب نے یہ امور صرف اونہین کتب کی
نقل عبارت مین کئے ہوتے کہ جو کمیاب و نادر الوجود نہ سہی تو اسقدر کثیر الوجود
بہی نہوتین چنانچہ اسی کتاب کے مبحث احادیث مذمت ولد الزنا مین جہان
کہ عبد الکریم بن ابی المخارق کی توثیق کاشف سے نقل کی ہی وہان صرف
اسیقدر عبارت لکہی ہی عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ أَبِي الْمُخَارِقِ الْبَصْرِي أَبُو أُمَيَّةَ
الْمُؤَدِّبُ عَنْ أَنَسٍ وَالْحَارِثِ الْأَعْوَرِ وَسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَعَنْهُ
مَالِكٌ وَالسُّفْيَانَانِ مِنْ أَعْيَانِ التَّابِعِيْنَ اور اسکے بعد کی عبارت کہ جو
بالکل منافی مدعا تہی ترک فرمادی ہی چنانچہ وہ عبارت یہ ہی ضَعَّفَهُ
أَحْمَدُ وَغَيْرُهُ اور اسی مبحث مین جہان کہ ابو اسرائیل ملائی کی توثیق تقریب سے
نقل کی ہی صرف اسیقدر عبارت لکہی ہی إِسْمٰعِيلُ بْنُ خَلِيفَةَ الْعَبْسِيُّ
بِالْمُوَحَّدَةِ أَبُو إِسْرَائِيلَ الْمُلَائِيُّ الْكُوفِيُّ مَعْرُوفٌ بِكُنْيَتِهِ وَقِيلَ اِسْمُهُ
عَبْدُ الْعَزِيزِ صَدُوقٌ اور اسکے بعد کی عبارت کہ جو ہادم مدعا تہی بالکل ترک
فرمادی ہی چنانچہ وہ عبارت یہ ہی سَيِّئُ الْحِفْظِ نُسِبَ إِلَى الْغُلُوِّ فِي التَّشَيُّعِ
پس جب ایسی مشہور و معروف کتاب کی نقل عبارت مین یہ تصرف فرمایا
جاتا ہی تو اور دوسری کتابون کی نقل عبارت پر کہ جن کتب کے نام سے بھی

لوگ واقف نہین ہین کیونکر اعتماد کیا جا سکتا ہے۔ اور جناب مولوی صاحب موصوف کی دوسری کتاب یعنی
عبقات الانوار ان امور مین استقصار سے بدرجہا بڑھی ہوئی ہے بنا بر تمثیل ایک شاہد پر اکتفا کرتا ہون فان
الغرفۃ تنبی عن الغدیر والقذ یدل علی الکثیر کتاب مذکور اخیر جلد حدیث غدیر صفحہ ۱۴۸ کو ملاحظہ فرمایئے
کہ مولوی صاحب موصوف اَلَسْتُ اَوْلیٰ بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ کو جملہ خبریہ لکھتے ہین عبارت اونکی یہ ہے اما صدر
حدیث پس آن ہم جملہ خبریہ است انتہت اور یہ احتمال نہین ہو سکتا کہ صدر حدیث معلوم نہین کون جملہ ہے یہ کہان سے
ثابت ہوا کہ صدر حدیث سے مراد اونکی جملہ اَلَسْتُ اَوْلیٰ بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ ہے اسلیے کہ مولوی صاحب
ممدوح ہی نے جسکی عبارت نقل کی گئی چار سطر قبل فرماتے ہین و صدر حدیث غدیر یعنی قول آنحضرت اَلَسْتُ اَوْلیٰ
بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ حالانکہ اگر نحومیر خوان سے بھی پوچھا جاے کہ اَلَسْتُ اَوْلیٰ بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ
کیا ہے تو یہی جواب دیگا کہ جملہ انشائیہ ہے اور اگر اوسکے سامنے اسکے جملہ خبریہ ہونیکو بیان کیا جائے تو بے تامل گوئندہ کو
جاہل مطلق بتائیگا اور کہیگا کہ کیا جناب آپ کو یہ بھی نہین معلوم کہ اَلَسْتُ اَوْلیٰ بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ جملہ استفہامیہ ہے
اور استفہام صدق و کذب کا احتمال نہین رکھتا اور خبر مین یہ امر ضروری ہے اور یہ تقریر کچھ تصوری نہین بلکہ ایک طالب العلم نحومیر
خوان سے جو راقم کے پاس آمد و رفت رکھتے ہین اس جملہ کی نسبت پوچھا تھا انہونے یہی بیان کیا مکترین نے صرف اونہین
ایک دو شاہد پر اکتفا کی کہ جنکی خطای فاحش و غلط صریح ہونیکا کوئی مجادل بھی انکار نہین کر سکتا اسلیے
کہ اگر صرف اونہین امور کی فہرست لکھی جاوے جن امور پر یہ دونون کتابین مبنی ہین اور پھر اونکا فساد
و بطلان واضح کیا جائے اور شواہد و امثلہ کا نام تک نہ لیا جاوے تو ایک رسالہ مستقل اسی کیواسطے لکھنا چاہیے فقط

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِاَسَاتِذَتِیْ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اِنَّکَ سَمِیْعٌ مُجِیْبُ الدَّعَوَاتِ

فہرست مضامین کتاب نصرت غیبیہ

معذرت۔ حال اغلاط کاتبین و نظر اندازی مصححین معلوم ہی لہذا ناظرین کی خدمت مین گذارش ہی کہ طالب قرائن صحیحہ ہین اور اس معذرت کو قبول فرماوین۔

واضح ہو کہ کتاب ہذا حسب فرمایش خاص مولف طبع کی گئی ہی حق تالیف محفوظ ہی جن صاحب کو مطلوب ہو بارسال قیمت ۸ حسب نشانات مندرجہ طلب فرمائین

فہرست کتب موجودہ دکان محمد عبد اللہ تاجر کتب لکھنؤ چوک و مالک مطبع مجتبائی لکھنؤ

مائدۂ رحمت منان معروف بخوان نعمت کلان۔ ناظرین یہ نو تالیف جدید رسالہ جو انواع و اقسام کے کھانون اور پوری پکوان اور شیرینی اور حلوے اور تمام متعارف عمدہ اور اعلی و ادنی و اوسط ہر قسم کے طعام وغیرہ کی نہایت صحیح اور عمدہ ترکیب مین اس فن کے اعلے درجے کے کاریگرون سے دریافت کر کے لکھا گیا ہی اور روسا و امرا کے ملاحظے کے لائق بلکہ اس قابل ہی کہ تمام شائقین کے یہان اسکا ایک ایک نسخہ ضرور رہنا چاہیے بنظر کفایت خریداران قیمت فی جلد (عہ/)

تشریح الاجسام۔ فن جراحی مین تمام قسم کے پھوڑے اور پھنسیون کے علاج مین مع تصویر ہر مرض نہایت ہی جامع کتاب ہی۔ قیمت فی جلد ... ... (۸/)

فتوح الشام جسمین مجاہدین اسلام کی معرکہ ارائیان اور ہرقل شاہ روم سے مقابلہ اور افواج روم و شام سے مجادلہ اور فتح و نصرت اسلام کے حالات مرقوم ہین۔ قیمت (عہ/)

میزان الادویہ جسمین دواؤن کے مرکب کرنے اور مقدار شربت اور کیفیت کے درجے جاننے اور نکالنے کا بیان ہی۔ قیمت (۱/)

تفریح الخاطر کا اردو ترجمہ قیمت۔ (۸/)

جواہر الحروف۔ خواص حروف مین جامع کتاب ہی جسمین شرائط اعمال و خواص حروف مفرد و مرکب اور افسون بنانے کے قواعد اور ادعیہ و تاثیرین اور استخراج نام موکل کے طریقے نہایت آسان طور سے مندرج ہین قیمت (۲/)

شرح کلام ربانی۔ باحضرت سید محی الدین جیلانی فن تصوف مین عمدہ رسالہ ہی قیمت (۱۲)

تفریح الاذکیا۔ فی احوال الانبیا قیمت (۱۲)

شفاء الامراض اردو۔ مولفہ جناب حکیم نور کریم صاحب دریابادی جو علم طب کے بڑے اوستاد کامل تھے اسمین طریق تشخیص و علاج امراض و تشریح جملہ اعضا نہایت تفصیل سے مندرج ہی۔ قیمت ... ... (عہ/)

مجموعہ فسانہ جدید جسمین چار رسالے شامل ہین تعریف الخیل تدبیر الخیل علاج الخیل مفید الخیل قیمت ۸/

تدبیر العلاج۔ یونانی اور بیدک دونون کے کلیات اور مفردات و مرکبات اور معالجات و امور ضروری متعلق طب کا نادر مجموعہ ہی تمام اعضا کے امراض مین ہر عضو کی تشریح مفصل لکھی ہی فن طب مین بے مثل ہی۔ قیمت۔ (عہ/)

تریاق اعظم حکیم مرزا محمد علی صاحب و حکیم میر محمد صاحب مرتعش و جناب حکیم علی حسین صاحب و جناب حکیم کاظم علی صاحب برد اللہ مضجعہم کے مجربات اور مطب کے نسخون کا مجموعہ ہی جو طلبا کے لیے نہایت عمدہ دستور العمل ہی اور نہایت کار آمد ہی۔ قیمت۔ (عہ/)

تریاق اعظم حصہ دوم۔ یہ رسالہ حکیم سید محمد خان صاحب مرحوم موہانی کے مطب کے عمدہ نسخون کا مجموعہ ہی جسے مصنف نے نہایت کوشش سے جمع کیا ہی۔ قیمت۔ .. (۸/)

احسن الطلسمات۔ فن طلسم مین یہ ایسی نایاب کتاب ہی جسمین تعریف طلسم اور علم طلسم اور شرائط کواکب و بخورات متعلقہ طلسم اور منازل قمر اور منسوبات کواکب وغیرہ کے علاوہ ۵ کے طلسم ایسے مندرج ہین جو حصول جملہ مقاصد کے لیے عاملین کے نزدیک نہایت مجرب و آزمودہ ہین۔ قیمت (۸/)

اسرار الجفر مع رسالہ انوار القمر فن جفر کی معتبر کتاب ہی جسمین دو سو چھیاسی عمل تمام مقاصد کے لیے آیات قرانی سے استخراج کر کے علامہ نصیر الدین طوسی نے جمع فرمائے ہین اور انوار القمر مین عاملین کا مایہ کے مجرب آزمودہ نقوش ہر مطلب کے لیے مندرج ہین۔ قیمت ... ... (۸/)

معین العلاج جسکے دیکھنے سے طلبا کو نسخہ نویسی مین مدد کافی ملسکتی ہی اسکے مؤلف جناب حکیم محمد عبد الحکیم صاحب لکھنوی نے نہایت کوشش سے ہر درجے کی دوائین اور ادویہ مخصوصہ اعضا و امراض کتب معتبرہ سے اقتباس کر کے علحدہ علحدہ کر دیے ہین تاکہ طلبا کو اس فہرست کے ملاحظہ سے نسخہ نویسی مین جملے ادویہ مخصوصہ واجب الحفظ کی تلاش کرنے یا مطب اطبا نامی سے اقتباس کرنے کی ضرورت نرہے اور آخر مین مصطلحات ادویہ کا ایک جداگانہ نقشہ درج کیا ہی۔ قیمت۔ (۸/)

ترجمہ فصوص الحکم یہ کتاب لاجواب عربی زبان مین حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کی تالیفات سے ہی اور ہمیشہ اولیا اللہ کی تدریس مین رہی ہی اسمین پہلے حضرت مؤلف کے حالات لکھے ہین پھر اللہ تعالی کے اسما و صفات کا بیان ہی پھر اصل کتاب کا اردو ترجمہ ہی اور سب سے پہلے ایک مقدمہ جس مین بارہ فصلین ہین اور اسکے فصوص کا ذکر ہی قیمت (عہ/)

اعلان
واجب الاذعان

حضرات

ناظرین کی خدمت مین معروض ہی
کہ رسالۂ ہذا کو راقم نے بسعی و کوشش
و صرف زر کثیر طبع کرایا ہی لہذا کوئی صاحب
قصد طبع نفرمائین بغرض نفع معرض نقصان
مین نہ آوین ہان جسقدر جلدین مطلوب ہون راقم سے
یا مالک مطبع ہذا یا شیخ فیض بخش صاحب
تاجر چکن واقع گلی پارچہ سے
طلب فرماوین۔ فقط

المشتہر
کمترین خلیفہ محمد عبد الشکور عفا اللہ عنہ
مقیم لکھنو محلہ رانی کٹرہ